★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 18 جمادی الاول 1446ھ 22 نومبر 2024ء 6 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 37

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

لوئر کرم: مسافر گاڑیوں پر مسلح افراد کی فائرنگ 39 افراد جاں بحق

مسلح افراد نے پشاور سے پاراچنار جانے والے کانوائے میں شامل مسافر گاڑیوں کو نشانہ بنایا، مسافر گاڑیوں پر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی گئی نتیجے میں 38 افراد جاں بحق ہو گئے

فائرنگ کے باعث متعدد زخمیوں کی حالت نازک، اموات بڑھنے کا خدشہ ہے، ڈی پی او کرم، معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی

لوئر کرم (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں لوئر کرم کے علاقے اوچت میں مسلح افراد نے مسافر گاڑیوں پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی تعداد 39 ہو گئی جبکہ متعدد زخمی ہیں۔ مسلح افراد نے پشاور سے پاراچنار جانے والے کانوائے میں شامل مسافر گاڑیوں کو نشانہ بنایا، مسافر گاڑیوں پر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں 38 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہوئے ہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ایف بی آر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب کے 3 اضلاع میں رینجرز طلب

راولپنڈی، اٹک اور جہلم میں رینجرز کی تعیناتی کا فیصلہ ضلعی انتظامیہ کی سفارش پر کیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے پنجاب کے 3 اضلاع راولپنڈی، اٹک اور جہلم میں رینجرز طلب کر لیں۔ راولپنڈی اور اٹک میں رینجرز کے 2، 2 ونگز کی خدمات طلب کی گئیں جبکہ جہلم میں رینجرز کی 1 کمپنی تعینات کرنے کی سفارش کی گئی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا ابھی کوئی امکان نہیں، عطا تارڑ

مذاکرات ہوئے بھی تو پی ٹی آئی کے پرامن رہنے کی ضمانت کون دے گا؟

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا ابھی کوئی امکان نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابھی تک 9 مئی کے 8 مقدمات میں ان کی ضمانت نہیں ہوئی۔ وزیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

محسن نقوی ہو یا کوئی اور مذاکرات اس سے ہوں گے جو اسٹیبلشمنٹ سے ہو گا: بیرسٹر سیف

50 بندوں کیلئے پورے پاکستان کے کنٹینرز اسلام آباد پہنچا دیے گئے، پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ کر اپنے مطالبات منوائے گی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے ترجمان بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ ہماری اگر بات ہونی ہے اور ایک دو روز میں پیشرفت ہوئی تو چاہے وہ محسن نقوی ہوں یا کوئی اور ایسی شخصیت کے ساتھ بات ہو گی جو اسٹیبلشمنٹ سے منسلک ہو۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت احتجاج کی کال واپس لینے کا کہہ رہی ہے لیکن جب ہمیں نظر آئے گا کہ حکومت سنجیدہ ہے تو ہم احتجاج کی کال واپس لینے یا نہ لینے کے بارے میں غور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سنجیدہ ہے تو ہم پر مقدمات کو ختم کرایا جائے، الیکشن کا آڈٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

دھمکیاں، بات چیت ایک ساتھ ممکن نہیں، وزیر داخلہ

خاص دنوں میں ہی کیوں احتجاج کیا جاتا ہے؟ بیلاروس کا وفد آ رہا ہے، سکیورٹی دینی ہے، ہم کسی قسم کے جلسے، جلوس کی اجازت نہیں دے سکتے، عدالت کا جو بھی حکم ہو گا اس پر عمل درآمد کرائیں گے، ہم نے اسلام آباد کے شہریوں کو تحفظ دینا ہے

اگر یہ 24 نومبر کی دھمکی دیں گے تو کسی صورت مذاکرات نہیں ہوں گے، بانی پی ٹی آئی کو رہائی دینے کا اختیار میرے پاس نہیں عدالت کے پاس ہے، اپنے صوبے میں جس طرح مرضی احتجاج کریں، اسلام آباد نہیں، محسن نقوی کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ذاتی طور پر مذاکرات حق میں ہوں، دھمکیوں سے مذاکرات نہیں ہوتے، یہ دھمکیاں دیں اور بات چیت بھی کریں ایسا ممکن نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ خاص دنوں میں ہی کیوں احتجاج کیا جاتا ہے؟ چیف جسٹس کا جو بھی آرڈر ہو گا اس پر کہا کہ بیلاروس کا وفد آ رہا ہے، بیلاروس کے وفد کو سکیورٹی دینی ہے، ہم کسی قسم کے جلسے، جلوس کی اجازت نہیں دے سکتے، عدالت کا جو بھی حکم ہو گا اس پر عمل درآمد کرائیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

اسد قیصر نے 24 نومبر کے احتجاج کی حکمت عملی بتا دی

ہم سمجھتے ہیں ملک میں بالکل استحکام آنا چاہیے، اس وقت لاء اینڈ آرڈر چیلنجز کا سامنا ہے، میڈیا سے گفتگو

صوابی (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما و سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے پی ٹی آئی کے 24 نومبر کے احتجاج کی حکمت عملی بتا دی۔ صوابی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما تحریک انصاف اسد قیصر نے کہا ہے کہ 24 نومبر کے احتجاج کیلئے ہم نے حکمت عملی بنائی ہوئی ہے، پشاور، مردان، چارسدہ اور نوشہرہ کے کارکنان صوابی سے اسلام آباد جائیں گے، باقی اضلاع کے کارکنان مختلف روٹس سے ہوتے ہوئے اسلام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پیپلز پارٹی کا سی ای سی اجلاس ملتوی کر دیا گیا، ذرائع

بلاول بھٹو زرداری دبئی کے لیے روانہ ہو گئے، دبئی سے یورپ کے دورے پر بھی جائیں گے

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا رواں ماہ ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری دبئی کے لیے روانہ ہو گئے ہیں۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ بلاول بھٹو دبئی سے یورپ کے دورے پر بھی جائیں گے۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سی ای سی کا اجلاس بلاول بھٹو زرداری کی وطن واپسی پر ہو گا۔ سی ای سی اجلاس میں حکومتی اتحاد کے بارے میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔

گورنر سندھ 5 روزہ بیرون ملک دورے پر روانہ ہو گئے

کامران خان ٹیسوری برطانیہ اور یورپی ممالک کا دورہ، برطانیہ میں اہم شخصیات سے ملاقاتیں بھی کریں گے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری 5 روزہ دورے پر بیرون ملک روانہ ہو گئے ہیں۔ کامران خان ٹیسوری برطانیہ اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

اسلام آباد، وزیر داخلہ محسن نقوی سے برٹش پارلیمنٹیرین ملاقات کر رہے ہیں

ہائیکورٹس کے چیف جسٹس صاحبان کے صوابدیدی اختیارات کیخلاف آئینی درخواست قابل سماعت قرار

جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 6 رکنی آئینی بینچ نے میاں داؤد کی آئینی درخواست پر سماعت کی

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے میاں داؤد ایڈووکیٹ کی آئینی درخواست پر اعتراض ختم کر دیا

رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ سمیت تمام ہائیکورٹس کے رجسٹرارز کو رپورٹ جمع کرانے کا حکم

سابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی ریٹائرمنٹ سے 1 ماہ قبل جاری کئے گئے تمام نوٹیفکیشنز کا عدالتی جائزہ لیا جائے، میاں داؤد ایڈووکیٹ کی استدعا

لاہور (امداد اللہ قریشی، خبر نگار) ہائیکورٹس کے چیف جسٹس صاحبان کے صوابدیدی اختیارات کیخلاف آئینی درخواست قابل سماعت قرار دے دی گئی، سپریم کورٹ کے 6 رکنی آئینی بینچ نے میاں داؤد ایڈووکیٹ کی آئینی درخواست پر اعتراض ختم کر دیا اور رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ سمیت تمام ہائیکورٹس کے رجسٹرارز کو رپورٹ جمع کرانے کا حکم بھی دیا ہے اسکے ساتھ ساتھ چاروں صوبوں کے ایڈووکیٹ جنرلز کو بھی جوابات جمع کرانے کا حکم دیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 6 رکنی آئینی بینچ نے میاں داؤد ایڈووکیٹ کی آئینی درخواست پر سماعت کی میاں داؤد ایڈووکیٹ ویڈیو لنک پر سپریم کورٹ لاہور رجسٹری سے پیش ہوئے اس موقع پر جناب جسٹس امین الدین نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ یہ مفاد عامہ کا اہم معاملہ ہے، جناب جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ آپ صرف لاہور ہائیکورٹ کی بات کر رہے ہیں، باقی ہائیکورٹس میں شاید ایسا نہ ہوا ہو، اس موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف کھربوں روپے کے ٹیکس فراڈ کی نشاندہی کرنے والے افسر اعجاز حسین کو شیلڈ دے رہے ہیں

حسن نواز کا دیوالیہ پن 29 اپریل 2025 کو ختم ہو جائے گا

برطانوی محکمہ ٹیکس ایچ ایم آر سی اور حسن نواز کے درمیان ٹیکس کے تنازع کی رقم 10 لاکھ پاؤنڈ سے کم ہے

لندن (این این آئی) حسن نواز کا دیوالیہ پن 29 اپریل 2025 کو ختم ہو جائے گا، ترجمان برطانوی محکمہ ٹیکس کے مطابق تمام آپشنز ختم ہونے پر حسن نواز کو دیوالیہ قرار دینے کیلئے لندن ہائیکورٹ سے رجوع کیا گیا تھا۔ ترجمان برطانوی محکمہ ٹیکس نے بتایا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

آئینی بینچ، آڈیوز لیک کمیشن پر وفاقی حکومت سے رپورٹ طلب

اگر نیا کمیشن بنتا ہے تو یہ مقدمہ تو غیر مؤثر ہو جائے گا، جسٹس امین الدین خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے آڈیوز لیک کمیشن پر وفاقی حکومت سے رپورٹ طلب کر لی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے اٹارنی جنرل کو آڈیوز لیک کمیشن پر حکومت سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

آئینی بینچ: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی نااہلی کی درخواست خارج

آئینی بینچ نے مراد علی شاہ کو نااہل قرار دینے کی درخواست عدم پیروی پر خارج کی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی نااہلی سے متعلق درخواست خارج کر دی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں آئینی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ آئینی بینچ نے مراد علی شاہ کو نااہل قرار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

توہین الیکشن کمیشن کیس، عمران خان کو اگلی سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

آئندہ سماعت پر عمران خان کی ویڈیو لنک سے حاضری یقینی بنائی جائے، ممبر سندھ نثار درانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کو توہین الیکشن کمیشن کیس میں اگلی سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں بانی پی ٹی آئی کے خلاف توہین الیکشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پی ٹی آئی نے خود کو ٹی ٹی پی کا سیاسی ونگ ثابت کر دیا: عظمیٰ بخاری

9 مئی کا ماسٹر مائنڈ فیڈریشن کے خلاف ایک وزیر اعلیٰ کو مہرے کی طرح استعمال کر رہا، فتنہ پارٹی کے 90 فیصد لوگ 24 نومبر کے احتجاج کے مخالف ہیں

ریاست کو کمزور مت سمجھیں، ہمیں جتھوں، بلوائیوں کا علاج کرنا آتا ہے، بشریٰ بی بی کے آمرانہ اور تحقیر آمیز رویے سے ان کے ارکان میں پھوٹ پڑ چکی

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ ریاست کے خلاف الجہاد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

اسلام آباد وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے قزاکستان کے نائب وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی احتجاج، چیف سیکرٹری کے پی کو سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کی ہدایت

یقینی بنایا جائے احتجاج میں سرکاری مشینری استعمال نہ ہو، احتجاج میں سرکاری مشینری، سرکاری ملازمین کی شمولیت یا پیسہ استعمال نہیں ہو گا

وزارت داخلہ نے چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو خط لکھ دیا، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو خط وزارت داخلہ کے سیکشن افسر کی جانب سے لکھا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت داخلہ نے چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو پی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

United Nations Climate Change
COP29 Baku Azerbaijan

کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم کا صدر کوپ 29 کے ساتھ گروپ فوٹو

پی ٹی آئی کا احتجاج روکنے کیلئے راولپنڈی میں کنٹینرز کا جال بچھا دیا گیا، دفعہ 144 نافذ

راستوں کی بندش کے لیے راولپنڈی میں کنٹینرز لگنا شروع ہو گئے

راولپنڈی (این این آئی) پی ٹی آئی کے 24 نومبر کو احتجاج کو روکنے کیلئے پنجاب حکومت متحرک ہو گئی۔ راستوں کی بندش کے لیے راولپنڈی میں کنٹینرز لگنا شروع ہو گئے۔ احتجاج ناکام بنانے اور پی ٹی آئی کارکنان کو روکنے کیلئے فوارہ چوک اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

پی ٹی آئی مقبولیت کے باوجود حکومت مخالف تحریک منظم نہیں کر پائی: لیاقت بلوچ

ایک طرف احتجاج دوسری طرف حکومت سے رابطہ، کنفیوژن پیدا کر رہا ہے، بیان جاری

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف مقبولیت کے باوجود حکومت مخالف تحریک منظم نہیں کر پائی۔ ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ تحریک انصاف کا ایک طرف احتجاج دوسری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال تقریب؛ سے خطاب کر رہے ہیں

کے پی حکومت کا احتجاج کیلئے ریسکیو 1122 کی گاڑیاں لے جانے کا فیصلہ

گنڈاپور کی ہدایت ہے کہ 24 نومبر کو احتجاج کے لیے ریسکیو کی گاڑیاں پی ٹی آئی قافلوں کے ساتھ جائیں گی: مینا خان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی حکومت نے اس بار بھی احتجاج کیلئے ریسکیو 1122 کی گاڑیاں لے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن کے پی مینا خان نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں بتایا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کی ہدایت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

الیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی، بلاول بھٹو اور ایاز صادق کیخلاف درخواست دائر

لاہور (این این آئی) الیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی کے الزام میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ میں دائر کردہ درخواست میں الیکشن کمیشن، بلاول بھٹو اور سپیکر قومی اسمبلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

350 ارب روپے کے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز نیلام

نیلامی میں 300 ارب روپے کے پی آئی بیز فروخت کرنے کا ہدف تھا، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) حکومتِ پاکستان نے 350 ارب روپے کے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز نیلام کر دیے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ حکومت نے 350 ارب روپے مالیت کے پاکستان انوسٹمنٹ بانڈز نیلام کیے۔ اسٹیٹ بینک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

وزارت نے کسی نجی کمپنی کو پرائیویٹ حج بکنگ کی ابھی اجازت نہیں دی، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے متنبہ کیا ہے کہ وزارت نے کسی نجی کمپنی کو ابھی پرائیویٹ حج بکنگ کی اجازت نہیں دی ہے۔ وزارت مذہبی امور نے سوشل میڈیا پر آگاہی دیتے ہوئے عوام کو متنبہ کیا ہے۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

پنجاب میں مفت ایئر ایمبولنس سروس جاری، سروس کو 540 ڈالر فی گھنٹہ ادائیگی

ایئر ایمبولنس سروس اب تک 25 مریضوں کو کامیابی سے ہسپتالوں میں منتقل کر چکی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مفت ایئر ایمبولنس سروس جاری ہے اور سروس کو 540 ڈالر فی گھنٹہ کے حساب سے ادائیگی کی جا رہی ہے، ایئر ایمبولنس کے لئے 3 چھوٹے جہاز اور 2 ہیلی کاپٹروں کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ نجی ٹی وی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

حجاج کرام اب صرف 24 گھنٹے میں پاسپورٹس حاصل کر سکیں گے

حجاج کرام کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) حجاج کرام کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کر دیا گیا۔ حجاج کرام اب صرف 24 گھنٹے میں پاسپورٹس حاصل کر سکیں گے۔ ڈی جی پاسپورٹس کی جانب سے خصوصی ڈیسک قائم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

جلاؤ گھیراؤ کیس، عمران خان کا 5 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے 28 ستمبر کے جلاؤ گھیراؤ سے متعلق تھانہ نیو ٹاؤن میں درج مقدمہ نمبر 2831 میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا 5 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ جج محمد امجد نے اڈیالہ جیل میں کیس کی سماعت کی، بانی پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

Dissemination of NATIONAL ACTION PLAN FOR HEALTH SECURITY 2024 - 28
UK International Development

کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے ہیلتھ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جسٹس صلاح الدین پنہور کی جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری سے متعلق درخواستوں پر سماعت سے معذرت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری سے متعلق درخواستوں پر سماعت سے معذرت کر لی۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس صلاح الدین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

جیل میں قیدیوں کو صرف قواعد کے مطابق سزا دی جا سکے گی، محکمہ داخلہ پنجاب

سپرنٹنڈنٹ جیل یا کوئی افسر ضابطے کے برخلاف کسی قیدی کو سزا نہیں دے سکے گا، قواعد و ضوابط

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے جیل قوانین کی خلاف ورزی پر قیدیوں کی سزا کے قواعد و ضوابط جاری کر دیئے۔ جاری کیے گئے محکمہ داخلہ پنجاب کے قواعد و ضوابط کے مطابق جیل میں قیدیوں کو صرف قواعد کے مطابق سزا دی جا سکے گی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

تاجر برادری 24 نومبر کے احتجاج سے دور رہے، نعیم میر

تاجر اس احتجاج کی کسی سوشل میڈیا فورم پر تشہیر بھی نہ کریں، خود کو اور اپنی فیملیوں کو محفوظ رکھیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سپریم کونسل آل پاکستان انجمن تاجران نعیم میر نے کہا ہے کہ تاجر برادری 24 نومبر کے احتجاج سے دور رہے۔ اپنے ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ احتجاج پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے کیا جا رہا ہے، تاجر نہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

کسی اور پارٹی سے کھڑے ہوں تو شیر افضل مروت کونسلر بھی نہیں بن سکتے، شوکت یوسفزئی

شیر افضل کی بات پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، ہر ایک کا اپنا اپنا انداز ہوتا ہے لیکن باتیں ساری سیاسی ہوتی ہیں، بیان

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ کسی اور پارٹی سے کھڑے ہوئے تو شیر افضل کونسلر کی سیٹ بھی نہیں جیت سکیں گے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شیر افضل مروت کو پارٹی میں آئے کچھ وقت ہوا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

5 سالہ الیکٹرک وہیکلز پالیسی جاری، سرمایہ کاروں کو پرکشش مراعات دینے کا فیصلہ

ملک میں الیکٹرک گاڑیوں سے 2064 تک درآمدی بل میں 64 ارب ڈالر کی کمی آئے گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئندہ پانچ سال کیلئے الیکٹرک وہیکلز پالیسی 2025-30 جاری کر دی، نئی پالیسی کے تحت سرمایہ کاری پر پرکشش مراعات دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پاکستان میں 2030 تک 30 فیصد الیکٹرک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

صوبائی وزیر مواصلات نے محکمہ توانائی کی نیٹ زیرو انرجی بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھ دیا

کالج روڈ گلبرگ پر واقع سات کنال رقبے پر محیط نو منزلہ عمارت کو دو سال میں مکمل کیا جائے گا

سٹیٹ آف دی آرٹ عمارت سے گرین ہاؤس گیسز کا اخراج مجموعی طور پر 62 فیصد کم ہو گا

GROUNDBREAKING of ZERO ENERGY BUILDING BY ZAHID AKHTAR ZAMAN CHIEF SECRETARY, PUNJAB

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ محکمہ توانائی کی نیٹ زیرو انرجی بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے جمعرات کے روز محکمہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

حمزہ شہباز کو وزیر اعلیٰ کے عہدے سے ہٹانے کے معاملے پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو نوٹس

ہم پارلیمانی پارٹی کی ہدایات کے بجائے پارٹی ہیڈ کی ہدایات پر نظرثانی چاہتے ہیں، وکیل صفائی

اسلام آباد (این این آئی) آئینی بینچ نے حمزہ شہباز کو وزیر اعلیٰ کے عہدے سے ہٹانے سے متعلق نظرثانی کیس میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل و دیگر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

سرکاری اسکولز کے معیار کو اچھے نجی اسکولز سے بہتر کرنے کا عزم ہے، مریم نواز

پی ایس آر پی میں شامل سکولز میں 5 ہزار نئے کلاس رومز بنانے کی منظوری دی گئی، اسکولز کی تعمیر و مرمت کے لیے ریوالونگ فنڈ قائم کرنے کی تجویز پر بھی اتفاق

اجلاس کے دوران پڑھائی کے فروغ کے لیے سرکاری اسکولز میں موبائل بس لائبریری پراجیکٹ پر غور، جنوبی پنجاب کے 3 اضلاع میں سکول میل پروگرام پر رپورٹ پیش

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ سرکاری اسکولز میں یونیفارم کی پابندی کو یقینی بنایا جائے، سرکاری اسکولز کے معیار کو اچھے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

چائنا، پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

میاں بیوی کا خوبصورت رشتہ جوائنٹ فیملی سسٹم کی وجہ سے برباد ہو گیا، مولانا طارق جمیل

میاں بیوی کے رشتے کی اہمیت والدین اور اولاد سے زیادہ ہے، بیان، شائقین کے مختلف تبصرے

فیصل آباد (این این آئی) بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی اسلامک اسکالر مولانا طارق جمیل نے مشترکہ خاندانی نظام کی مخالفت کر دی جس پر مختلف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

وی پی این استعمال کرنے والے کو پکڑنا آسان نہیں ہو گا، سجاد مصطفیٰ

نیشنل سیکیورٹی کے مسائل صرف پاکستان کے نہیں، پورے دنیا کے ہیں، بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (پاشا) کے چیئرمین سجاد مصطفیٰ کا کہنا ہے کہ وی پی این استعمال کرنے والے کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

جنرل ہسپتال میں مخیر حضرات کے تعاون سے بنائے گئے سٹیٹ آف دی آرٹ مسافر خانے کا پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

جنرل ہسپتال میں لواحقین کیلئے 2 مسافر خانے قائم، پروفیسر الفرید ظفر نے افتتاح کیا

سٹ فین نصب، معیاری کھانوں کی فراہمی، 200 سے زائد تیماردار قیام کرسکیں گے: ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین

لاہور (خبر نگار) پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے مخیر حضرات کے مالی تعاون سے لاہور جنرل ہسپتال میں تعمیر کیے جانے والے سٹیٹ آف دی آرٹ دو مسافر خانوں کا افتتاح کر دیا ہے۔ مریضوں کے ہمراہ آنے والے تیمارداروں کو تیز دھوپ اور سخت سردی سے تحفظ کے ساتھ ساتھ موسمیاتی اثرات و سموگ سے بچاؤ کے لئے بھی یہ اقدام انتہائی معاون ثابت ہوگا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ معیاری اور جدید طرز کے مسافر خانوں میں سٹ فین بھی نصب کر دیے گئے ہیں جو سموگ کو کم کرنے کے ساتھ گرمیوں میں مسافر خانوں میں موجود لوگوں پر ٹھنڈی ہوا بھی پھینکیں گے۔ اس حوالے سے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فریاد حسین نے پرنسپل پی جی ایم آئی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہاں مریضوں کے 200 کے قریب تیماردار 24 گھنٹے قیام کرسکیں گے اور مناسب انداز میں اپنے مریض کی دیکھ بھال کرسکیں گے جبکہ ان مسافر خانوں کے باعث وارڈز اور راہداریوں میں موجود لوگوں کا رش بھی کم ہو جائیگا جس سے ہسپتال میں نظم و ضبط بحال رکھنے میں مدد ملے گی اور ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کے لئے بھی آسودگی کا باعث ہوں گے۔

فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر ریلوے کا لاہور تا ساہیوال سیکشن کا تفصیلی معائنہ

فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر ریلوے حماد حسن مرزا نے سٹیشنز پر سہولیات کو مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی

لاہور (صابر غوری) فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر ریلوے حماد حسن مرزا نے لاہور تا ساہیوال سیکشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے موقع پر ہیڈ کوارٹرز آفس سے ایڈیشنل جنرل مینیجر مکینیکل راحت مرزا، چیف آپریٹنگ سپرنٹنڈنٹ مریم گیلانی، چیف کمرشل مینیجر علی رضوان رضوی، چیف انجینئر اوپن لائن فرید احمد، چیف انجینئر ڈیزائن اینڈ پلاننگ اعجاز بجرانی سمیت دیگر شعبوں کے چیفز بھی فیڈرل انسپکٹر کے ہمراہ تھے۔ لاہور ڈویژن سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ فیڈرل انسپکٹر کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ریلوے ٹریک کو سیفٹی کے حوالے سے سٹینڈرڈ اور پیرامیٹرز کے مطابق چیک کیا گیا۔ انجینئرنگ اور ٹریفک کے گیٹس بھی سیفٹی اصولوں کے مطابق چیک کیا گئے۔ فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر نے سٹیشنز ریکارڈ سمیت آپریشنل ڈاکومنٹس کو بھی چیک کیا۔ اس کے علاوہ گیٹ ٹوٹنے کی صورت میں ہنگامی طور پر گیٹ محفوظ بنانے کی مشق بھی کی گئی۔ سٹوڈنٹس کی حفاظت اور سیفٹی کے حوالے سے یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے سامنے والا ایل خصوصی طور پر چیک کیا گیا۔ ٹریک کے نیچے سے گزرنے والے ڈرینج ایریا کا بھی معائنہ کیا گیا۔ سیفٹی کے حوالے سے متعلقہ سٹاف سے ریلوے رولز کے مطابق سوالات بھی کیے گئے۔ اچھی کارکردگی پر سٹاف کو انعامات جبکہ ناقص کارکردگی پر سرزنش کی گئی۔ علاوہ ازیں سٹیشنوں پر مسافروں کیلئے دستیاب سہولیات کا بھی معائنہ کیا گیا۔ فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر ریلوے نے سٹیشنز پر سہولیات کو مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی۔

Chiesi
WORLD COPD DAY NOVEMBER 2024
21 NOV
سی او پی ڈی پھیپھڑوں کا دائمی مرض ہے۔
اور دنیا بھر میں موت کی تیسری بڑی وجہ ہے۔
Know Your Lung Function
November 20, 2024 | www.goldcopd.org

گلاب دیوی ہسپتال لاہور کے زیر اہتمام پھیپھڑوں کی دائمی بیماری سی او پی ڈی کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کی قیادت پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن کر رہے ہیں

گلاب دیوی ہسپتال میں COPD کے عالمی دن پر سیمینار و آگاہی واک

واک کی قیادت ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر حامد حسن نے کی

گرد و غبار و غیر شفاف آب و ہوا پھیپھڑوں کی بیماری کا باعث بن سکتی ہے، پروفیسر حامد حسن

لاہور (خبر نگار) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال لاہور کے زیر اہتمام COPD پھیپھڑوں کی دائمی بیماری کے متعلق عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ واک کی قیادت ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر حامد حسن نے کی۔ پروفیسر حامد حسن کا کہنا تھا واک کا مقصد لوگوں میں آگاہی پیدا کرنا ہے صاف ہوا میں سانس نہیں لیں گے یا گرد و غبار سے نہیں بچیں گے تو آپ پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں جس کی وجہ آپ کے روزمرہ کے کام متاثر ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر حامد حسن نے مزید کہا کہ پھیپھڑوں کی دائمی بیماری کا علاج بہت مشکل ہے یہاں تک کہ مریض موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔ اگر ایک فرد کو لگاتار کھانسی ہے رات کو نیند نہیں آتی اور تھوڑا سا بھی چلنے میں سانس لینے دشواری ہو رہی ہے تو اس کو فوری اپنے معالج سے مشورہ کرنا چاہیئے تاکہ اس بیماری کی تشخیص ہو سکے۔ اگر پھیپھڑوں کی دائمی بیماری میں مبتلا شخص لاپرواہی کرے تو اس کو آکسیجن کی ضرورت پڑ سکتی ہے یہاں تک کہ آکسیجن کا استعمال ساری زندگی کے لیے کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس موقع پر پروفیسر ظہیر اختر کا کہنا تھا کہ سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں کیونکہ سگریٹ پینے والے کے پھیپھڑے تو متاثر ہوتے ہی ہیں بلکہ اس کے دھوئیں سے اردگرد کے افراد بھی متاثر ہوتے ہیں۔ پروفیسر ظہیر اختر کا مزید کہنا تھا کہ سموگ کی وجہ سے جن کو پہلے سے پھیپھڑوں کی بیماری ہے تو ان کو زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ سموگ کی وجہ سے ان کی بیماری بڑھ سکتی ہے اور ان کو ہسپتال میں داخل کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس موقع پر ڈی ایم ایس گلاب دیوی ہسپتال ڈاکٹر عرفان ملک۔ ڈاکٹر سید اویس۔ ڈاکٹر فیصل۔ ڈاکٹر ثاقب مشرف کے علاوہ ڈاکٹرز۔ طلبہ۔ نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع سے سنگین جرائم کے خاتمے کا مشن تکمیل کی جانب گامزن

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر قیادت لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع سے سنگین جرائم کے خاتمے کا مشن تکمیل کی جانب گامزن ہے اور پنجاب پولیس صوبہ بھر میں خطرناک مجرمان کی سرکوبی کیلئے مصروف عمل ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال کے دوران جرائم کی سنگین وارداتوں میں ملوث 6065 گینگز کا خاتمہ کیا گیا۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں کریمنل گینگز کے 15 ہزار 136 مجرمان گرفتار کیے گئے، مجرمان کے قبضہ سے 06 ارب 44 کروڑ روپے سے زائد پراپرٹیز (مال مسروقہ) برآمد کیا گیا۔ مال مسروقہ میں 1729 گاڑیاں، 17038 موٹر سائیکلیں، 2356 تولے سونا، 10594 موبائل فونز، 5697 مال مویشی برآمد کر کے مالکان کے حوالے کیے گئے جبکہ مختلف وارداتوں میں مطلوب مجرمان سے 06 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد کیش برآمد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی دارالحکومت میں 3388 گینگز کا خاتمہ کیا گیا۔

الحاج محمد علی ظہوری قصوریؒ کے آبائی گاؤں موضع آرائیاں کی ابتر صورتحال

علاقہ مکین پینے کے صاف پانی، صحت و صفائی جیسی بنیادی سہولیات سے محروم، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اور سیوریج کا پانی کھڑا ہونے لگا

عوام الناس خصوصاً سکول کو جانے والے طلباء کیلئے شدید مشکلات، مین بازار آرائیاں و محمد علی ظہوری روڈ کئی عشروں سے تباہ حالی کا شکار



لاہور (سٹاف رپورٹر) عالم اسلام کے عظیم نعت گو شاعر و نعت خواں حسان پاکستان، صدارتی ایوارڈ یافتہ الحاج محمد علی ظہوری قصوریؒ کے آبائی گاؤں موضع آرائیاں رائیونڈ روڈ لاہور کی ابتر صورتحال۔ حکومت پنجاب ہر طرف فنڈز مہیا کر رہی ہے مگر افسوس اس علاقے کو دینے کے لیے اُنکے پاس کچھ نہیں ہے۔ علاقہ مکین پینے کے صاف پانی، صحت و صفائی جیسی بنیادی سہولیات سے محروم۔ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اور سیوریج کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے عوام الناس خصوصاً سکول کو جانے والے طلباء کیلئے شدید مشکلات۔ آرائیاں کے دونوں مین راستے (مین بازار آرائیاں و محمد علی ظہوری روڈ) کئی عشروں سے تباہ حالی کا شکار۔ مین بازار آرائیاں والے راستے پہ ہر روز سیوریج کا پانی کھڑا رہتا ہے جسکی وجہ سے نمازی حضرات جامع مسجد گلزار مدینہ آرائیاں تک بہت مشکل سے پہنچتے ہیں جبکہ دوسرا مین راستہ "محمد علی ظہوری روڈ" بالکل تباہ ہو چکا ہے مزید لوگوں نے اس پہ ملبہ ڈال ڈال کر بیڑہ غرق کر دیا ہے جبکہ کئی سالوں سے اس روڈ کی تعمیر کیلئے فنڈز مختص کیے جا چکے ہیں۔ لیکن لگائے نہیں جا رہے۔ ارباب اقتدار سے اپیل ہے کہ اس علاقے کی طرف خصوصی توجہ دی جائے اور بنیادی سہولیات سے محروم رہائشیوں کیلئے صحت، صفائی، صاف پانی کی فراہمی، سیوریج سسٹم کی بحالی و محمد علی ظہوری روڈ کی تعمیر جیسی ضروریات کو پورا کیا جائے۔

ہیلتھ ویک کا دوسرا روز، خواجہ عمران نذیر کی ٹی ایچ کیو ہسپتال امد، ہیلتھ ویک کیمپ کا افتتاح کیا

لاہور (خبر نگار) لاہور سمیت پنجاب میں ہیلتھ ویک کا دوسرا روز، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر کی ٹی ایچ کیو ہسپتال کاہنہ آمد۔ خواجہ عمران نذیر نے کاہنہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں بھی ہیلتھ ویک کیمپ کا افتتاح کیا۔ صوبائی وزیر صحت ہیلتھ ویک کیمپ میں تمام کاونٹرز پر گئے۔ بلڈ سکریننگ، ٹی بی، شوگر اور حاملہ خواتین کے کاونٹرز پر مریضوں سے طبی سہولیات کا پوچھا۔ انہوں نے ویکسینیشن اور کاونسلنگ کاونٹرز پر بھی طبی عمل کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام ہسپتالوں میں قائم ہیلتھ کیمپوں میں مریضوں کی بلڈ سکریننگ کی جارہی ہے۔ ان مریضوں کی بلڈ سکریننگ سے مختلف بیماریوں کا ڈیٹا حاصل ہوگا۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ شوگر کے مریض بچوں کی سکریننگ کے بعد اُنکے گھروں میں گلوکومیٹرز، سٹرپس اور انسولین مفت فراہم کی جائے گی۔ شوگر کے بچوں کو مفت انسولین کی فراہمی کا پروگرام بھی انقلابی اقدام ثابت ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ تمام ہسپتالوں میں ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر سٹاف کی کمی پورا کرنے کے لئے جلد بھرتی کا عمل شروع کریں گے۔

وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت ٹی ایچ کیو ہسپتال کاہنہ میں ہیلتھ ویک کیمپ کا افتتاح کر رہے ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پروگرام کے تحت 18 جامعات اور سکولز کے اساتذہ نے تربیت حاصل کی

یونیورسٹی آف ایجوکیشن اور برمنگھم یونیورسٹی، برطانیہ کے تعاون سے اساتذہ کو جدید مہارتیں سکھانے کا تربیتی پروگرام اختتام پذیر

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ایجوکیشن نے برمنگھم یونیورسٹی، برطانیہ کے تعاون سے "عالمی شہریت کا فروغ: اساتذہ کو پاکستان میں تبدیلی کے عوامل کے طور پر بااختیار بنانا" کے عنوان سے اپنا مسلسل پیشہ ورانہ ترقی کا پروگرام (سی پی ڈی) مکمل کرلیا۔ یہ منصوبہ برمنگھم انسٹیٹیوشنل امپیکٹ فنڈ کی مالی معاونت سے مکمل کیا گیا اور معتبر کمیونٹی پارٹنرز بشمول اکیڈمک لیڈرشپ انوویشن فرم (ALIF)، اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب، علی انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن (AIE) اور دی نارتھ آف دی آرٹ اکیڈمی، لاہور کے تعاون سے پایہ تکمیل تک پہنچا۔ اس منصوبے کی قیادت ڈاکٹر جینگ تیان (ایسوسی ایٹ پروفیسر برائے تعلیمی قیادت، ڈائریکٹر گلوبل انگیجمنٹ، کالجز آف سوشل سائنسز، برمنگھم یونیورسٹی، برطانیہ) نے کی، جبکہ اس میں معاون قیادت ڈاکٹر نعیمہ قریشی (اسسٹنٹ پروفیسر برائے تعلیم، یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور) تھیں۔ مذکورہ پروگرام کے تحت 18 مختلف اسکولوں اور یونیورسٹیوں سے تعلق رکھنے والے 65 پیشہ ور اور تربیت یافتہ اساتذہ کو جدید معلومات، مہارتوں، اقدار، رویوں اور تدریسی طریقوں سے آراستہ کیا گیا تاکہ وہ عالمی شہریت کی تعلیم کو مؤثر انداز میں آگے بڑھا سکیں۔ ان اساتذہ نے نہ صرف خود اس تعلیم کو اپنایا بلکہ مقامی اسکولوں اور کمیونٹیز میں طلبہ کے لیے عالمی شہریت کے منصوبے اور تدریسی منصوبے بھی تیار کیے۔ 2024 کے دوران، تقریباً 750,9 طلبہ نے اس منصوبے کے ذریعے اپنی عالمی مہارتوں میں اضافہ کیا۔ ایک اندازے کے مطابق مستقبل میں ہر سال 000,12 سے زائد طلبہ اس منصوبے سے مستفید ہوں گے۔ اختتامی تقریب کے دوران اپنے تہنیتی پیغام میں ڈاکٹر جینگ تیان (پراجیکٹ لیڈ، برمنگھم یونیورسٹی، برطانیہ) اور ڈاکٹر نعیمہ قریشی (شریک پراجیکٹ، یونیورسٹی آف ایجوکیشن) نے اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا اور تمام شریک اساتذہ اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران منتظمین کے ہمراہ عرس خادم حسین رضوی کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

خادم حسین رضوی کا سالانہ عرس، 4 ایس پیز کی سربراہی میں 18 سو سے زائد پولیس اہلکار تعینات

ڈی آئی جی آپریشنز کا چوک یتیم خانہ اور ملحقہ علاقوں کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) خادم حسین رضوی کے عرس کے تیسرے دن ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے چوک یتیم خانہ، ملتان روڈ، اور اطراف کے علاقوں کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے عرس کے سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران، پولیس جوانوں، اور انتظامیہ سے ملاقات کی۔ فیصل کامران نے عرس کے داخلی پوائنٹس پر شرکاء کی چیکنگ کے عمل کا معائنہ کیا اور جوانوں کو مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ عرس میں شریک افراد کو مکمل تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ شرکاء کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے گئے ہیں۔ عرس کی سیکورٹی کے لیے 4 ایس پیز کی سربراہی میں 1800 سے زائد پولیس اہلکار تعینات ہیں۔ جو تین شفٹوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو، اور دیگر گشت کرنے والی ٹیمیں یتیم خانہ اور اس سے ملحقہ شاہراؤں پر گشت یقینی بنا رہی ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے یقین دلایا کہ عرس کے اختتام تک پلان کے مطابق سخت سیکورٹی انتظامات جاری رہیں گے، تاکہ شرکاء مکمل اطمینان اور تحفظ کے ساتھ عرس میں شرکت کر سکیں۔

یاتریوں نے سکھ مذہبی مقامات پر بہترین سکیورٹی انتظامات کی تعریف کی

سکھ قوم پاکستانیوں سے دلی محبت کرتی ہے، لاہوریوں کی بھرپور مہمان نوازی نے دل جیت لیے، سکھ یاتری

لاہور (خبر نگار) سکھ یاتریوں کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وفد میں امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ سے آئے سکھ یاتری شریک تھے۔ آپریشن کمانڈر محمد شفیق نے سکھ یاتریوں کے وفد کا استقبال کیا اور وفد و سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا گیا۔ یاتریوں نے سکھ مذہبی مقامات پر بہترین سکیورٹی انتظامات کی تعریف کی۔ سکھ یاتریوں نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ سکھ قوم پاکستانیوں سے دلی محبت کرتی ہے، لاہوریوں کی بھرپور مہمان نوازی نے دل جیت لیے۔ پاکستان میں بہت عزت و احترام ملا ہے جس پر شکر گزار ہیں۔ سیف سٹی لاہور آ کر ہمارا بار بار یہاں آنے کو دل چاہتا ہے۔ جو مان سمان اور پیار ہمیں پاکستان آ کر ملا وہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ گردواروں کی بہترین دیکھ بھال پر پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر شہر بھر سے جھگیوں کے انخلاء کا آپریشن جاری

لاہور (خبر نگار) اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال زون خواجہ محمد عمیر کی قیادت میں جھگیوں کا خاتمہ کیا گیا۔ ایل ڈی اے اور ایم سی ایل نے ٹیموں کی نشاندہی کے بعد جوہر ٹاؤن کے چار بلاکس کا سروے کیا۔ این بلاک سے 10 جھگیوں کو ختم کروایا گیا ہے اور لگ بھگ 50 جھگیوں پر کام جاری ہے۔ ایکسپو ریم کے عقب میں مقیم خانہ بدوشوں کو اتوار تک کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے اور خانہ بدوشوں کو متبادل جگہ موہلنوال منتقل کیا جا رہا ہے۔ شہری آبادی سے خانہ بدوشوں کے لئے خیمہ بستی باقاعدہ طور پر موہلنوال بنائی جارہی ہے۔ خیمہ بستی بنانے کا مقصد خانہ بدوشوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن نے ڈائریکٹر ہاؤسنگ کو چند سٹرکچرز کو مسمار کروانے کی ہدایت کی لاہور: غیر قانونی طور پر تجاوزات قائم کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

اظہار تشکر



لاہور (شہباز بھٹی سے) یوسی 177-تیز گڑھ کے محمد نعیم۔ اور اتو کے اخوان کے میر مختار صاحب نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کے ڈی جی ایم ایس صاحب۔ نعمان صاحب۔ زیڈ او نصیر صاحب سپروائزر یوسی 177 کا نئے ڈرم رکھوانے پر نئی ریڑھیاں دلوانے پر نئے ورکر لگوانے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔

ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی انجمن تاجران سے ملاقات

تھانہ مغلپورہ/ گن پوائنٹ پر ڈکیتیاں کرنے والا 2 رکنی گروہ گرفتار

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) ملزمان گن پوائنٹ پر شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فون لے کر فرار ہو رہے تھے جنہیں 15 کی کال پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے موقع پر گھیرا ڈال کر گرفتار کر لیا گیا ملزمان کے قبضہ سے 2 موٹر سائیکلیں، 2 موبائل فون جبکہ مزید تحقیقات کے بعد مزید 3 موبائل فون اور 50 ہزار روپے نقدی رقم برآمد، ترجمان پولیس ملزمان رات کے اندھیرے میں تاجران کو لوٹا کرتے تھے اور پہلے بھی متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ترجمان پولیس ملزمان کے خلاف تھانہ مغلپورہ میں مقدمات درج مزید تفتیش کے لیے حوالہ انویسٹیگیشن ونگ کر دیا گیا ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان نے انجمن تاجران سے ڈکیتی میں لوٹا گیا مال ان کے حوالہ کیا انجمن تاجران نے ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان اور ایس ایچ او تھانہ مغلپورہ نسیم خان کا پھولوں کے ہار اور گلدستوں سے اظہار تشکر کیا ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی ایس ایچ او تھانہ مغلپورہ نسیم خان اور پولیس ٹیم کو شاباش اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان سٹریٹ کرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات ہیں، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین زمیداری ہے، ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات پیف ملازمین کے لیے حج بیت اللہ کی قرعہ اندازی کر رہے ہیں

صوبائی وزیر تعلیم کا پیف کے ایک ملازم کے اخراجات اپنی جیب سے ادا کرنے کا اعلان

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ملازمین کو حج پر بھجوانے کیلئے قرعہ اندازی تقریب کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) پانچ ملازمین آئندہ سال حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کریں گے اس سلسلے میں آج پیف ہیڈ آفس میں قرعہ اندازی کی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات تھے۔ تقریب میں چیئرمین پیف ملک شعیب اعوان اور مینجنگ ڈائریکٹر پیف شاہد فرید نے خصوصی شرکت کی۔ قرعہ اندازی کی تقریب میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ملازمین کی کثیر تعداد موجود تھی۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے قرعہ اندازی کے ذریعے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے پانچ خوش نصیب ملازمین کے نتائج کا اعلان کیا یہ پانچ خوش نصیب ملازمین پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے خرچے پر حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کریں گے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے اعلان کیا کہ وہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایک ملازم کے حج بیت اللہ کے اخراجات اپنی جیب سے ادا کریں گے۔ نتائج کے مطابق عائشہ دلاور (ماسٹر ٹرینر)، تبسم عبدالستار (اسسٹنٹ ڈائریکٹر) محمد اسماعیل (مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن آفیسر)، محمد نواز (مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن آفیسر)، مقصود احمد (ڈرائیور) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے خرچے پر حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کریں گے۔

لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سننے اور موقع پر ہی احکامات جاری کیے

لاہور (خالد صدانی سے) لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری انچارج انویسٹی گیشنز اور تفتیشی افسران کی شرکت کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مسائل سے ایس ایس پی انویسٹی گیشن کو آگاہ کیا گیا ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی احکامات جاری کیے تفتیشی افسران کو میرٹ پر مقدمات کی یکسوئی کی سخت ہدایات، مقدمات کی تفتیش کے حوالے سے عوام الناس کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے گا شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے شہریوں کو فوری اور بروقت انصاف کی فراہمی سے ہی امن و امان کا قیام ممکن ہے، شہریوں کیساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، ایس ایس پی محمد نوید

پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات 26-2024 کیلئے مقرر کردہ الیکشن کمیشن کے متضاد موقف سامنے آ گئے

لاہور (خبر نگار) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات 26-2024 کیلئے مقرر کردہ الیکشن کمیشن کے متضاد موقف سامنے آ گئے۔ ذرائع کے مطابق پہلے موقف کے مطابق انتخابات کا مرحلہ 30 ستمبر کو مکمل ہو چکا ہے اور رولز کے تحت نیا الیکشن کمیشن تشکیل دیا جانا ضروری ہے۔ جبکہ اگلے ہی روز عباس سرفراز خان کو غیر قانونی الیکشن شیڈول کے تحت، خیبر پختونخوا ریجن کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ممبر ہے بغیر ایسوسی ایشن کا منتخب چیئرمین قرار دے دیا گیا۔ یاد رہے کہ ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اکثریتی ممبران نے DGTO کے 15 نومبر 2024 کے فیصلے کے خلاف نوٹیفائیڈ کابینہ کمیٹی میں اپیل دائر کر دی ہے۔

بادشاہی مسجد کی کنزرویشن اینڈ ریسٹوریشن کا کام مبلغ 350 ملین سے پایہ تکمیل تک پہنچے گا

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اور کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران، ڈپٹی کمشنر لاہور سیّد موسیٰ رضا اور خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد کے ہمراہ بادشاہی مسجد کا دورہ کیا

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اور کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران، ڈپٹی کمشنر لاہور سیّد موسیٰ رضا اور خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد کے ہمراہ بادشاہی مسجد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر زائرین و نمازیان کی سیکورٹی، آمد و رفت، جاری تعمیراتی و ترقیاتی امور اور بالخصوص نئی تشکیل شدہ تبرکات گیلری سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بادشاہی مسجد مسلم طرز تعمیر کا شہکار اور عظیم دینی مرکز ہے۔ نمازیوں کی آمد و رفت میں کسی نوعیت کی بھی دقت پیدا نہیں ہونے دی جائے گی۔ امور دینیہ کی بجا آوری اور بالخصوص نماز پنجگانہ کی ادائیگی کے لیے ہر طرح کی انتظامی اور حفاظتی ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تبرکات مقدسہ اُمت مسلمہ کا اثاثہ ہیں، ان کی سیکیورٹی بین الاقوامی معیار کی حامل ہوگی۔ مستقل سیکیورٹی سسٹم اور سٹاف کے علاوہ اسے سیف سٹی کے ساتھ بھی منسلک کیا جائے گا۔ تبرکات کی دیکھ بھال اور حفاظت کے لیے سیکیورٹی مینجمنٹ کا الگ یونٹ تشکیل دیا جائے گا اور نئی تبرکات گیلری کی شفٹنگ کے لیے قواعد و ضوابط پر پوری طرح عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ واضح رہے کہ بادشاہی مسجد میں بین الاقوامی معیار کی حامل نئی تبرکات گیلری کی تعمیر و تشکیل کا کام تیزی سے جاری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق تبرکات گیلری مسجد کے جنوبی سمیت کے برآمدوں میں قائم کی گئی ہے۔ جس میں محکمہ اوقاف بطور سپانسرنگ ایجنسی، اس پراجیکٹ کی مانیٹرنگ کر رہی ہے، جبکہ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی اس کی ایگزیکیوٹنگ ایجنسی ہے۔ سیکیورٹی پریزرویشن اینڈ اپ کیپ آف ہولی ریلکس بادشاہی مسجد" کے نام سے 60.68 ملین مالیت کی، اس اسکیم اور پراجیکٹ کے سکوپ آف ورک میں کنزرویشن، الیکٹریکل ورک، ایڈوانسڈ فائر الارم سسٹم، ٹرائی پاڈ ٹرانسٹائل، برگلر کلیم سسٹم اور ایئر کنڈیشننگ سمیت انٹرنیشنل سٹینڈرڈز کے حامل و دیگر جدید ترین سسٹم شامل ہیں۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، کمشنر لاہور زید بن مقصود، ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران، خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد، ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا اور دیگر کا بادشاہی مسجد کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ظفروال پاسپورٹ آفس کی بے حسی: 6 ماہ سے پاسپورٹ نہ مل سکے شہری ذلیل و خوار

ویزے ایکسپائر ہونے لگے

ارجنٹ، ایگزیکٹو اور فاسٹ ٹریک پاسپورٹ کیلئے بھاری فیسیں بھرنے والے بھی رل گئے ہیں۔ متاثرین بیرون ملک روزگار اور تعلیم خطرے میں پڑنے کی دہائیاں، نوٹس لیا جائے شہری

ظفروال (زاہد چوہدری سے) بھاری فیسیں ادا کرنے کے باوجود پاسپورٹ کے حصول کیلئے شہری رل گئے ہیں۔ درخواست گزاروں کا کہنا ہے کہ کئی کئی ماہ سے چکر لگا رہے ہیں لیکن پاسپورٹ کا حصول ناممکن ہوگیا ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانی تک پریشان ہیں۔ ارجنٹ، ایگزیکٹو اور فاسٹ ٹریک پاسپورٹ کیلئے بھاری فیسیں بھرنے والے بھی رل گئے ہیں۔ متاثرین بیرون ملک روزگار اور تعلیم خطرے میں پڑنے کی دہائیاں دے رہے ہیں۔ نیا پاسپورٹ بنوانا ہو یا پھر پرانے کی تجدید درکار ہو، شہریوں کیلئے اس حق کا حصول انتہائی دشوار ہوگیا ہے۔ نارمل کیسز ہوں یا پھر بھاری فیسوں والے ارجنٹ، ایگزیکٹو اور فاسٹ ٹریک کا معاملہ، پاسپورٹ آفس کا بیک لاگ طویل سے طویل ہوتا جا رہا ہے۔ وفاقی دارالحکومت سمیت پورے ملک میں پاسپورٹ کیلئے درخواست دینے والے مہینوں سے خوار ہو رہے ہیں، بیرون ملک روزگار یا تعلیم کے مواقع بچانے کیلئے مجبوراً بھاری فیسیں بھرنے والوں کو بھی پاسپورٹ نہیں بلکہ تاریخ پر تاریخ مل رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ویزے کی پرابلم الگ ہے۔ ہمارا ویزا ایکسپائر ہو جائے گا۔ ہم نے ارجنٹ پاسپورٹ جمع کرایا تھا آج ملنا تھا صبح سے آئے ہوئے ہیں ابھی تک نہیں ملا، اب کہہ رہے ہیں کہ بعد میں آئیں یا کل آ کر پتہ کریں۔ ٹوکن نمبر 16611001176 کے سائل نے بتایا کہ اس نے 2024/08/13 کو ارجنٹ فیس جمع کروائی جوکہ پاسپورٹ 5 ورکنگ ڈیز میں ملنا تھا لیکن تاحال نہ مل سکا ہے۔ اسی طرح ٹوکن نمبر 16611000212 نے 14/05/2024- ٹوکن نمبر 16611000587 نے 14/06/2024- ٹوکن نمبر 16611000585 نے 2024/06/14 اور ٹوکن نمبر 16611000586 نے بھی 2024/06/14 کو ظفروال ضلع نارووال سینٹر سے درخواستیں جمع کروائیں جوکہ 21 ورکنگ ڈیز میں پاسپورٹ ملنے تھے جو تاحال نہیں مل سکے۔ سائلین کا کہنا ہے کہ پاسپورٹ آفس والے کل کل کے چکر 5/6 ماہ سے ذلیل و رسواء کر رہے ہیں۔ سائلین نے حکام بالا سے فوری نوٹس لے کر پاسپورٹ جاری کرنے کا پرزور مطالبہ کیا ہے

شیخوپورہ: شہر میں بیت الخلاء کی بنیادی سہولت بھی مفت میسر نہیں

پبلک/تجارتی مراکز پر تعمیر کی پابندی سے بیت الخلا کمائی کا ذریعہ بن گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شہر بھر میں بیت الخلاء کی بنیادی سہولت بھی پیسوں کی ادائیگی کے بغیر ممکن نہیں رہی حکومت و ضلعی انتظامیہ کی طرف سے پبلک مقامات اور تجارتی مراکز کے قریب بیت الخلاء تعمیر کرنے کا سلسلہ بند کر دیئے جانے کے باعث بیت الخلاء کے استعمال کو کمائی کا ذریعہ بنانے والوں کی چاندی ہوگئی ہے شہر کے مختلف مسافر اڈوں و ہوٹلز اور تجارتی مراکز کے قریب لوگوں نے بیت الخلاء تعمیر کر کے ان کی عمومی دیکھ بھال کیلئے مسیحی برادری کے کسی فرد کی خدمات حاصل کر رکھی ہیں جو بیت الخلاء استعمال کرنے والوں سے 20 سے 50 روپے تک وصول کرتے ہیں اسی طرح بعض مساجد کے بیت الخلاء بھی کمرشل ہو چکے ہیں جنہیں نمازوں کے اوقات کے علاوہ استعمال کرنے پر شہریوں کو پیسے ادا کرنا پڑتے ہیں حالانکہ یہ بنیادی سہولت فراہم کرنا حکومت و ضلعی انتظامیہ اور مارکیٹس و مسافر اڈہ مالکان کی ذمہ داری ہے مگر یہ لوگوں کی مجبوری کا مسلسل فائدہ اٹھا رہے ہیں ان کی روزانہ کی کمائی بھی غیر معمولی ہے جس کے باعث بیت الخلاء کی تعمیر ایک کاروباری شکل اختیار کر گئی ہے جبکہ انکی خستہ حالی بھی نمایاں اور صفائی ستھرائی کا معیار بھی نہایت گھٹیا ہے بعض بیت الخلاء مختلف نالوں پر تعمیر کیے گئے بعض غلاظت سے ہمہ وقت اٹے رہتے ہیں بعض کی سیٹیں ٹوٹ جانے سے ناقابل استعمال حالت میں ہیں بدبو اور تعفن اٹھنا معمول ہے بعض کے دروازے ٹوٹ چکے اور کنڈیاں تک موجود نہیں جنہیں استعمال کرنے والوں کو ہزیمت لاحق رہتی ہے بیت الخلاء سے فارغ ہونے کے بعد ہاتھ دھونے کیلئے صابن تک میسر نہیں ہوتا اکثریتی بیت الخلاء کیڑے مکوڑوں کا مسکن اور بیماریوں کا گڑھ بنے ہوئے ہیں۔

پرائیویٹ گائنی ہسپتال نارمل ڈیلوری کی بجائے آپریشن کو ترجیح دینے لگے

آپریشنز کی صورت میں ڈبل کمائی ہوتی ہے، ادویات و دیگر اخراجات کی مد میں فائدہ ہوتا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پرائیویٹ زچہ بچہ سنٹرز و گائنی ہسپتالوں میں نارمل ڈیلیوری کی بجائے آپریشنز کو ترجیح دی جارہی ہے شہریوں کے مطابق اس رجحان میں اضافہ کی بنیادی وجہ آپریشنز کے ذریعے زچہ بچہ کے لواحقین سے معمول سے ہٹ کر پیسے بٹورنا ہے نارمل ڈیلیوری کی صورت میں طے شدہ رقم ہی ڈاکٹرز و عملہ مریض کے لواحقین کی طرف سے ادا کی جاتی ہے جبکہ آپریشنز کی صورت میں ڈبل کمائی ہوتی ہے اور ادویات و دیگر اخراجات کی مد میں خاصا مالی فائدہ ہوتا ہے آپریشن کے بعد زخم بھرنے تک اس کی دیکھ بھال و علاج کیلئے ڈاکٹر کے پاس زچہ کا آنا جانا لگا رہتا ہے جو الگ سے کمائی کا ذریعہ بنتا ہے اس طمع نفسانی کے لالچ میں مقامی گائنی ہسپتالوں اور زچہ بچہ سنٹرز میں نارمل ڈیلیوری کا رجحان ختم ہو کر رہ گیا ہے اور حاملہ خواتین و لواحقین کو آخری وقت پر بتایا جاتا ہے کہ زچہ کی حالت نارمل ڈیلیوری کی نہیں فوری آپریشن ناگزیر ہے۔ جس پر لواحقین کو زچہ بچہ کی جان بچانے کیلئے مجبوراً آپریشن پر آمادگی ظاہر کرنا پڑتی ہے شہریوں کے مطابق سرکاری ہسپتالوں کے بھی گائنی وارڈز میں چند برس قبل تک نارمل ڈیلیوری معمول تھی مگر ان میں بھی آپریشنز کی شرح بدستور بڑھ رہی ہے۔ جس پر قابو پانے اور اس رجحان کو کم کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے جبکہ بعض سرکاری ہسپتالوں کی گائناکالوجسٹ و پیرامیڈیکل سٹاف کی خواتین ملازمین نے اپنے علاقوں میں گائنی سنٹرز بنا رکھے ہیں جہاں وہ مختلف ڈاکٹرز کی خدمات کا بورڈز لگائے ہوئے ہیں مگر آپریشن خود کرتی ہیں جس سے اکثر زچہ بچہ کی زندگی داؤ پر لگ جاتی ہیں اور آئے روز زچہ بچہ کی ہلاکتوں کے واقعات بھی سامنے آ رہے ہیں اسی طرح بعض اتائی گائنی ڈاکٹرز بھی زچہ بچہ کی زندگیوں سے کھیل رہی ہیں شہریوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے گائنی ہسپتالوں و زچہ بچہ سنٹرز کی مانیٹرنگ اور ڈیلیوری آپریشنز کے رجحان کو کم کرنے کی خاطر اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ: ہفتہ صحت، بیماریوں کی سکریننگ، مریضوں کی کونسلنگ

ہیپاٹائٹس، شوگر، بلڈ پریشر، ٹی بی اور ایڈز یہ سارے امراض کے لیے کیمپ میں مختلف کاؤنٹر لگائے گئے ہیں، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی میڈیا سے گفتگو، کوشش ہے ٹارگٹ مکمل کریں، ڈاکٹر عظمی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن صحت مند معاشرہ خوشحال پنجاب کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی اوکاڑہ میں ہفتہ صحت منایا جارہا ہے، جس کا آغاز 20 نومبر کو ہوا جو 22 نومبر تک جاری رہے گا، صدر سماجی تنظیم 'ماڈا' رجسٹرڈ محمد مظہر رشید چوہدری کو تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر احسان الہی نے کہا کہ پنجاب گورنمنٹ نے 20،21 اور 22 نومبر کو ایک ہیلتھ سکریننگ کا پروگرام ترتیب دیا ہے، اس کا مقصد ہے بہت ساری بیماریاں جو ہمارے معاشرے میں ہیں ان کی سکریننگ کرنی ہے اس میں ہیپاٹائٹس، شوگر، بلڈ پریشر، ٹی بی اور ایڈز یہ سارے امراض کے لیے کیمپ میں مختلف کاؤنٹر لگائے گئے ہیں کیمپ میں پہلے جو مریض پہلے آتا ہے اس کی پرچی بنتی ہے پھر اس کے بلڈ پریشر اور ٹمپریچر چیک ہوتا ہے اس کے بعد ہم اس کے لیب کے ٹیسٹ اور اس کی ہسٹری لیتے ہیں پھر اس کے بعد شوگر، بلڈ پریشر چیک کیا جاتا ہے اگر ضرورت ہو تو مناسب دوائی یا انسولین دی جاتی ہے، ایک سال سے کم عمر بچوں یا حاملہ خواتین کو ہیپاٹائٹس کی ویکسینیشن بھی کر رہے ہیں اس کے علاوہ ہم یہاں روٹین کا چیک اپ بھی کر رہے ہیں آخر میں پھر ہم مریض کو مشورہ اور دوائی لکھ کر دیتے ہیں، ہمارے ڈسپنسر ان کو فری ادویات دیتے ہیں، تین دن کا ہمارا ٹارگٹ ایک ہزار روزانہ کی بنیاد پہ مریضوں کو چیک کرنا ہے انشاءاللہ ہماری پوری کوشش ہے کہ ٹارگٹ کو مکمل کریں، کیمپ کی فوکل پرسن ڈاکٹر عظمیٰ نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ ہمارے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے، مریضوں کو کونسلنگ کی ضرورت ہوتی ہے ان کو بتانا پڑتا ہے کہ یہ ساری چیزیں آپ کے لیے اچھی ہیں ہر بچے کا ہم ٹیسٹ بھی کروا کر اسے ویکسینیشن کر رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور نئے ڈی ایچ کیو اسپتال میں جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا ترقیاتی سکیموں کے جائزہ کیلئے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور نئے ڈی ایچ کیو اسپتال کا دورہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، ایس ڈی او بلڈنگ محمد اکرم، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، کنٹریکٹر سمیت دیگر بھی وہاں موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور نئے ڈی ایچ کیو اسپتال میں جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا، ایس ڈی او بلڈنگ نے ڈپٹی کمشنر کو دونوں منصوبوں پر کام کی پیش رفت اور فنڈز کے حوالے سے بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر نے دونوں منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو کام کو سپیڈ اپ کرنے اور بہترین اعلیٰ کوالٹی کا میٹیریل اور کام کے معیار کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت کی۔

شاہ حسین نیٹ ورک کی نومنتخب قیادت کی حلف برداری کی باوقار تقریب



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) شاہ حسین نیٹ ورک کی نومنتخب قیادت کی حلف برداری کی باوقار تقریب کا انعقاد، ریجنل کنوینیئر، ڈپٹی کنوینیئر اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹرز نے حلف اٹھا لیا۔ ریجنل کنوینیئر ڈاکٹر راشد محمود وڑائچ اور ڈپٹی کنوینیئر سیدہ امتیاز فاطمہ سے ممبر فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک (فافن) ایگزیکٹو کونسل ساجد علی نے انکے عہدوں کا حلف لیا۔ جبکہ ریجنل کنوینیئر ڈاکٹر راشد محمود وڑائچ نے نومنتخب ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹرز سے حلف لیا۔

اینیمل ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان کے زیراہتمام آگاہی واک

عوام بے زبان جانوروں پر رحم اور شفقت کے احساسات کو فروغ دیں، شرکاء



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) اینیمل ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان کے زیراہتمام گزشتہ روز پاکستان میں جانوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے اور ان بے زبانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کی روک تھام کیلئے اور اللہ کی اس مخلوق سے متعلق عوام الناس میں رحم اور شفقت کے احساسات کو فروغ دینے کیلئے ایک آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں بالخصوص ٹی ایم اے فیصل آباد کی طرف سے کتوں کی افزائش نسل کو روکنے کے دنیا بھر میں مروجہ TNVR نس بندی کے طریقہ کی بجائے زہر دے کر تڑپا تڑپا کر مارنے کے ظالمانہ عمل کی مذمت کی گئی اور اس ظالمانہ فعل کو فی الفور روکنے کا مطالبہ کیا گیا۔ واک کی قیادت فیصل آباد اینیمل ویلفیئر آرگنائزیشن کے چیئرمین جواد رضا اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے کی اسکے علاوہ وائس چیئرمین چوہدری عاطف نارول، چوہدری احتشام گل ایڈووکیٹ، مس ثنا اشرف، علی وقار اعوان، امتیاز حسین شاہ ایڈووکیٹ، صوفی جمال حیدر اور کافی مرد و زن نے شرکت کی۔ واک ضلع کونسل چوک سے شروع ہوئی اور فیصل آباد پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔

حافظ آباد: ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ہیلتھ ویک کا آغاز کر دیا گیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر عوام کو صحت کی معیاری اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ہیلتھ ویک کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ہیلتھ ویک اور کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اے ایم ایس ڈاکٹر معین الدین، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ اور دیگر ڈاکٹرز بھی اس موقع پر انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر عوام کو معیاری اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تین روزہ ہیلتھ کیمپ کا آغاز کر دیا گیا ہے جس میں مریضوں کو مختلف اقسام کی بیماریوں کے علاج معالجہ کی مفت سہولیات فراہم کی جائینگی۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں "ہفتہ صحت" مہم کا افتتاح کر دیا گیا

انتظامیہ، ڈاکٹرز پیرامیڈیکل سٹاف سمیت دیگر عملہ و شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر، ممبران صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید احمد اور موتیا مسعود خالد نے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں "ہفتہ صحت" مہم کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر محکمہ صحت کے حکام، ہسپتال انتظامیہ، ڈاکٹرز پیرا میڈیکل سٹاف سمیت دیگر عملہ و شہریوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں ہفتہ صحت مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جس کے تحت عوام الناس کو مختلف بیماریوں کی تشخیص، مفت ادویات کی فراہمی سمیت دیگر طبی سہولیات اور موثر آگاہی بھی فراہم کی جائے گی، ایم پی اے چوہدری جاوید احمد نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صحت عامہ کی سہولیات کے لیے وسیع تر اقدامات کر رہی ہیں، عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں "ہفتہ صحت" بہترین اقدام ہے جس کے تحت عوام کو بہترین میڈیکل سروسز کی فراہمی کی راہ ہموار ہوگی، ایم پی اے موتیا مسعود خالد نے کہا کہ عوام الناس کو چاہیے کہ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں لگائے گئے ہیلتھ کیمپس سے بھرپور انداز میں استفادہ حاصل کریں اور صحتمند زندگی گزاریں، ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے ہیلتھ کیمپس میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ دیے گئے اوقات کار کے مطابق ہیلتھ کیمپس میں حاضری کو یقینی بنائیں اور عوام الناس کے علاج معالجہ کے سلسلہ میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

سیکرٹری جنگلات کا چھانگا مانگا کا دورہ خفیہ رکھنے کی کوشش صحافیوں اور لوگوں کو ملنے سے روکنے کے لئے بیریئر لگا کر راستہ بند کر دیا گیا

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا سیکرٹری جنگلات کا چھانگا مانگا کا دورہ خفیہ رکھنے کی کوشش صحافیوں اور لوگوں کو ملنے سے روکنے کے لئے بیریئر لگا کر راستہ بند کر دیا گیا کرپشن چھپانے کی ناکام کوشش مرضی کی چیزیں دکھا کر سب اچھا کی رپورٹ۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری جنگلات ملک مدثر وحید کا چھانگا مانگا کا پہلا دورہ صحافیوں اور عام لوگوں کو ملنے سے روکنے کے لئے سڑک کو بیریئر لگا کر راستہ بند کر دیا گیا مقامی افسران سے رابطہ کیا گیا تو وہ ٹال مٹول کرتے رہے اور سیکرٹری کے جانے کا انتظار کرتے رہے کرپٹ افسران کے خلاف شکایات کرنے والے افراد رل گئے پر ملاقات نہیں کرنے دی گئی مرضی کی معلومات اور چیزیں دکھا کر سب اچھا کی رپورٹ چھانگا مانگا جنگل کو ایک عرصے سے ٹمبر مافیا اور کرپٹ ملازمین کی ملی بھگت سے لوٹا جا رہا ہے جنگل کے گرد لگائی گئی باڑ میں بھی کرپشن اور بدعنوانی کی گئی جو ثابت بھی ہوسکتی ہے لوٹ مار کرنے والوں کو تحفظ دینے کی کوشش کی جارہی ہے چھانگا مانگا جنگل میں کرپشن کی بہت سی داستانیں موجود ہیں دیانتدار افسر انکوائری کرے تو بہت کچھ منظر عام پر آسکتا ہے نئے ڈی ایف او کا کہنا ہے کہ میں جنگل بہتر کروں گا۔

عوام کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے لئے ان کی سکریننگ کی جارہی ہے، شعیب اقبال سید

صوبے کے ہر شہری تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت ایک مربوط پروگرام کے تحت صوبے کے ہر شہری تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے۔ ہیلتھ ویک کا انعقاد بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جس کے تحت عوام کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے لئے ان کی سکریننگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سکریننگ سے بیماری کی قبل از وقت نشاندہی سے مریض بہت سی پیچیدگیوں سے بچ سکیں گے۔ انہوں نے یہ بات حاجی عبدالقیوم ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ہیلتھ ویک کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اے ڈی سی ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ایم ایس ڈاکٹر طاہر چوہدری اور اے ایم ایس ڈاکٹر عبدالمجید نیازی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کیمپ میں لگائے گئے کاؤنٹرز پر مہیا کردہ سروسز کا بھی جائزہ لیا اور وہاں موجود خواتین سے بھی ملاقات کی۔ سی ای او ڈاکٹر اظہر نقوی نے بتایا کہ کیمپ میں شوگر، بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس، حاملہ خواتین کے لئے لیٹنس ٹیسٹ اور ٹی بی جیسی بیماریوں کی سکریننگ کی جارہی ہے۔

غریب کی سواری اس کی پہنچ سے دور کر دی گئی، شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ

ریلوے اسٹیشن چنیوٹ سابقہ چلنے والی ٹرینوں کی بندش کی وجہ سے ویران ہوگیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خالد یاسین اور فنانس سیکرٹری راجہ ریاض احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے اسٹیشن چنیوٹ سابقہ چلنے والی ٹرینوں کی بندش کی وجہ سے ویران ہوگیا ماضی میں یہ اسٹیشن ریلوے ٹرینوں کی آمد و رفت کی وجہ سے آباد تھا ہر دور کی حکومت نے اسے اپنی مرضی کے مطابق ٹرینوں کے روٹس کو بدلا جس کی وجہ سے غریب عوام کی سواری اس کی پہنچ سے دور کر دی گئی چناب ایکسپریس جو کہ کراچی سے چل کر چنیوٹ سے گزرتی ہوئی پشاور جاتی تھی اور اس میں تین صوبوں کی غریب عوام رعایتی ٹکٹوں پر سفر کرتی تھی جس سے ان سے یہ سہولت چھین لی گئی جس سے پاکستان ریلوے کو بھی کروڑوں روپے کا خسارے کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ چنیوٹ ایک فرنیچر انڈسٹری ہے جہاں سے کراچی، سکھر، حیدرآباد، راولپنڈی پشاور و دیگر شہروں کو فرنیچر و دیگر سامان آتا اور جاتا بھی تھا جس سے ریلوے کو کثیر آمدنی ہوتی تھی۔ گزشتہ سالوں میں وفاقی محتسب کے ذریعے بھی چناب ایکسپریس کے روٹ کو بحال کروایا گیا گزشتہ نیازی حکومت میں اس سہولت کو دوبارہ چھین لیا گیا۔

مصطفی آباد فیروز پور روڈ گرین بیلٹ میں پودے لگانے کا سلسلہ جاری

پریس کلب مصطفی آباد اور پی ایچ اے کی طرف سے سات ہزار پودے لگائے جائیں گے



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد فیروز پور روڈ گرین بیلٹ میں پودے لگانے کا سلسلہ جاری، گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد اور پی ایچ اے کی طرف سے سات ہزار پودے لگائے جائیں گے آنے والے وقت میں مصطفی آباد میں ہر طرف پودے ہی پودے نظر آئیں گے عوامی حلقے اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ادریس نمبردار، تفصیلات کے مطابق گرین اینڈ کلین مہم مصطفی آباد، پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ اور پی ایچ اے کی طرف سے مصطفی آباد کو سرسبز بنانے کی تحریک عروج پکڑنے لگی، گرین اینڈ کلین مہم کے عہدیداران کی طرف سے اہلیان مصطفی آباد میں ہزاروں پھل، پھول اور سایہ دار درخت تقسیم کیے گئے گزشتہ روز مین فیروز پور روڈ گرین بیلٹ میں سات ہزار پودے لگانے کی مہم کا آغاز کیا گیا جس میں پی ایچ اے ملازمین کے خصوصی تعاون سے ٹول پلازہ مصطفی آباد سے قصور بائی پاس تک سات ہزار پودے لگائے جائیں گے جن کی پی ایچ اے کی طرف سے مناسب دیکھ بھال بھی کی جائے گی، گرین اینڈ کلین مہم کے صدر ادریس نمبردار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مصطفی آباد کو گرین اینڈ کلین بنانے کے لئے ہمارے سکول فیلوز گروپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے

گورنمنٹ گرلز اسلامیہ ہائی سکول: ڈپٹی کمشنر نے 8 میگاواٹ سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا

محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے بچوں میں سکول یونیفارم، شوز اور تدریسی سامان بھی تقسیم کیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے گورنمنٹ گرلز اسلامیہ ہائی سکول میں 8 میگاواٹ کے سولر پینل سسٹم کے افتتاح اور بچوں میں سکول یونیفارم، شوز اور تدریسی سامان کی تقسیم کیا۔ اس موقع پر ایک پروقار اور سادہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے طالبات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ حصول علم پر مرکوز رکھیں اور زندگی میں کامیابی کیلئے صبر اور نظم و ضبط کا دامن ہر گز نہ ہاتھ سے چھوٹنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر معاشرے کی مفید شہری ثابت ہوں اور ملک و قوم کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولز کونسل کی جانب سے سکول میں لگائے جانے والے 8 میگاواٹ کے سولر پینل الیکٹریسٹی سسٹم کا افتتاح کیا اور 75 طالبات میں میں یونیفارم، شوز اور دیگر تدریسی سامان کی تقسیم کی۔ انہوں نے بچوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے کلام الہی، نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم، ملی نغموں، بہترین ٹیبلو پرفارمنس اور نظم و ضبط کے مظاہرہ پر طالبات اور اساتذہ کی کاوش کو سراہا۔

دھرنے والے ملک و قوم کا مزید وقت برباد مت کریں، چوہدری اورنگزیب گورائیہ

قانون کی رٹ ہر صورت بحال رکھی جائے گی کسی کی من مرضی نہیں چلے گی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) دھرنے والے ملک و قوم کا مزید وقت برباد مت کریں 2014 کا خمیازہ آج تک بھگت رہے ہیں جو کل تک کہتے رہے کہ ریاست سے مت ٹکرانا آج ریاست کو اپنا غلام سمجھ رہے ہیں قانون کی رٹ ہر صورت بحال رکھی جائے گی کسی کی من مرضی نہیں چلے گی ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ 2014 میں احتجاج اور دھرنے دے کر معیشت کا بیڑہ غرق کیا گیا جس کا نقصان آج تک برداشت کر رہے ہیں وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک ترقی کی پٹڑی پر چڑھ چکا ہے ریاست کو یرغمال بنانے کی کوشش کرنے والوں کو ناکامی ہوگی عمران خان نے اپنے دور میں دوسروں پر مقدمات بنائے اب خود بھی بھگتنا ہوں گے سانحہ 9 مئی کی طرح کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر کی خصوصی دعوت پر ملائیشیا کی یونیورسٹی آف ملایا کی پروفیسر ڈاکٹر خلیجہ وانگ نے یونیورسٹی کا دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وائس چانسلر یونیورسٹی آف ساہیوال پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر کی خصوصی دعوت پر ملائیشیا کی یونیورسٹی آف ملایا کی پروفیسر ڈاکٹر خلیجہ وانگ نے یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ انہوں نے یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات اور اساتذہ کو انسانی بیماریوں کے قدرتی طریقہ علاج کی سائنسی بنیاد اور حالیہ ریسرچ کے موضوع پر لیکچر دیا اور طلبہ و طالبات کے سوالات کے جوابات دیے۔ پروفیسر خلیجہ وانگ نے یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس کا دورہ کیا اور لیبارٹریز کا معائنہ بھی کیا اور اساتذہ سے ملاقات اور ریسرچ پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے وائس چانسلر آفس میں پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر اور یونیورسٹی کے انتظامی عہدیداران سے ملاقات کی اور ملائیشیا اور پاکستان کی جامعات کے درمیان ریسرچ کے تعاون اور طلبہ کے ایکسچینج پروگرام پر تبادلہ خیال کیا۔

(ن) لیگ کی حکومت نے عوام کو حالات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا، میاں عمر بشیر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سابق ممبر چیف منسٹر ٹاسک فورس سینئر مسلم لیگی رہنماء میاں عمر بشیر نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کی حکومت نے عوام کو حالات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا اور عوامی فلاح و بہبود کی خاطر برسر پیکار ہے۔ ماضی کی طرح اب بھی (ن) لیگ کی قیادت ہی ملک کو درپیش بحرانوں سے چھٹکارا دلائیگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوامی خدمت کیلئے پرعزم ہیں۔ بیرونی دنیا کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے، سرمایہ کاری کا فروغ اس کا واضح ثبوت ہے، ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کیلئے اندرونی و بیرونی سرمایہ کاری کو وسعت دی جارہی ہے۔ ن لیگ کی حکومت نے عوام کو حالات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا اور عوامی فلاح و بہبود کی خاطر برسرپیکار ہے۔ ماضی کی طرح اب بھی (ن) لیگ کی قیادت ہی ملک کو درپیش بحرانوں سے چھٹکارا دلائیگی ہم عوامی خدمت کیلئے پرعزم ہیں اور پارٹی قیادت کی ہدایت حکومتی اقدامات کی عملداری کی خاطر بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

یونیورسل چلڈرن ڈے کے موقع پر ماڈل چلڈرن ہوم گوجرانوالہ میں خصوصی تقریب کا انعقاد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) یونیورسل چلڈرن ڈے کے موقع پر ماڈل چلڈرن ہوم گوجرانوالہ میں خصوصی تقریب کا انعقاد تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شبیر حسین بٹ، ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، ڈسٹرکٹ انچارج ماڈل چلڈرن ہوم زیب النسا ادارے میں رہائش پذیر بچیوں اور سٹاف نے شرکت کی تقریب میں بچیوں میں گفٹ تقسیم کیے گئے اور انکی حوصلہ افزائی کے لیے انکے ہمراہ کیک بھی کاٹا گیا۔

مصطفی آباد کے نواحی علاقہ اڈہ وڈانہ میں کم وزن روٹی و نان کی زائد قیمت فروخت جاری

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد کے نواحی علاقہ اڈہ وڈانہ میں کم وزن روٹی و نان کی زائد قیمت فروخت جاری، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں نے عوام کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا بااثر ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی اور ضلعی پرائس کمیٹیوں کو فعال بنانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق روٹی اور نان کے مقررہ وزن 100 گرام کی بجائے 60 سے 70 گرام اور روٹی و نان کی پوری قیمت مقرر کردہ وصول کی جارہی ہے، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں بااثر تندور و ہوٹل مالکان کے سامنے بے بس نظر آتی ہیں اور عوام کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ اور بندش کا سلسلہ جاری ہے اور غریب عوام جب اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ بھرنے کیلئے نان و روٹی خریدنے کیلئے تندوروں کا رخ کرتے ہیں تو یہ تندور و ہوٹل مالکان دونوں ہاتھوں سے عوام کو لوٹ رہے ہیں۔

اشتہار شور و غوغا



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تین ماہ قبل نارنگ کے نواحی گاؤں بھونڈری میں آنے والے ذہنی معذور شخص کے لواحقین سے رابطہ نہ ہوسکا اپنوں سے بچھڑ کر آنے والا ذہنی معذور شخص اپنا نام اور پتہ بھی نہیں بتا سکتا جو نارنگ کے نواحی گاؤں بھونڈری میں ایک زمیندار کے ڈیرے پر زندگی گزار رہا ہے اس کے پاس کوئی شناخت موجود نہیں ہے اگر اسے کوئی پہچانتا ہو تو اس نمبر 03014175400 پر رابطہ کرے تاکہ اسے حقیقی ورثاء تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

حسین بخاری بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے، خواجہ اویس مشتاق سابق صدر بار

ڈی۔ بی۔ اے سیالکوٹ انتخابات میں بھاری اکثریت سے جیتیں گے، طیب نزیر بھٹی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ لائبریری میں سابقہ صدور و سیکرٹری جنرل ڈی بی اے سیالکوٹ کے ہمراہ سینکڑوں وکلاء سیالکوٹ بار نے سید علی نجم گیلانی سابقہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کیجانب سے بائی ٹی کے میں شرکت کی اس موقع پر خواجہ اویس مشتاق لاء چیمبرز کے نامزد کردہ امیدوار جنرل سیکرٹری انتخابات ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سید حسین بخاری کی بھرپور حمایت کیساتھ ووٹ و سپورٹ کرنے کا عظم دہرایا گیا۔ اس موقع پر سینئر قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے دوران خطاب کہا کہ سید حسین بخاری نوجوان۔ وزیرک قیادت کیساتھ جراتمند و بلند حوصلہ کی الیکشن کیمپین بھرپور انداز میں کی جارہی ہے۔

سیالکوٹ: معروف وکیل چوہدری نوید احمد باجوہ کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) معروف وکیل چوہدری نوید احمد باجوہ کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر سینئر وکیل رہنماء ملک شہباز احمد اعوان کی زیر قیادت ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی بھرپور شرکت۔ اس موقع پر سینئر وکیل و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان نے کہا کہ این جے باجوہ ایک قابل و مشاق وکیل کیساتھ ایک خوبصورت انسان بھی ہیں ان کی قابلیت دیکھتے ہوئے میں انہیں بہت جلد مستقبل کا جسٹس دیکھتے ہیں۔ اس موقع پر چوہدری نوید احمد باجوہ کو سالگرہ کی مبارکباد اور درازی عمر کی دعائیں دی گئیں۔ چوہدری راحت نذیر وائس سیکرٹری جنرل بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ، فیصل تیمور سیٹھ و شرکاء کیجانب سے نوجوان وکیل کی درازی عمر کی دعائیں کی گئیں۔

احساس انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیراہتمام دوروزہ فری آئی کیمپ اختتام پذیر

سینکڑوں مریضوں کا معائنہ اور آپریشنز ملک کے نامور آئی سپیشلسٹ سرجنز نے کیے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) احساس انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیراہتمام دوروزہ فری آئی کیمپ اختتام پذیر ہوگیا احساس انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیراہتمام دوروزہ فری آئی کیمپ اختتام پذیر ہوگیا، جس میں سینکڑوں مریضوں کا معائنہ اور آپریشنز ملک کے نامور آئی سپیشلسٹ سرجنز نے کیے۔ یہ کیمپ شکرگڑھ کے علاقے کوٹ نیناں، ڈیرہ محمد نواب طاہر میں منعقد ہوا، جہاں آنکھوں کے مختلف امراض جیسے سفید موتیا، کالا موتیا کے آپریشن کیے گئے۔ اس کے علاوہ جرمن لینز اور ادویات بھی بالکل مفت فراہم کی گئیں۔ کیمپ میں نہ صرف مریضوں بلکہ ان کے ساتھ آنے والے افراد کے لیے کھانے کا بھی خاص اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر معروف سماجی شخصیت نگران کیمپ ڈاکٹر اشرف حسین نے کہا کہ یہ کیمپ علاقے کے عوام کے لیے ایک اہم فلاحی اقدام ثابت ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کا مقصد مستحق افراد کو آنکھوں کے مسائل کے مفت علاج کی سہولت فراہم کرنا تھا۔ احساس انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن اور ڈاکٹر اشرف حسین کے اس مشترکہ اقدام کو مقامی افراد کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ یہ کیمپ علاقے کے عوام کی خدمت اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ایک قابل تقلید مثال ہے۔

پٹرولنگ پولیس پوسٹ اڈا بستان، ضلع نارووال میں ڈرائیونگ لائسنس سنٹر کا افتتاح

کمال نعمت خان سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے بھرپور استقبال کیا



شکرگڑھ (عمران عارف سے) سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس ایس پی) پنجاب ہائی وے پٹرول گوجرانوالہ ریجن، فاروق احمد بھٹہ نے پٹرولنگ پولیس پوسٹ اڈا بستان، ضلع نارووال میں ڈرائیونگ لائسنس سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول ضلع نارووال کمال نعمت خان سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے ان کا استقبال کیا۔ علاقے کے معززین بھی بڑی تعداد میں اس تقریب میں شریک تھے۔ ایس ایس پی فاروق احمد بھٹہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ورکنگ میں بہتری اور عوام کو سہولتوں کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پٹرولنگ پولیس نہ صرف جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے بلکہ شہریوں کو مختلف خدمات بھی فراہم کر رہی ہے۔ ان خدمات میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا، گمشدہ بچوں کی تلاش، گمشدگی رپورٹ کا اندراج، ایف آئی آر کی کاپی فراہم کرنا، خواتین پر تشدد کی رپورٹ درج کرنا، کرایہ داروں کی رجسٹریشن، اور دیگر سہولتیں شامل ہیں۔ انہوں نے پوسٹ پر تعینات افسران و ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ علاقے کے لوگوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ہر ممکن تعاون کریں۔ مقامی افراد نے پٹرولنگ پوسٹ پر ڈرائیونگ لائسنس سنٹر کے قیام اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کو سراہا اور اسے پولیس کا ایک مثبت اقدام قرار دیا۔ یہ ڈرائیونگ لائسنس سنٹر نہ صرف علاقے کے رہائشیوں کو سہولت فراہم کرے گا بلکہ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے عمل کو بھی تیز اور آسان بنائے گا۔ معززین علاقہ نے امید ظاہر کی کہ یہ اقدام عوام اور پولیس کے تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا اور جرائم کی روک تھام میں معاون ثابت ہوگا۔

پاکستانی سپین کے ایمبیسیڈر ظہور احمد اور مسٹر امجد وائس کا دورہ کرتارپور

مہمانوں نے لنگر ہال سے لنگر کھایا مہمانوں کو انتظامیہ کی جانب طائف بھی دیئے گئے



شکرگڑھ (عمران عارف سے) کرتارپور میں پاکستانی سپین کے ایمبیسیڈر ظہور احمد اور مسٹر امجد وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن نے کرتارپور کا دورہ کیا مہمانوں کا کرتارپور میں پرتپاک استقبال کیا گیا مہمانوں نے کرتارپور کو مکمل طور پر وزٹ کیا مہمانوں نے لنگر ہال سے لنگر کھایا مہمانوں کو انتظامیہ کی جانب طائف بھی دیئے گئے طائف میں سروپا۔ کرپان شامل تھی بہترین انتظامات پر مہمانوں نے حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا

گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد کے اساتذہ کی جانب سے سکول کے لیے جدید ساؤنڈ سسٹم کا تحفہ

سٹاف سیکرٹری سر نیاز حسین اور دیگر اساتذہ نے ساؤنڈ سسٹم پرنسپل عبدالمنان بٹ کے سپرد کیا

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد گورنمنٹ ہائی سکول بوائز قلعہ احمد آباد کے اساتذہ نے 65 ہزار مالیت کا ساؤنڈ سسٹم سکول ہذا کو عطیہ کر دیا۔ سٹاف سیکرٹری سر نیاز حسین اور دیگر اساتذہ نے ساؤنڈ سسٹم پرنسپل عبدالمنان بٹ کے سپرد کیا۔ اس موقع پر سکول کے سٹاف سیکرٹری سر نیاز حسین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ نے جذبہ ایثار کی بہترین مثال قائم کی ہے۔ اساتذہ کا یہ جذبہ قابل تقلید ہے جو اساتذہ کی طلبہ کے ساتھ محبت، لگن اور اخلاص کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس موقع پر پرنسپل عبدالمنان بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اساتذہ کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنی مدد آپ کے تحت سکول کو ساؤنڈ سسٹم کا عطیہ دیا۔ معلم محمد سرفراز، محمد اشفاق، رانا محمود احمد، فریاد علی اور ملک رحمت نے بھی خطاب کرتے ہوئے اساتذہ کا شکریہ ادا کیا۔ اس سے قبل بھی سکول ہذا کے اساتذہ سکول کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنی خدمات پیش کرتے رہے ہیں۔ سٹی پریس کلب احمد آباد کے بانی و صدر عبدالشکور، مرزا زاہد شکیل سیکرٹری جنرل اور رانا فرید سیکرٹری فنانس سٹی پریس کلب احمد آباد سمیت مختلف مذہبی، سماجی اور سیاسی شخصیات نے زبردست الفاظ میں اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

دہشتگرد تنظیموں کیخلاف جامع فوجی آپریشن کی منظوری

قومی ایپکس کمیٹی نے بلوچستان میں متحرک دہشت گرد تنظیموں کے سد باب کے لیے جامع فوجی آپریشن شروع کرنے اور نیکٹا کو دوبارہ فعال کرنے اور قومی و صوبائی انٹیلی جنس فیوژن اور خطرات کی تشخیص کے مراکز کے قیام پر اتفاق کیا ہے جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں اور وزارتوں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے پر خصوصی زور دیا گیا ہے تاکہ انسداد دہشت گردی مہم پر بلا تعطل عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل ایکشن پلان کی وفاقی ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی کابینہ، صوبائی وزراء اعلیٰ، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور سینئر سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا ایجنڈا "پاکستان کی انسداد دہشت گردی (سی ٹی) مہم کی بحالی" پر مرکوز تھا۔ شرکاء کو بدلتے ہوئے سکیورٹی منظرنامے اور امن و امان کی عمومی صورتحال، ذیلی قوم پرستی کو ہوا دینے کی کوششوں کے خلاف اقدامات، مذہبی انتہا پسندی، غیر قانونی سپیکٹرم اور جرائم و دہشت گردی کے گٹھ جوڑ سے نمٹنے، تخریب کاری اور غلط معلومات پھیلانے کی مہم سمیت دیگر اہم چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ کمیٹی نے ان کثیر الجہتی چیلنجوں سے موثر انداز میں نمٹنے کے لئے ایک متحد سیاسی آواز اور ایک مربوط قومی بیانیے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ وژن عزم استحکام کے فریم ورک کے تحت قومی انسداد دہشت گردی مہم کو از سر نو متحرک کرنے کے لئے تمام جماعتوں کی سیاسی وابستگی سے بالاتر سیاسی حمایت اور مکمل قومی اتفاق رائے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری پہلی کمٹمنٹ دہشت گردی کا خاتمہ ہے، دوسری اور تیسری بھی یہی ہے۔ دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ نیشنل ایکشن پلان کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے بھی خطاب کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کی جنگ میں ہر پاکستانی سپاہی ہے، کوئی یونیفارم میں اور کوئی یونیفارم کے بغیر، ہم سب نے مل کر دہشت گردی کے ناسور سے لڑنا ہے۔

پاکستان طویل عرصے سے دہشت گردی کے چنگل میں پھنسا ہوا ہے۔ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والی ٹی ٹی پی کو مذاکرات کے ذریعے قومی دھارے میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی۔ اعتماد سازی کے طور پر اس کے خلاف اپریشن بند کر دیئے گئے مگر ٹی ٹی پی بدستور ملک بھر میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرتی رہی۔ اسی بنا پر اس کے خلاف آپریشن ضرب عضب کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ آپریشن ضرب عضب کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ اسی کے باعث دہشت گرد پاکستان سے فرار ہو کر افغانستان چلے گئے۔ کچھ پاکستان میں جہاں جگہ ملی وہاں چھپ گئے۔ دہشت گردی کم ترین سطح پر پہنچی تو ضرب عضب آپریشن کا خاتمہ کر دیا گیا۔ بڑی کارروائیاں کرنے کی ٹی ٹی پی میں سکت نہیں رہی تھی مگر دہشتگردی کے چھوٹے موٹے واقعات بھی رک نہ سکے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے نیشنل ایکشن پلان بنایا گیا تھا۔ اس ایکشن پلان کا کسی طور بھی خاتمہ نہیں ہونا چاہیے تھا لیکن ضرب عضب اپریشن کے ختم ہونے کے ساتھ ہی نیشنل ایکشن پلان بھی طاق نسیاں ہوتا چلا گیا۔ پاکستان میں دہشت گردی امریکہ کی جنگ میں افغانستان کے خلاف ساتھ دینے پر در آئی تھی۔ امریکہ افغانستان سے سرخرو ہو کر گیا یا رسوا ہو کر، یہ سوال اپنی جگہ پر موجود ہے مگر پاکستان کو اس جنگ میں امریکہ کا ساتھ دینے کی پاداش میں 90 ہزار سے زیادہ جنازے اٹھانے پڑے جن میں 10 ہزار پاک فوج کے شہید ہونے والے سپوت بھی شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان دہشت گردی کا ایسا نشانہ بنا کہ اب تک بھی اس کے اثرات باقی ہیں بلکہ امریکہ کے افغانستان سے انخلاء کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ اب پاکستان ایک بار پھر بری طرح دہشت گردی کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔ گزشتہ روز بنوں میں ہونے والے دہشت گردی کے بھیانک واقعہ میں 12 سکیورٹی اہلکار شہید ہو گئے۔ اس خودکش حملے میں چھ دہشت گرد بھی ہلاک ہوئے۔ مالی خیل میں دہشت گردوں نے بارود سے بھری گاڑی چیک پوسٹ سے ٹکرا دی تھی۔

وزیر اعظم شہباز شریف کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں نیکٹا کی بحالی اور قومی و صوبائی انٹیلی جنس "فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سینٹر" کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ پاکستان کے دہشت گردی کی لپیٹ میں آنے کے بعد سے آج تک دہشت گردی کسی نہ کسی صورت موجود رہی ہے۔ کبھی اس کی سطح کم ہو جاتی ہے کبھی بہت اوپر چلی جاتی ہے۔ اس دوران کئی حکومتیں آئیں اور چلی گئیں، دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے کسی بھی حکومت کی کمٹمنٹ پر سوال نہیں اٹھایا جا سکتا مگر کیا کسی کے پاس اس سوال کا جواب ہے کہ نیکٹا (نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی) کو غیر فعال کیوں رکھا گیا؟

بلوچستان سمیت پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں ٹی ٹی پی، بلوچ علیحدگی پسند اور مذہبی انتہا پسند تنظیمیں پاکستان کے بدترین دشمن بھارت کے ایماء پر کارروائیاں کر رہی ہیں۔ بھارت کے ہی ایماء پر ان کی پشت پناہی افغانستان کی طالبان حکومت کی طرف سے کی جاتی ہے۔ افغانستان کی آج کی عبوری حکومت کو انگیج کر لیا جائے تو پاکستان میں دہشت گردی کم ترین سطح پر آ سکتی ہے۔ طالبان اگر مثبت جواب نہیں دیتے تو پھر لامحالہ پاکستان کو اپنا "ہر صورت دفاع" کرنا پڑے گا۔ پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے کئی دہشت گردی میں ملوث ہیں اور ان میں سہولت کاروں کی تعداد بھی کچھ کم نہیں ہے۔ ان سب کو بلا تفریق ان کے ملک میں بھجوا دیا جانا ہوگا۔ سہولت کاروں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے لیے نیشنل ایکشن پلان میں ایک شق بھی موجود ہے۔ اس پر بھی اس کی روح کے مطابق کم ہی عمل ہوا ہے۔ سہولت کاری کے بغیر دہشت گردی کی کوئی کارروائی کامیاب ہو جائے اس کا امکان نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے۔ دہشتگردی کو جڑوں سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے سیاسی استحکام بھی ناگزیر ہے۔ ہر سیاسی پارٹی چاہے وہ حکمران پارٹیوں کی جتنی بھی مخالف ہو اسے بھی دہشتگردی کے خاتمے جیسے کاز کیلئے ساتھ بٹھانا ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کو بھی یہ خیال کرنا ہوگا کہ اس کے جو بھی تحفظات ہیں وہ پاکستان کے مفادات سے بالاتر نہیں ہیں۔ دہشتگردی کے یک نکاتی ایجنڈے پر وہ بھی ریاست کے ساتھ کھڑے ہونے میں عار نہ سمجھے۔

جہاد بالصندوق، جہاد بالبندوق

پی ٹی آئی نے تحریک کو "الجہاد" میں بدل دیا ہے یعنی وہ اب حکومت کیخلاف تحریک نہیں چلائے گی بلکہ جہاد کرے گی۔ گزشتہ روز قومی اسمبلی میں "الجہاد، الجہاد" کے نعرے بھی مجاہدانہ شان سے لگائے گئے۔ پاکستان کی سیاسی سائنس بتاتی ہے کہ جہاد تبھی کامیاب ہوتا ہے جب اسے امریکی سرپرستی حاصل ہو۔ افغان جہاد امریکی قیادت میں لڑا گیا تھا، بالآخر کامیاب ہوا۔ یہ جہاد سوویت یونین کیخلاف لڑا گیا تھا۔ پاکستان ہراول لشکر تھا، اسے اس کا صلہ سرکاری اور حتمی نتیجے کے طور پر ٹی ٹی پی کی صورت میں ملا۔

پی ٹی آئی والے جہاد کی کامیابی پر خاصے پر یقین تو ہیں پورے پر یقین نہیں۔ یعنی امریکی سرپرستی ابھی ملی نہیں لیکن ٹرمپ کے صدر بننے کے بعد امید پیدا ہو گئی ہے اور امید کو بڑھاوا امریکی سینیٹرز کے خط نے دیا ہے۔ چلئے فی الحال امریکہ نہ سہی، امریکی سینیٹرز ہی سہی اور کل کلاں کو ریاست پاکستان کے خلاف جہاد کی باضابطہ زمام صدر ٹرمپ نے سنبھال لی تو جہاد کامیاب ہو جائے گا۔

جہاد کی فی زمانہ تین قسمیں ہیں۔ جہاد بالصندوق، جہاد بالبندوق اور جہاد بالاشام۔ یہ تیسرے نمبر والا جہاد تو پہلے ہی جاری ہے، پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا اور اس کے شعلہ زبان، شعلہ فشاں لیڈر اور کارکن سراپا دشنام ہیں، طوفان دشنام بہت کچھ بہا لے گیا ہے۔ جہاد بالصندوق یعنی خزانے کا بکسہ بھرنے کی جنگ بھی شدت سے جاری ہے اور رہا جہاد بالبندوق تو سردست ٹی ٹی پی یہ فرض کفایہ سرانجام دے رہی ہے لیکن صدر ٹرمپ کے حلف اٹھانے کے بعد، احباب کا خیال ہے کہ...... مطلب یہ کہ یعنی کہ۔ اب کیا کہا جائے، مشاہد حسین سے پوچھ لیا جائے یا پھر محمد علی درانی سے یا اگر "را" کے کسی افسر سے آپ کی رسم و راہ ہے تو وہاں سے بھی مستند معلومات مل سکتی ہیں۔

ایک ٹی وی پروگرام میں الجہاد الجہاد کے نعرے کی گونج کے پس منظر میں پارٹی کے رہنما لطیف کھوسہ نے اطلاع دی کہ 24 نومبر کی نوبت نہیں آئے گی، اس سے پہلے ہی حکومت کا بوریا بستر گول ہو جائے گا اور اڈیالہ نشین مرشد بھی اڈیالہ سے باہر ہوگا۔

آج 20 نومبر ہے۔ کیا پتہ یہ تاریخ ساز وقوعہ آج ہی وقوع پذیر ہو جائے ورنہ کھوسہ صاحب کے مطابق 23 نومبر کی ڈیڈ لائن تو ہے ہی۔ دوسرے الفاظ میں یہ جہاد بالصندوق، جہاد بالبندوق امریکی تاریخ، معاف کیجئے گا، جہاد کی تاریخ کا تیز ترین جہاد ہو گا۔

واضح رہے کہ سوویت یونین کیخلاف جہاد کو کامیاب ہونے میں پورے بارہ سال لگے تھے۔ یہاں تو بارہ دن بھی نہیں لگیں گے۔ یعنی بہت ہی کراماتی جہاد ہو گا۔ بشریٰ بی بی کے "غائبات" یاد آ گئے۔


وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

کبھی مرشد کے نفس ناطقہ سمجھے جانے والے فیصل واوڈا صاحب بھی اس پروگرام میں شریک تھے۔ ان کا خیال تھا کہ مرشد کو "ٹریپ" کرایا گیا ہے اور پی ٹی آئی کی قیادت نے یہ جھمیلا اس لئے لگوایا ہے کہ مرشد کبھی باہر نہ آ سکیں۔

ان کی بات میں وزن کچھ یوں لگتا ہے کہ مرشد باہر آ گئے تو برسرزمین قیادت سے میڈیا کی توجہ ہٹ جائے گی۔ اس وقت یہ قیادت جہاں جاتی ہے، میڈیا پیچھے ہوتا ہے۔ پریس ٹاک، انٹرویو، کیمروں کی روشنیاں، مرشد کے آنے کے بعد یہ کام کہاں رہے گا۔ پھر تو یہ سب ایسی نوکریاں ہو جائیں گی جس کے ساتھ "کلے" کا سٹکر لگا ہوتا ہے۔

فیصل واوڈا صاحب نے مسلم لیگ ن کے بارے میں بھی اظہار خیال کیا اور فرمایا کہ یہ جماعت غیر متعلق ہوتی جا رہی ہے یا شاید یوں کہا کہ ہو گئی ہے۔

گرائمر کی غلطی ہے۔ ہو گئی نہیں۔ کر دی گئی ہے۔ فیصل واوڈا صاحب دراصل اس کارنامے کا کریڈٹ شہباز شریف، نواز شریف اور مریم نواز کو دینا نہیں چاہتے اس لئے ہو گئی یعنی خود بخود ہو گئی ہے کا تاثر دیا۔ خود بخود کوئی شے کہاں ہوتی ہے بھیا۔ بہت محنت کرنا پڑتی ہے۔

زیر نظر معاملے میں کریڈٹ شہباز شریف کی محنت، نواز شریف کی عدم محنت اور محترمہ مریم صاحبہ کے مشیران اور مشیرنیوں کو جاتا ہے۔ مسلم لیگ کے گڑھ پنجاب میں مسلم لیگ بھولی بسری داستان بن کر رہ گئی ہے۔ بہرحال، گاہے گاہے باز خوانی ہوتے رہے تو بھولی بسری داستانیں بہت مزا دیا کرتی ہیں۔

امریکہ سے خبر ہے کہ وہاں کے مسلمان بہت پریشان اور پشیمان ہیں۔ اس بات پر کہ ان سے ٹرمپ کو ووٹ دینے کی بھول ہو گئی اور اب ٹرمپ ہر اہم عہدے پر چن چن کر صیہونی یہودیوں یا صیہونی نواز امریکیوں کو تعینات کر رہا ہے۔

حیرت ہے۔ امریکہ سے ہزاروں میل دور بیٹھے، دنیا کے ہر ملک کے ہر فرد کو پتہ تھا کہ ٹرمپ صیہونیوں سے بڑھ کر صیہونی ہے اور اگر نہیں پتہ تھا تو امریکی مسلمانوں کو نہیں۔

اور ٹرمپ کا پچھلا دور بھی اس کی گواہی دیتا ہے۔ یہ ٹرمپ ہی تو تھا جس نے یروشلم کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کیا۔

لگتا ہے بائیڈن کی اسرائیل نوازی کا غصہ امریکی مسلمانوں نے بائیڈن کی پارٹی کی کملا ہیرس پر نکالا اور یہ نہیں دیکھا کہ کملا ہیرس بھی اسرائیل کی دوست تو اگرچہ ہوتی تھیں ٹرمپ سے سینکڑوں گنا کم۔

ویسے ٹرمپ نے پھر بھی جیت ہی جانا تھا، امریکی مسلمان ووٹ نہ دیتے تب بھی۔ امریکی مسلمان کل ووٹروں کا ڈیڑھ فیصد بھی نہیں ہیں۔ شاید ایک اعشاریہ 33 فیصد ہیں جو نتائج سامنے آئے ہیں، ان میں سے اتنے ووٹ منہا کر لئے جائیں، ٹرمپ پھر بھی جیت جاتے ہاں جیت کا مارجن ضرور کم ہو جاتا۔

صدر بائیڈن جاتے جاتے ٹرمپ کیلئے مشکل پیدا کر گئے ہیں۔ جدید ترین تباہ کن امریکی میزائل امریکہ نے یوکرائن کو میدان جنگ میں استعمال کرنے کیلئے دیئے تھے۔ اب بائیڈن حکومت نے یوکرائن کو اجازت دے دی ہے کہ وہ مورچوں اور میدان جنگ سے آگے بڑھ کر ان میزائلوں کو روس کے اندر، شہروں اور فوجی تنصیبات پر بھی چلا سکتا ہے۔ روس کے دوست، یورپی یونین کے دشمن ٹرمپ کیلئے صدمے کا سامان تو ہو گیا۔

ادھر روس کی حالت اتنی پتلی ہے کہ فوج کم پڑ گئی، اب یوکرائن کی جنگ روس کیلئے روسی فوج نہیں، شمالی کوریا کی فوج لڑ رہی ہے۔ روس پر یہ دن بھی آنے تھے۔

آئین پاکستان کے تحت اظہار رائے کی آزادی کا حق اور پیمرا اختیارات

پاکستان کے آئین میں تقریر اور صحافت کی آئینی آزادی کو نمایاں کیا گیا ہے۔ پیمرا بین الاقوامی، قومی، صوبائی، ضلعی، اور مقامی یا خصوصی ہدف والے سامعین کے مقصد کے لیے قائم کی گئی پاکستان میں تمام نجی نشریاتی میڈیا اور تقسیم کی خدمات کے قیام اور آپریشن کو آسان بنانے اور منظم کرنے کی ذمہ دار ہے۔ پاکستان کے آئین میں بنیادی حقوق کے آرٹیکل 19 اور آرٹیکل 19A کے تحت آئین پاکستان پیمرا کو اختیارات دیتا ہے کہ معلومات، تعلیم اور تفریح کے معیار کو بہتر بنائیں۔ خبروں، حالات حاضرہ، مذہبی علم، فن، ثقافت، سائنس، ٹیکنالوجی، اقتصادی ترقی، سماجی شعبے کے خدشات، موسیقی، کھیل، ڈرامہ اور عوامی اور قومی دلچسپی کے دیگر موضوعات کے لیے میڈیا میں پاکستانی عوام کے لیے دستیاب انتخاب کو وسیع کریں۔ مقامی اور کمیونٹی کی سطح پر ذرائع ابلاغ تک لوگوں کی رسائی کو بہتر بنا کر نچلی جڑوں تک ذمہ داری اور طاقت کی منتقلی میں سہولت فراہم کریں۔ معلومات کے آزادانہ بہاؤ میں اصلاح کے ذریعے احتساب، شفافیت اور گڈ گورننس کو یقینی بنائیں۔ ہر شہری کو اظہار رائے کی آزادی کا حق حاصل اور آزادی صحافت ہوگی، جو اسلام کی شان یا پاکستان کی سالمیت، سلامتی یا دفاع یا کسی بھی حصے کے مفاد میں قانون کے ذریعے عائد کی گئی کسی بھی معقول پابندی سے مشروط ہوگی اس میں غیر ملکی ریاستوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات، امن عامہ، شائستگی یا اخلاقیات، یا توہین عدالت، کمیشن یا کسی جرم پر اکسانے کے سلسلے میں آرٹیکل 19(A) معلومات کا حق ہر شہری کو عوامی اہمیت کے تمام معاملات میں معلومات تک رسائی حاصل کرنے کا حق ہوگا ضابطے اور قانون کی طرف سے عائد کردہ معقول پابندیوں کے تابع آرٹیکل 19-19(A): بنیادی حقوق اور پالیسی کے اصول اور حصہ دوم، باب 1 بنیادی حقوق ماخذ پاکستان آئین میں ہیں٪ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) یا مقتدرہ ضابطہ برقی ذرائع ابلاغ پاکستان ایک آزاد اور آئینی طور پر قائم وفاقی ادارہ ہے جو میڈیا کلچر، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے قیام کے لیے چینل لائسنس کو باقاعدہ جاری کرنے کا ذمہ دار ہے۔ پیمرا وزارت اطلاعات کے ماتحت کام کرتا ہے، اس کا قیام یکم مارچ 2002 کو عمل میں لایا گیا اس کے پہلے چیئرمین میاں جاوید تھے اس کے بعد افتخار رشید مشتاق ملک ڈاکٹر عبد الجبار رشید احمد پرویز راٹھور کمال الدین ٹیپو ابصار عالم چیئرمین تھے پوری دنیا کو فیک نیوز کا بڑا چیلنج درپیش ہے، اس چیلنجز پر قابو پانے کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پیمرا کے چیئرمین مرزا محمد سلیم بیگ کی چیئرمین شپ میں بہت سے مسائل حل ہوئے جو دیگر محکموں کے لیے ایک مثال ہے۔ محمد سلیم بیگ نے قومی میڈیا کو پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے اور قومی بیانیے کو فروغ دینے کے لئے ہر ممکن سہولت کی فراہمی کی ہے۔ پاکستان دشمن قوتوں کے بیانیے کا موثر جواب دیا ہے 7 اگست 2024 کو چیئرمین پیمرا نے صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ جدید مواصلاتی ٹیکنالوجی کی وجہ سے نئے چیلنجز درپیش ہیں جبکہ غلط معلومات اور پروپیگنڈے کے حوالے سے ضابطہ اخلاق پر عمل ہونا چاہیے۔ ایوان صدر اسلام آباد میں صدر آصف علی زرداری سے چیئرمین پیمرا کی ملاقات میں مرزا محمد سلیم بیگ نے صدر کو پیمرا رپورٹ 2021-23 پیش کی۔ صدر آصف زرداری نے جعلی خبروں اور غلط معلومات کے پھیلاؤ کی حوصلہ شکنی پر زور دیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ حقائق کی جانچ پڑتال، معلومات کی تصدیق کو کلچر فروغ دینا ہوگا، میڈیا معاشرے میں رواداری، اتحاد کے فروغ میں کردار ادا کرے اور صحافت کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھے۔ صدر مملکت نے جدید ٹیکنالوجی، انسانی وسائل سے پیمرا کی استعداد کار بہتر بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا تھا۔ چیئرمین پیمرا نے صدر مملکت کو میڈیا منظرنامے کی ریگولیشن اور ترقی میں پیمرا کے کردار اور کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا تھا صدر مملکت آصف زرداری نے پیمرا کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ مرزا سلیم بیگ کو جون 2018 میں عبوری حکومت کے دوران اس عہدے پر تعینات کیا گیا تھا انہیں جون 2018 کو چیئرمین پیمرا کے لیے تین امیدواروں کے ساتھ شارٹ لسٹ کیا گیا تھا جن میں دیگر میں اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے ورکنگ جرنلسٹ اصغر علی مبارک بھی شامل تھے، یاد رکھیں کہ سپریم کورٹ نے 29 جون، 2018 کو چیئرمین پیمرا کو تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دیا تھا۔ مرزا سلیم بیگ چیئرمین پیمرا تعینات ہونے سے قبل وزارت اطلاعات میں پرنسپل انفارمیشن آفیسر کے طور پر فرائض سرانجام دے رہے تھے یاد رہے کہ چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ نے سپریم کورٹ کی ہدایت پر اپنے عہدے کا چارج سنبھالا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ پیمرا ایک بے مثال اور موثر ریگولیٹری ادارہ بنے گا۔ تمام مسائل تمام فریقین کی باہمی مشاورت سے حل کیے جائیں گے۔ آئین کے آرٹیکل 19 کے تحت اظہار رائے کی آزادی کو یقینی بنایا جائے گا۔ دیگر امیدواروں پر ان کی تقرری مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد کی گئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ سپریم کورٹ نے پیمرا کے سربراہ کے تقرری کے لیے طریقہ کار کی وضاحت کی کہ حکومت کا خصوصی دائرہ اختیار تھا جب کہ صدر مذکورہ تقرری کی حتمی منظوری دیتے ہیں

تحریر
سید مجتبیٰ رضوان

کتاب دوست چیئرمین پیمرا سلیم بیگ کا کہنا ہے کہ کتاب سے دوبارہ رشتہ جوڑنے سے ہی قوم کا حال اور مستقبل بہتر ہوگا۔ انہوں نے یہ بات کتاب میلے کے دوسرے دن دورے کے دوران کہی تھی۔ سلیم بیگ نے کہا کہ اس سے بڑا المیہ کیا ہو سکتا ہے کہ شہری کتاب اور قلم کو چھوڑ کر سنگ و خشت کے دیوانے ہو گئے ہیں۔ کتاب جسم میں روح کی مانند ہے۔ اگر جسم سے روح نکال لی جائے تو اس کی اہمیت نہیں رہتی۔ انٹرنیٹ نے لوگوں کو کتابوں سے دور کیا ہے، لیکن جو لوگ کتاب کی اہمیت کو سمجھتے ہیں وہ اس کے بغیر خود کو نامکمل سمجھتے ہیں۔ پی ڈی ایف کتابیں کروڑوں کی تعداد میں انٹرنیٹ پر موجود ہیں مگر آج بھی کتب بینی زیادہ تر کاغذ پر شائع شدہ مواد ہی کی مرہون منت ہے۔ کتاب سے دوستی بہترین دوستی ہے چیلنجز پر قابو پانے کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پیمرا (ترمیمی) ایکٹ 2007 کے سیکشن 17 کے تحت اتھارٹی ہر مالی سال کے لیے سالانہ مالیاتی رپورٹ شائع کرنے اور صدر مملکت کو پیش کرنے کا پابند ہے۔ رپورٹ جامع طور پر مالی سال 2015-2018 کے دوران اتھارٹی کی کارکردگی کا ایک مکمل جائزہ تھی۔ سروے کے مطابق پاکستان میں 65 فیصد ناظرین کیبل ٹی وی، 25 فیصد ٹیریسٹریل اور 9 فیصد سیٹلائٹ ڈش کے ذریعے ٹی وی ٹرانسمیشن تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔ پیمرا نے 2018 تک مقامی سیٹلائٹ ٹی وی کیلئے 88 لائسنس جاری کیے تھے جن میں سے 37 تفریحی، 26 نیوز و کرنٹ افیئرز، 18 علاقائی، 4 تعلیمی، 1 صحت، 1 کھیل اور ایک زرعی ٹی وی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ 35 غیر ملکی چینلز کو لینڈنگ رائٹ پرمیشن بھی دی گئی تھی۔ اسی طرح 060,4 کیبل ٹی وی، 6 ایم ایم ڈی ایس، 4 آئی پی ٹی وی، 5 موبائل ٹی وی اور ایک موبائل آڈیو لائسنس جاری کیے گئے تھے رپورٹ کے مطابق الیکٹرانک میڈیا میں سرمایہ کاری کے لیے نئے راستے کھلے تھے۔

ایک محتاط تخمینہ کے مطابق 2002 سے 2018 تک الیکٹرانک میڈیا سیکٹر کے مختلف شعبوں میں 7 ارب امریکی ڈالر کی مجموعی سرمایہ کاری دیکھی گئی تھی اور پانچ لاکھ سے زائد لوگوں کو روزگار بھی ملا تھا یہ سرمایہ کاری مزید بڑھی اور ذرائع ابلاغ سے وابستہ دوسرے کاروبار جیسے پروڈکشن ہاؤسز، ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں، موسیقی اور پرفارمنگ آرٹس کیلئے نئی جہتوں کو جنم دیا تھا پیمرا رپورٹ کے مطابق عملی سرگرمیوں میں الیکٹرانک میڈیا ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر مختلف ٹی وی چینلز کو 618 اظہار وجوہ کے نوٹسز اور انتباہ جاری کیے گئے تھے اور سزا کے طور پر 25 پروگراموں / اشتہارات پر پابندی عائد کی گئی ہے، 13 ٹی وی چینلز کے لائسنس معطل اور 53.106 ملین روپے جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔ پیمرا نے اس عرصہ کے دوران 494,18 کیبل ٹی وی نیٹ ورکس کا معائنہ کیا تھا اور 967,1 سسٹم ضبط کیے گئے اور 656.13 ملین روپے جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔ کیبل نیٹ ورک پر 80 کے قریب مختلف غیر ملکی چینلز بند کر دیے گئے تھے جو کہ غیر قانونی طور پر نشر کیے جا رہے تھے۔ پیمرا انفورسمنٹ ٹیموں نے ایف آئی اے اور سٹم انٹیلی جنس کے تعاون سے 651,11 غیر قانونی انڈین ڈی ٹی ایچ اور سی لائن (C-Line) کے آلات ضبط کیے تھے، اس غیر قانونی سامان کو ذخیرہ کرنے والے 386 گودام بند کیے گئے تھے، اور اس غیر قانونی سامان کے 13 اسمگلروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کی گئی تھی۔

"فائنل کال" میں "محفوظ راستہ" فراہم کرنے کی خواہش

عاشقان عمران نے نہایت لگن سے پاکستانیوں کی اکثریت کو قائل کر دیا ہے کہ پیمرا کے دیے لائسنس کے ساتھ چلائے ٹی وی چینلوں پر نظر آنے والے تمام صحافی اور اینکر بکاؤ ہیں۔ سچ جاننا ہے تو ان جی دار افراد صحافیوں سے رجوع کرو جو یوٹیوب چلاتے ہیں۔ اخبارات میں جو چھپتا ہے اس پر تو جوان نسل ویسے ہی توجہ نہیں دیتی۔ ہماری آبادی کی ایک مخصوص (اگرچہ محدود) تعداد اب بھی اخبارات میں لکھے مضامین و کالم ہی بہت توجہ سے پڑھتی ہے۔ نوجوان نسل کا فکرمند حصہ بھی کالموں کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ اخبارات میں لکھے کالم بے وقعت ہو گئے ہوتے تو کم از کم میں ہفتے میں پانچ دن صبح اٹھتے ہی یہ کالم لکھنے کی عادت عرصہ ہوا چھوڑ چکا ہوتا۔

ایک دو بار ٹھوس وجوہات کی بنا پر میں یہ کالم لکھنے سے وقفہ لینے کو مجبور ہوا۔ دو سے تین دن گزر گئے تو پاکستان کے کئی شہروں سے کال اجنبی افراد نے کسی نہ کسی طرح میرا فون نمبر حاصل کرنے کے بعد مجھ سے رابطہ کیا۔ اپنا تعارف کروانے کے بعد پریشانی سے یہ جاننے کی کوشش کی کہ میرا کالم شائع کیوں نہیں ہو رہا۔ مہربانوں کا فکرمند لہجہ مجھے احساس جرم میں مبتلا کر دیتا۔ وقفہ تو بہت دور کی بات ہے۔ کالم "نوائے وقت" کے انٹرنیٹ ایڈیشن پر پوسٹ ہونے میں دیر ہو جائے تب بھی قارئین کی مناسب تعداد اس کی وجہ جاننے کو بے چین رہتی ہے۔

جو تمہید لکھی مقصد اس کا ہرگز یہ ثابت کرنا نہیں کہ نصرت جاوید نامی شخص کو پڑھے بغیر قارئین کا گزارہ نہیں ہوتا۔ عرض فقط یہ کرنا ہے کہ روایتی اخبار میں لکھے الفاظ آج بھی سنجیدگی سے لئے جاتے ہیں۔ اپنی بات ثابت کرنے کو حوالہ فقط ذاتی تجربات کا ہی دے سکتا تھا۔ آج مگر ایک نئی مثال سامنے ہے۔

ذاتی طور پر مجھے انصار عباسی صاحب کی نظریاتی سوچ سے شدید اختلاف ہے۔ ان کی کٹھ ملائیت سے خوف آتا ہے۔ اس کے باوجود نہایت دیانتداری سے یہ تسلیم کرتا ہوں کہ موصوف میری طرح رپورٹنگ کے لئے درکار مشقت سے فرار اختیار کرنے کو رضامند نہیں ہوئے۔ "خبر" کے تعاقب میں رہتے ہیں۔ ان کی جانب سے دی ایک "خبر" منگل کے دن پاکستان کے ریگولر نہیں بلکہ سوشل میڈیا کے تمام پلیٹ فارموں پر بھی چھائی رہی۔ "بکاؤ" اور "جی دار" صحافی اسے زیر بحث لانے کو مجبور ہوئے۔


برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

موصوف کی دی خبر کے مطابق ایک "اعلیٰ حکومتی شخصیت" تحریک انصاف کے "ٹاپ لیول" رہنما کے ساتھ رابطے میں ہے۔ تحریک انصاف کو وہ شخصیت اس امر پر قائل کرنا چاہ رہی ہے کہ وہ 24 نومبر کے روز اسلام آباد پر آخری دھاوا بولنے کا ارادہ ترک کر دے۔ تحریک انصاف مگر "حکومت" کی بات ماننے کو تیار نہیں۔ "مقتدرہ" سے براہ راست گفتگو کی خواہش مند ہے۔ "مقتدرہ" کی جانب سے مگر اسے بتایا جا رہا ہے کہ تحریک انصاف کو اپنی بات منوانے کے لئے حکومتی نمائندوں ہی سے بات کرنا ہوگی۔

خبر چھپی تو اسے پڑھ کر میرے خبطی ذہن میں برجستہ سوال یہ اٹھا کہ انصار عباسی نے جو "خبر" دی ہے اس میں "نیا" کیا ہے۔ جھکی پن سے ہٹ کر اس سوال پر دوبارہ غور کیا تو احساس ہوا کہ انصار عباسی کی دی "خبر" کی "ٹائمنگ" (وقت) بہت معنی خیز ہے۔ اس سے ایک روز قبل وہ علی امین گنڈاپور کے حوالے سے بھی ایک خبر دے چکے تھے۔ جس دن یہ خبر چھپی اس روز ایپکس کمیٹی کا اجلاس متوقع تھا۔ ایسے اجلاس میں وزیر اعظم اور چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کے علاوہ آرمی چیف اور آئی ایس آئی کے سربراہ بھی موجود ہوتے ہیں۔ بطور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور اس کے اجلاس میں شرکت سے قبل جائز وجوہات کی بنا پر اپنی جماعت کے بارے میں "نرم" رویہ کی راہ بنانے کا حق رکھتے تھے۔ اسی باعث انصار عباسی سے گفتگو کی۔ اس گفتگو کے بعد جو خبر آئی وہ عندیہ دے رہی تھی کہ جس "حکومتی شخصیت" سے تحریک انصاف کی "ٹاپ قیادت" رابطے میں ہے اسے "مقتدرہ" کا اعتماد بھی حاصل ہے۔ منگل کی صبح چھپی خبر میں "نیا پن" لہٰذا یہ تھا کہ تحریک انصاف "مقتدرہ" سے براہ راست گفتگو کے بجائے ایک ایسی "حکومتی شخصیت" سے رابطہ برقرار رکھے ہوئے ہے جس سے گفتگو کا مقصد بالواسطہ انداز میں "مقتدرہ" ہی سے گفتگو کرنا ہے۔

رابطوں کی خبر چھپ گئی تو ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے قبل علی امین گنڈاپور اڈیالہ جیل گئے۔ وہاں ان کے لئے عمران خان سے ملاقات کی خاطر "کانفرنس روم" کھلوایا گیا۔ عمران خان کی "نا اہلی" کے سبب تحریک انصاف کے وقتی سربراہ ہوئے بیرسٹر گوہر بھی اس ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات ختم ہو گئی تو اس کے بارے میں پریس کو بیان عمران خان صاحب کی ہمشیرہ علیمہ خان صاحبہ نے دیا۔ کلیدی پیغام محترمہ نے یہ دیا کہ تحریک انصاف کے سربراہ نے بیرسٹر گوہر اور علی امین گنڈاپور کو جمعرات تک کی مہلت دی ہے۔ اس وقت تک اگر "حکومتی شخصیت" کی کاوشوں سے "مقتدرہ" کے ساتھ بھی کسی نوعیت کا رابطہ ہونے کے بعد مذاکرات کی راہ بنی تو 24 نومبر کی "فائنل کال" ملتوی ہو سکتی ہے۔ مذاکرات کے ذریعے کیا حاصل کرنا ہے؟ اس سوال کا جواب تھا: "چوری شدہ مینڈیٹ کی واپسی"۔

بعدازاں ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اس کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی دردمند آواز میں تحریک انصاف کا نام لئے بغیر دھرنے کے بجائے مذاکرات کی درخواست کر دی۔ آرمی چیف کے خطاب کی توجہ البتہ دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کے اظہار پر مرکوز رہی۔ کم از کم مجھے یہ تاثر نہیں ملا کہ "مقتدرہ" عمران خان کی خواہش کے مطابق تحریک انصاف سے براہ راست مذاکرات کی متمنی ہے۔ تحریک انصاف کو موجودہ حکومت ہی سے مذاکرات کا آغاز کرنا ہوگا۔ عمران خان اس کے لئے رضامند کیوں ہوں گے؟ اس سوال کا جواب میں فی الوقت اعتماد کے ساتھ فراہم نہیں کر سکتا۔ علی امین گنڈاپور کی "آنیاں جانیاں" مگر عندیہ دے رہی ہیں کہ تحریک انصاف کی اب تک جیل سے محفوظ رہی قیادت دل سے یہ چاہتی ہے کہ ان کے قائد 24 نومبر کی "فائنل کال" کو کچھ دنوں تک موخر کر دیں اور حکومت اور مقتدرہ ان رہنماؤں کو 24 نومبر کا امتحان ٹالنے کے لئے "محفوظ راستہ" فراہم کرے۔ اس کے علاوہ میرا جھکی ذہن کوئی اور تعبیر ڈھونڈنے سے قطعاً قاصر ہے۔

سوشل میڈیا کے مضمرات

ٹیکنالوجی کی دنیا میں آنے والے انقلابات میں سوشل میڈیا سب سے بڑا انقلاب ثابت ہوا جس نے ہمارے باہمی میل جول، معلومات کے حصول اور اسے دوسروں تک پہنچانے کے طریقوں کو بدل کر رکھ دیا۔ جہاں اس نے یہ سب آسان کیا وہیں سوشل میڈیا ڈس انفارمیشا جھوٹ پھیلانے کا تیز ترین ذریعہ بھی بن گیا۔ آج ہمیں سوشل میڈیا پر ہر طرح کی جعلی خبریں دیکھنے کو ملتی ہیں، جن کے پیچھے مختلف قسم کے سیاسی، نظریاتی یا معاشی مفادات ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ خبریں مکمل جھوٹ پر مبنی ہوتی ہیں اور دھوکہ دینے کے لیے بنائی گئی ہوتی ہیں۔ اس کے لیے کئی طریقے اپنائے جاتے ہیں۔ جیسے پرانی تصاویر کا غلط سیاق و سباق کے ساتھ استعمال، یا پھر کسی نئی تباہیا حادثے کو کسی پرانی آفت کی تصاویر کی مدد سے بڑھا چڑھا کر پیش کرنا۔ بعض اوقات اصل تصاویر کو ایڈٹ کر لیا جاتا ہے یا پھر ایسی سنسنی خیز سرخیاں لگائی جاتی ہیں جو آپ کو اپنی طرف کھینچتی ہیں لیکن اندر موجود مواد بے معنی ہوتا ہے۔ "متبادل سچائی" والے نظریے کے مطابق حقیقت کے ایک سے زیادہ رخ ہو سکتے ہیں، جس میں ذاتی آراء کو بھی حقائق کی طرح درست سمجھا جاتا ہے۔ اب تو ڈیپ فیک تصاویر یا ویڈیوز بھی بنائی جا رہی ہیں جن میں AI کی مدد لی جاتی ہے۔ یہ کسی غیر حقیقی منظر کو حقیقی بنا کر پیش کر سکتی ہیں جیسے کہ آپ کو کسی ساحل پر دکھانا جبکہ آپ اپنے گھر میں سو رہے ہوں۔ یہ سب کچھ دنیا میں کوئی بھی شخص کسی بھی کونے میں بیٹھ کر محض چند کلکس کی مدد سے کر سکتا ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ انٹرنیٹ نے دنیا کو ایک عالمی نیوز روم بنا دیا ہے جہاں لوگ اپنی رائے کو خبر بنا کر پیش کرتے ہیں لیکن اس طرح کہ حقیقت اور جھوٹ کے درمیان فرق مٹ جاتا ہے۔ جھوٹی خبریں یا ڈس انفارمیشن غصہ، پریشانی یا خوف جیسے منفی جذبات کو بھڑکانے کے لیے بنائی جاتی ہیں تاکہ فوری ردعمل پیدا ہو۔ 2018 میں

تحریر
مفتی محمد مجاہد سعیدی

MIT) Massachusetts) Institute of Technology کی ٹویٹر پر کی گئی ایک تحقیق سے پتا چلا کہ منفیا جھوٹی خبریں 70 فیصد زیادہ ری ٹویٹ کی جاتی ہیں۔ اس کا مقصد سادہ سا ہوتا ہے کہ لوگوں کے اندر موجود خوف یا تعصبات کو نشانہ بنا کر فوری ردعمل پیدا کیا جا سکے۔ اس کے نتائج اکثر بہت خطرناک نکلتے ہیں۔ یہ بہت بڑے پیمانے پر عوامی فسادات سے لے کر انتخابات میں ووٹرز کی رائے اور پھر انتخابی نتائج میں تبدیلی پر منتج ہو سکتے ہیں۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ لوگ جھوٹی خبروں پر اتنی جلد یقین کیوں کر لیتے ہیں؟ ماہرین نفسیات نے اس حوالے سے کئی نظریات پیش کیے ہیں۔ ایک نظریہ Confirmation ہے، یعنی اگر خبر یا کہانی آپ کے خیالات و نظریات سے میل کھاتی ہے تو آپ اسکو فوراً قبول کرتے ہیں چاہے وہ جھوٹ پر مبنی ہو۔ ایک اور نظریہ Social Identity ہے جس کے مطابق اگر خبر کسی شخص کے سماجی گروہ یا شناخت کو تقویت دیتی ہے تو وہ اسے بلا تحقیق شیئر کرے گا۔ وجہ جو بھی ہو لیکن جھوٹی خبریں یا ڈس انفارمیشن لوگوں کی سوچ اور رویوں پر بہت بری طرح سے اثر انداز ہو رہی ہے۔ جس سے ہمارے معاشرے میں سیاسی اور سماجی تفریق پیدا ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا خبروں کے حوالے سے معتبر ذرائع اور اداروں کو بھی کمزور کر رہا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس مسئلے سے کیسے نمٹا جائے؟ دنیا بھر میں ڈس انفارمیشا جھوٹی خبروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے قوانین بنائے گئے ہیں۔ جن پر سختی سے عمل بھی کیا۔

جاتا ہے۔ قانون توڑنے والوں کو سزائیں بھی دی جاتی ہیں۔ جیسے کہ یورپی یونین کا Digital Services کا قانون۔ اسی طرح برطانیہ نے "Online Safety" کا قانون متعارف کروایا ہے۔ امریکہ میں سوشل میڈیا کمپنیوں پر دباؤ ڈالنے کے لیے آئے دن کانگریس کی سماعتیں ہوتی رہتی ہیں اور اس حوالے سے بار بار ان کمپنیوں کی طلبی ہوتی ہے جہاں ان کو کڑے سوالوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کئی نجی ادارے بھی اس مسئلے سے نمٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن یہ سب اقدامات کافی نہیں ہیں، اس کے لیے عوام کی شمولیت بھی ضروری ہے۔ ہمیں سب سے پہلے جھوٹی خبروں کے نقصانات سے آگاہی حاصل کرنا ہوگی اور خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے انکی تصدیق کرنے کی عادت اپنانی ہوگی۔ پاکستان بھی سوشل میڈیا کے منفی اثرات سے اسی طرح متاثر ہے جیسے کہ باقی دنیا کے ممالک۔ حال ہی میں ایک تعلیمی ادارے میں خاتون سے بدسلوکی کی جعلی خبر اس طرح پھیلائی گئی کہ اس کی وجہ سے ملک بھر میں امن عامہ کا سنگین مسئلہ پیدا ہو گیا۔ اسی طرح اپنے مخصوص مقاصد، جن میں سیاسی، معاشی اور نظریاتی مفادات کا حصول شامل ہیں، سوشل میڈیا کا ایک گروہ مسلسل جھوٹ اور سنسنی پھیلانے میں مصروف ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی اور سماجی سطح پر وہ تمام اقدامات کیے جائیں جن سے ہماری نوجوان نسل کو اس عفریت کے غلط استعمال اور اس کے ممکنہ اثرات سے آگاہی دی جائے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ہمارا معاشرہ ایک مثبت اور تعمیری سوچ سے دور ہوتا چلا جائے گا۔ آخر میں فرانسیسی فلسفی پیئر ابیلارڈ کا ایک قول یاد رکھنے کے قابل ہے کہ "حکمت کا آغاز شک سے ہوتا ہے، شک ہمیں سوالات کی طرف لے جاتا ہے اور سوالات ہمیں سچائی تک پہنچانے میں مدد کرتے ہیں۔" پہلے سے کہیں زیادہ، آج اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے!

سہارے کچھ کام نہیں آئیں گے!

تحریک انصاف کارکنان عمران خان کی رہائی کیلئے بڑے ہی پرجوش دکھائی دیتے ہیں، ایک طرف چوبیس نومبر احتجاج کی تیاریاں ہو رہی ہے تو دوسری جانب کارکنان کی گرفتاریاں ہو رہی ہیں، لیکن کارکنا پر عزم ہیں کہ احتجاجی تحریک کامیاب بنائیں گے اور بانی پی ٹی آئی عمران کان کی رہائی دلائیں گے، اس کے برعکس حکومت کی پوری کوشش ہے کہ اس احتجاجی تحریک کے ساتھ ہر اندرونی و بیرونی دباؤ کو نہ صرف ناکام بنایا جائے، بلکہ عدالت سے ضمانت ملنے پر بھی عمران خان کو رہا نہ ہونے دیا جائے، اس کوشش میں حکومت بڑی حد تک کامیاب دکھائی دے رہی ہے، لیکن یہ کوشش کب تک کارگر رہے گی، اس بارے کچھ یقین سے کہنا مشکل ہے، کیونکہ اگر پس پردہ معاملات طے پا گئے تو حکومت کچھ بھی نہیں کر پائے گی اور بے بسی سے دیکھتے ہی رہ جائے گی۔

اگر دیکھا جائے تو تحریک انصاف کے ساتھ ایک عرصے سے ادارتی نرمی گرمی کا سلسلہ ایسے ہی چل رہا ہے، ایک طرف مذاکرات کا شور ہے تو دوسری جانب ایک کے بعد ایک مقدمے بنا کر پابند سلاسل رکھنے پر زور ہے، گزشتہ روز بھی ایک کیس میں ہائی کورٹ سے عمران خان کی ضمانت ہوئی تو دوسرے میں دھر لیا گیا اور ایک نئے مقدمے پر تفتیش شروع کر دی گئی ہے یہ مقدمات بنتے اور ضمانتیں ہونے کا سلسلہ ایسے ہی چلتا رہے گا، جب تک کہ معاملات کہیں طے نہیں ہوں گے، اس کو ڈیل اور ڈھیل کا نام دیا جائے یا اس پر

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

مفاہمت کا لیبل لگایا جائے، اس کو آج نہیں تو کل ہونا ہی ہے، اس کے بغیر الجھے معاملات سلجھ پائیں گے نہ ہی فریقین آگے کہیں بڑھ پائیں گے۔

گزشتہ ادوار میں جو کچھ ہوتا رہا ہے، اس بار بھی وہی کچھ دہرایا جا رہا ہے، اہل سیاست نے اپنے ماضی سے کچھ سیکھا ہے نہ ہی اہل ریاست اپنی روش بدل رہے ہیں، دونوں آزمائے فارمولے ہی آزمائے جا رہے ہیں اور خود کو یقین دلائے جا رہے ہیں کہ اس بار اپنے حصول مفاد میں کامیاب ہو جائیں گے، جبکہ ایسا کچھ پہلے ہوا ہے نہ ہی آئندہ کچھ ہونے والا ہے، ایک بار پھر آزمایا ناکام فارمولا، دوبارہ ناکام ہونے والا ہے، اس کے آثار صاف دکھائی دے رہے ہیں، اتحادی ایک دوسرے سے منہ موڑ رہے ہیں، سرپرست ہاتھ کھینچ رہے ہیں اور حزب اختلاف ایک دوسرے سے اپنا کندھا جوڑ رہے ہیں، اس وقت ایک بڑا احتجاج اور اس کے پیچھے مذاکرات، ایسے ہی نہیں ہو رہے ہیں، اس سب کے پیچھے کچھ تو ایسا ضرور ہو رہا ہے کہ جس کی پردہ داری کی جا رہی ہے۔

یہ بات چھپانے سے چھپنے والی نہیں ہے کہ لانے والے بے زار ہونے لگے ہیں اور کہیں اور بات چلانے لگے ہیں، اس کیلئے بیرونی دباؤ کا بہانہ بنایا جا رہا ہے اور کسی دوسرے کیلئے راستہ ہموار کیا جا رہا ہے، اس حصول اقتدار کی دوڑ میں شامل ہونے کیلئے سب ہی زور لگا رہے ہیں، ایک دوسرے سے آگے بڑھ کر یقین دلا رہے ہیں کہ اس سے بہتر ثابت ہوں گے، اس حکومت کے ساتھ وہی کچھ ہونے جا رہا ہے جو کہ اس نے اپنے سے پہلی حکومت کے ساتھ کیا تھا، کل اُن کی باری تھی تو آج اِن کی باری آ رہی ہے تو ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں، واویلا کر رہے ہیں اور دوسروں کے ایجنڈے کی تکمیل کا الزام لگا رہے ہیں، لیکن بھول رہے ہیں کہ خود کس کے ایجنڈے کی تکمیل کیلئے آئے تھے اور کس کے ایجنڈے کی تکمیل میں لگے رہے ہیں، یہ مقافات عمل ہے اور اس کا سامنا تو کرنا ہی پڑے گا، جو کچھ بویا ہے، وہی کاٹنا پڑے گا۔

اس حکومت کے پاس اپنی اصلاح کا وقت بہت کم ہی رہ گیا ہے، حکومت کو چاہئے کہ اس قلیل وقت میں اپنے لیئے نہیں تو عوام کیلئے ہی کچھ کر لے، تاکہ جب عوام میں جائیں تو عوام کا سامنا کر سکیں، عوام سے اپنے لئے کچھ مانگ سکیں، عوام کی کچھ نہ کچھ حمایت حاصل کر سکیں، لیکن حکومتی قیادت کو عوام سے زیادہ عوام مخالف ہی عزیز رہے ہیں، انہیں ہی خوش کیا جا رہا ہے اور ان کے ہی سہارے چلا جا رہا ہے، حکومت اور اپوزیشن کو جان لینا چاہئے کہ یہ سہارے بروقت کبھی کام نہیں آئیں گے، یہ سہارے بیچ منجھ دار چھوڑ جائیں گے، یہ کبھی ایک تو کبھی دوسرے کا سہارا بن جائیں گے اور بن سہارے ہاتھ پاؤں مارنے والے گہرے سمندر میں کہیں ڈوب جائیں گے، اس پر فراز نے کیا خوب کہا ہے کہ۔

زندگی تو اپنے سہارے چلتی ہے فراز
اوروں کے سہارے تو جنازے اُٹھا کرتے ہیں!

بتوں سے تجھ کو امیدیں، خدا سے ناامیدی

اللہ کی ربوبیت پر جب ایمان ہو جائے کہ میرا رب اللہ ہے اور پھر اس ایمان پر جم جائے ڈٹ جائے تو اس بشر کو نہ کوئی خوف نہ غم نہ خطرہ محسوس ہوتا ہے۔ یقین کامل ہوتا ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے اللہ کے اذن سے ہو رہا ہے۔ اس کائنات کو چلانے والی سمیع البصیر ذات ہے۔ اللہ میرا ولی ہے دوست ہے ہمراز ہے۔ میرا محافظ ہے مددگار ہے تو پھر فکر کیسی، غم کیسا؟ دنیا میں کسی پاورفل انسان سے دوستی ہو جائے تو اسے کسی سے خوف نہیں ہوتا کجا اللہ دوست ہو جو پوری کائنات کی پاورفل ذات ہے، کائنات کا خالق ہے تو اس بشر کی بے خوفی اور سکون کا عالم کیا ہوگا۔

دنیا و آخرت میں اللہ سے زیادہ پاورفل اور مددگار کوئی ہے؟ مخلوق سے ڈرنا مرعوب ہو جانا غلام ہو جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ رب کی پاور کا ادراک نہیں ہو سکا؟۔ اللہ کے نبی کا فرمان ہے تمام انسان مل کر بھی تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر جو اللہ نے لکھ دیا ہو۔ پھر ڈر کیسا غلامی کیسی؟ جہاں ہم نے سمجھا کہ غیر اللہ کے پاس کوئی طاقت ہے وہی شرک میں مبتلا ہو گیا۔ بتوں سے تجھ کو امیدیں، خدا سے ناامیدی، مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے۔۔۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ" کوئی طاقت نہیں سوائے اللہ کے"۔۔۔ پھر در در کیوں جبیں جھکاتے ہو، کیوں بندوں کے سامنے گڑگڑاتے ہو بھیک مانگتے ہو؟ ایک اللہ سے مانگو۔ پانی پیاس بجھاتا ہے مگر پیاس بجھانے کی صفت پانی میں نہیں اللہ کے اذن میں ہے۔ فرعون لشکر لے کے آ جاتا ہے، آل موسیٰ گھبرا گئی۔ موسیٰ علیہ سلام نے فرمایا "میرے ساتھ میرا


مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

رب ہے"۔ جبکہ سامنے ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے اور کوئی راہ فرار نہیں۔ ایسے میں توکل اللہ ایمان ہے۔ وسائل موجود ہوں تو توکل وسائل پر ہوتا ہے اللہ پر نہیں۔ یقین کامل ہو کہ میرا اللہ مسبب الاسباب ہے تو اللہ اسباب مہیا کرتا ہے۔ پھر اللہ کی مدد آن پہنچتی ہے اور سمندر پھاڑ کر رکھ دیتی ہے۔ اللہ کو سپر پاور ماننے والا کسی طاقتور انسان کے سامنے نہیں جھک سکتا۔

قائداعظم نے فرمایا:

"میں نے بہت دنیا دیکھ لی۔ اللہ تعالیٰ نے عزت، دولت، شہرت بھی بے حساب دی۔ اب میری زندگی کی ایک ہی تمنا ہے کہ مسلمانوں کو باوقار و سربلند دیکھوں۔ میری خواہش ہے کہ جب مروں تو میرا دل گواہی دے کہ جناح نے اللہ کے دین اسلام سے خیانت اور پیغمبر اسلام حضرت محمد کی امت سے غداری نہیں کی۔ مسلمانوں کی آزادی، تنظیم، اتحاد اور مدافعت میں اپنا کردار ٹھیک ٹھیک ادا کیا اور میرا اللہ کہے کہ اے میرے بندے! بے شک تو مسلمان پیدا ہوا۔ بے شک تو مسلمان مرا"۔۔۔ پاکستان کی بنیاد لا الہ الا اللہ ہے۔ بنیاد مضبوط تھی اسی لئے تو قائداعظم نے فرمایا تھا کہ "دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو ختم نہیں کر سکتی۔ پاکستان کی بنیاد کوئی سیاسی و مذہبی جماعت نہیں۔ جب بنیاد اتنی مضبوط ہے تو پاکستان کا قائم رہنا تعجب کی بات نہیں۔ قائداعظم کا اللہ کی ربوبیت پر پختہ ایمان تھا اور اسی ایمان کی طاقت تھی جس نے ایک آزاد مسلم ریاست نصیب فرما دی۔ مگر پاکستان میں پیدا ہونے والی نئی نسلوں نے ریاست خداداد کو فار گرانٹڈ لینا شروع کر دیا۔ پاور انسانوں کے عہدوں اور دولت کو سمجھا جانے لگا جس نے عقائد اور ایمان کو کمزور بنا دیا اور اب یہ حالت ہو چکی ہے کہ اللہ کے نام لیوا تو ہیں مگر اللہ پر اندھا ایمان نہیں کرتے اور اس کا ثبوت اعمال ہیں۔ بندوں کو رب سمجھ رکھا ہے۔ بندوں سے ڈرتے ہیں اور بندوں کے خالق کی سپر پاور کا ادراک نہیں۔

ہر دور میں ہزاروں لوگوں نے حکومت کی ہے۔ کئی لوگوں نے خود کو، اس دنیا کو سب سے بڑا حکمران سمجھا، خود کو کائنات کا سب سے بڑا سپر پاور سمجھ لیا پھر انہی لوگوں ان کا بدترین انجام بھی دیکھا۔ تاریخ میں کئی نامور حکمرانوں اور بادشاہوں کی طاقت، دبدبہ اور پھر ان کے بدترین انجام کا تذکرہ ملتا ہے مگر تاریخ سے عبرت عقل والے ہی حاصل کرتے ہیں۔

روئے زمین پر حکومت کرنے والے حکمران نہیں ہوتے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نائب ہوتے ہیں، اصل حکمرانی اور حکومت پروردگار عالم کی ہوتی ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نبی بھی تھے اور سلطنت کے حکمران بھی۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے خلیفہ کا لفظ استعمال کیا ہے جس کا مفہوم ہے کہ ہم نے داؤد علیہ السلام کو روئے زمین پر خلیفہ بنایا ہے۔ یہ لفظ اور پوری تشریح سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ خلیفہ اور حکمران کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ کے احکامات کی اطاعت اور ان کے تخلیق کردہ اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے نظام مملکت کو چلانا ہے۔ عدل و انصاف کو قائم کرنا بنیادی ذمہ داری ہے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

بھارتی کرکٹ شائقین پاکستانی عظیم کھلاڑیوں کے دیوانے نکلے

اے آئی کی مدد سے جب انڈیم پریمیئر لیگ کے لیے پاکستانی کھلاڑیوں کی بولی لگائی گئی تو پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہد آفریدی ممکنہ طور پر سب سے مہنگے کھلاڑی ثابت ہوئے اور ان کی قیمت 15 کروڑ بھارتی روپے مقرر کی گئی

نئی دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ میں پاکستان کے موجودہ سپر اسٹار کرکٹرز کے لیے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے بولی لگائی گئی ہے۔ بھارتی ویب سائٹ نے اس حوالے سے رپورٹ شائع کی ہے جس کے مطابق اے آئی کی مدد سے جب انڈیم پریمیئر لیگ کے لیے پاکستانی کھلاڑیوں کی بولی لگائی گئی تو پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہد آفریدی ممکنہ طور پر سب سے مہنگے کھلاڑی ثابت ہوئے اور ان کی قیمت 15 کروڑ بھارتی روپے مقرر کی گئی۔ اے آئی پروگرام میں مزید پاکستانی کرکٹرز کی موجودہ قدر جانچی گئی اور آئی پی ایل کے معاوضے کے حوالے سے استفسار کیا گیا تو اے آئی نے بابر اعظم کی بھی اچھی بولی لگائی اور وہ 12 کروڑ بھارتی روپے میں بکے۔ اس کے علاوہ محمد رضوان اور حارث رؤف کے لیے 10 10 کروڑ، شاداب خان 8 کروڑ، فخر زمان 6 کروڑ اور امام الحق کو 3 کروڑ بھارتی روپے کی بولی لگائی گئی۔ انڈین پریمیئر لیگ میں پاکستان کے موجودہ سپر اسٹار کرکٹرز کے لیے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے بولی لگائی گئی ہے۔

وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید کل زمبابوے روانہ ہونگے

پاکستان اور زمبابوے کے درمیان پہلا ون ڈے 24 نومبر کو کھیلا جائے گا

لاہور (شہروز میاں سے) وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید کل زمبابوے کیلئے روانہ ہوں گے۔ عاقب جاوید بولاوایو میں قومی ٹیم کو جوائن کریں گے جبکہ قومی ون ڈے اسکواڈ کے کھلاڑی آج زمبابوے پہنچ رہے ہیں۔ علم میں رہے کہ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان پہلا ون ڈے 24 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید کل زمبابوے کیلئے روانہ ہوں گے۔ عاقب جاوید بولاوایو میں قومی ٹیم کو جوائن کریں گے جبکہ قومی ون ڈے اسکواڈ کے کھلاڑی آج زمبابوے پہنچ رہے ہیں۔ علم میں رہے کہ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان پہلا ون ڈے 24 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

نیمار دبئی میں انتہائی قیمتی جائیداد کے مالک بن گئے

دبئی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر نیمار دبئی میں قیمتی جائیداد کے مالک بن گئے انہوں نے بیش قیمت پینٹ ہاؤس خرید لیا ہے۔ عرب ویب سائٹ کے مطابق عالمی شہرت یافتہ فٹبالر نیمار نے دبئی میں انتہائی لگژری رہائشی اسکیم میں قیمتی پینٹ ہاؤس خریدا ہے جس کی مالیت 20 کروڑ درہم (پاکستانی 15 ارب روپے سے زائد) ہے۔ رپورٹ کے مطابق نیمار نے یہ پینٹ ہاؤس دبئی کی مقامی کمپنی بن غاطی کی انتہائی لگژری رہائشی اسکیم ''بوگاٹی ریذیڈنسی'' میں خریدا ہے، جو اپنی آسائشات کے باعث دنیا بھر کے امرا اور شہرت یافتہ افراد کی توجہ کا مرکز بن چکی ہے۔ نیمار نے جو پینٹ ہاؤس خریدا ہے۔ اس کی خاص بات یہ ہے کہ وہ 360 ڈگری پر ہے اور اس کا ویو پورے دبئی کا احاطہ کرتا ہے۔

بلائنڈ T20 ورلڈ کپ، سری لنکا اور جنوبی افریقہ ٹیم پاکستان پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے سری لنکا اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیمیں پاکستان پہنچ گئی ہیں۔ سری لنکا بلائنڈ کرکٹ ٹیم کا لاہور ایئرپورٹ پر پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل کے عہدیداران نے استقبال کیا۔ ادھر ٹی ٹوئنٹی بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ میں شرکت کے لیے جنوبی افریقا کی ٹیم لاہور پہنچ گئی۔ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ ہفتے سے لاہور میں شروع ہوگا۔ افغانستان اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں پہلے ہی پاکستان پہنچ چکی ہیں جبکہ نیپال بلائنڈ کرکٹ ٹیم آج واہگہ کے راستے لاہور پہنچے گی۔ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کیلئے بنگلہ دیش بلائنڈ کرکٹ ٹیم آج رات لاہور پہنچے گی۔ واضح رہے کہ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 23 نومبر سے لاہور میں شروع ہو رہا ہے۔

بیٹر کا شاٹ، گیند سیدھی آسٹریلوی امپائر کے منہ پر جا لگی

مقامی میچ کے دوران آسٹریلوی امپائر ٹونی ڈی نوبریگا کا گیند لگنے سے چہرے کا حلیہ بگڑ گیا

سڈنی (این این آئی) ایک تصور ہے کہ کرکٹ میچ میں امپائرنگ بہت آسان کام ہے جس کے بہت سارے پیسے بھی ملتے ہیں لیکن ایسی سوچ رکھنے والوں کے لیے آسٹریلوی امپائر کی یہ تصویر کافی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پرتھ میں کھیلے گئے ایک مقامی میچ کے دوران آسٹریلوی امپائر ٹونی ڈی نوبریگا کے چہرے پر گیند لگ گئی جس سے ان کے چہرے کا حلیہ بگڑ گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میچ میں بیٹر نے اسٹریٹ ڈرائیو شاٹ کھیلا جس کے بعد گیند سیدھی ان کے چہرے پر لگی جس سے ان کے چہرے پر شدید چوٹیں آئیں اور انہیں اسپتال بھی جانا پڑا۔ آسٹریلوی امپائر اسپتال میں داخل ہیں، ان کی کوئی ہڈی نہیں ٹوٹی پھر بھی ان کا آپریشن کیے جانے کا امکان ہے۔

بیٹر کا شاٹ، گیند سیدھی آسٹریلوی امپائر کے منہ پر جا لگی

مقامی میچ کے دوران آسٹریلوی امپائر ٹونی ڈی نوبریگا کے چہرے پر گیند لگ گئی



لاہور (شہروز میاں سے) ایک تصور ہے کہ کرکٹ میچ میں امپائرنگ بہت آسان کام ہے جس کے بہت سارے پیسے بھی ملتے ہیں لیکن ایسی سوچ رکھنے والوں کے لیے آسٹریلوی امپائر کی یہ تصویر کافی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پرتھ میں کھیلے گئے ایک مقامی میچ کے دوران آسٹریلوی امپائر ٹونی ڈی نوبریگا کے چہرے پر گیند لگ گئی جس سے ان کے چہرے کا حلیہ بگڑ گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میچ میں بیٹر نے اسٹریٹ ڈرائیو شاٹ کھیلا جس کے بعد گیند سیدھی ان کے چہرے پر لگی جس سے ان کے چہرے پر شدید چوٹیں آئیں اور انہیں اسپتال بھی جانا پڑا۔ آسٹریلوی امپائر اسپتال میں داخل ہیں، ان کی کوئی ہڈی نہیں ٹوٹی پھر بھی ان کا آپریشن کیے جانے کا امکان ہے۔ سوشل میڈیا پر امپائر کی تصویر سامنے آنے کے بعد ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

شعیب اختر نے بھارتی کرکٹ ٹیم کی پاکستان آمد بارے پیش گوئی کر دی

لاہور (ویب ڈیسک) سابق کرکٹر شعیب اختر نے بھارتی ٹیم کی پاکستان آمد بارے پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے ابھی بھی لگتا ہے کہ بھارت کی ٹیم چیمپئنز ٹرافی کھیلنے پاکستان آئے گی۔ شعیب اختر نے بھارتی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان چیمپئنز ٹرافی کو لے کر بیک چینل مذاکرات ہوں گے، ہمیں امید نہیں ہارنی چاہئے البتہ حل کا انتظار کرنا ہوگا۔ راولپنڈی ایکسپریس نے کہا کہ ہم سب حقیقت جانتے ہیں کہ بھارت سے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل میں 95 سے 96 فیصد سپانسرشپ آتی ہے، اس لیے بھارتی بورڈ آنکھیں بھی دکھاتا ہے۔ سابق فاسٹ باؤلر نے کہا کہ پاک بھارت ٹیموں کی آمد واقعی حکومتوں کے ہاتھ میں ہے، کوئی بورڈ کچھ نہیں کر سکتا ہے۔

مبابوے کیخلاف سیریز، پاکستان کرکٹ اسکواڈ بلاوائیو پہنچ گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ اسکواڈ ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے بلاوائیو پہنچ گیا۔ پاکستان اور میزبان زمبابوے کے درمیان تین ون ڈے اور تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلی جائے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کل بلاوائیو میں آرام کرے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے میچ 24 نومبر کو ہوگا۔

چیمپئنز ٹرافی: آئی سی سی وفد کی اگلے ہفتے پاکستان آمد متوقع

لاہور (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے سلسلے میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) وفد کی اگلے ہفتے پاکستان آمد متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی سی سی وفد کی آمد کی تاریخیں ابھی فائنل نہیں ہوئیں، آئی سی سی نے ابھی تک دورے کے لیے پی سی بی کو آگاہ نہیں کیا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ آئی سی سی وفد چیمپئنز ٹرافی کے سلسلے میں پاکستان کا دورہ کرے گا جبکہ آج آئی سی سی اور بی سی سی آئی کے درمیان چیمپئنز ٹرافی پر بات چیت ہونے کا بھی امکان ہے۔

پی سی بی نے گریڈ ٹو میں شریک ڈپارٹمنٹل ٹیموں کی فیس کئی گنا بڑھا دی

پرائیوٹ ٹیموں کی رجسٹریشن فیس 5 لاکھ سے 35 لاکھ، سالانہ فیس بھی 30 لاکھ، سرکاری اور سروسز ٹیموں کی رجسٹریشن فیس 7 لاکھ مقرر

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے گریڈ ٹو میں شریک ڈپارٹمنٹل ٹیموں کی فیس کئی گنا بڑھا دی۔ کرکٹ بورڈ نے لیٹر جاری کر کے گریڈ ٹو ٹیموں کے لیے نئے قواعد سے آگاہ کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ لیٹر کے مطابق پرائیوٹ ٹیموں کی رجسٹریشن فیس 5 لاکھ سے 35 لاکھ روپے کر دی گئی۔ سالانہ فیس بھی 5 لاکھ سے بڑھ کر 30 لاکھ روپے کر دی گئی جبکہ سرکاری اور سروسز ٹیموں کی رجسٹریشن فیس 7 لاکھ روپے مقرر ہے۔ لیٹر میں بتایا گیا ہے کہ جو ادارہ ٹیم بنائے گا اسے پی سی بی کے قوانین پر عمل درآمد کرنا ہو گا، ٹیموں میں کھلاڑیوں کی تنخواہ کم از کم 50 ہزار روپے ہونی چاہیے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ ٹیموں کے اپنے گراؤنڈ ہونے چاہئیں، جہاں ٹرف پچ موجود ہو، ٹیموں کا کوچ لیول ون کوچنگ کورس کوالیفائیڈ ہونا چاہیے۔ ذرائع کے مطابق گریڈ ٹو میں ڈپارٹمنٹل ٹیموں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے فیصلے کیے گئے ہیں، ڈپارٹمنٹل ٹیمیں اپنا معیار نہیں بڑھائیں گی تو معیاری کرکٹ ممکن نہیں ہو گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے گریڈ ٹو میں شریک ڈپارٹمنٹل ٹیموں کی فیس کئی گنا بڑھا دی۔ کرکٹ بورڈ نے لیٹر جاری کر کے گریڈ ٹو ٹیموں کے لیے نئے قواعد سے آگاہ کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ لیٹر کے مطابق پرائیوٹ ٹیموں کی رجسٹریشن فیس 5 لاکھ سے 35 لاکھ روپے کر دی گئی۔

اٹلی کی ٹیم نے پانچویں مرتبہ بلی جین کنگ کپ کا ٹائٹل جیت لیا

BILLIE JEAN KING CUP
BY GAINBRIDGE
2024 WORLD CHAMPIONS
2024 WORLD CHAMPIONS

میڈرڈ (ویب ڈیسک) اٹلی کی ٹیم نے پانچویں مرتبہ ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) بلی جین کنگ کپ ٹائٹل جیت لیا۔ بلی جین کنگ کپ کے 61 ویں ایڈیشن کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے سپین کے شہر ملاگا کے مارٹن کارپینا ایرینا میں کھیلے جا رہے ہیں جس کے فائنل میچ میں اٹلی اور سلواکیہ کی خواتین ٹینس ٹیمیں آمنے سامنے تھیں۔ اٹلی کی ویمنز ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف سلواکیہ کی ٹیم کو دونوں سنگلز مقابلوں میں شکست دے کر فائنل 0-2 گیم سے جیت لی۔ اٹلی کی دوہری گرینڈ سلام فائنلسٹ جیسمین پاؤلینی نے عمدہ کھیل پیش کیا جبکہ سلواکیہ کی ریبیکا سرامکووا کو اسٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 1-6 سے شکست دی جبکہ دوسرے سنگلز مقابلے میں اٹلی کی لوسیا برونزٹی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سلواکیہ کی حریف کھلاڑی وکٹوریہ ہرنکاکووا کو اسٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 4-6 سے شکست دے کر اپنی ٹیم کو ٹائٹل دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس فتح کے بعد اٹلی نے 2013 کے بعد ایک مرتبہ پھر بلی جین کنگ کپ کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

پاک سعودیہ ویمن فٹبال ٹیم کے مشترکہ ٹریننگ کیمپ کا پلان منسوخ

ٹریننگ کیمپ اور میچ کے تمام اخراجات سعودی عرب فٹبال فیڈریشن نے برداشت کرنے تھے

سعودی عرب (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور سعودی عرب کی ویمن فٹبال ٹیم کے مشترکا ٹریننگ کیمپ کا پلان منسوخ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سعودی فٹبال حکام نے لاجسٹک بنیاد پر مشترکہ کیمپ کا آئیڈیا ڈراپ کر دیا ہے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن نے 7 دسمبر کو ہونے والے میچ سے قبل دونوں ٹیموں کی مشترکہ ٹریننگ کا اعلان کیا تھا، ٹریننگ کیمپ اور میچ کے تمام اخراجات سعودی عرب فٹبال فیڈریشن نے برداشت کرنے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اب پاکستان ویمن فٹبال ٹیم 4 دسمبر کو دوحہ روانہ ہو گی۔ ذرائع کے مطابق روانگی سے قبل قومی ویمن فٹبالرز کا ملک میں مختصر کیمپ لگانے کا پلان ہے۔

SHOWBIZ
قوت

شاید واحد اداکار ہوں جو چودہ سال کی عمر میں سٹار بن گیا تھا' بہروز سبزواری

شوبز انڈسٹری میں کام کرتے ہوئے 52 سال کا عرصہ گزر چکا ہے' سینئر اداکار

CEREMONY
PAKISTAN

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے کہا ہے کہ میں شاید پاکستان کی تاریخ کا وہ واحد اداکار ہوں جو چودہ سال کی عمر میں سٹار بن گیا تھا، جب میں نے پی ٹی وی کی ڈرامہ سیریل ''خدا کی بستی'' میں کردار نبھایا تھا اس وقت میری عمر چودہ سال کے قریب تھی اور اسی ڈرامہ سیریل نے مجھے راتوں رات مقبولیت کی بلندیوں تک پہنچایا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ایک دور تھا جب پی ٹی وی پر شاہکار ڈرامے پیش ہوتے تھے اور حقیقت میں شاہراہیں سنسان ہو جایا کرتی تھیں۔ ڈرامے کا مقصد انٹرٹینمنٹ کے ساتھ اصلاح کا کام بھی ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے شوبز انڈسٹری میں کام کرتے ہوئے کم و بیش 52 سال کا عرصہ گزر گیا ہے۔) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے کہا ہے کہ میں شاید پاکستان کی تاریخ کا وہ واحد اداکار ہوں جو چودہ سال کی عمر میں سٹار بن گیا تھا، جب میں نے پی ٹی وی کی ڈرامہ سیریل '' خدا کی بستی '' میں کردار نبھایا تھا اس وقت میری عمر چودہ سال کے قریب تھی اور اسی ڈرامہ سیریل نے مجھے راتوں رات مقبولیت کی بلندیوں تک پہنچایا۔

مزاحیہ اداکار اسماعیل تارا کی دوسری، گلوکار سلیم رضا کی 41 ویں برسی 25 نومبر کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) نامور مزاحیہ اداکار اسماعیل تارا کی دوسری اور پاکستانی فلم انڈسٹری کو یادگار گیت دینے والے گلوکار سلیم رضا کی 41 ویں برسی 25 نومبر کو منائی جائے گی۔ اسماعیل تارا کا اصل نام محمد اسماعیل مرچنٹ تھا، وہ 16 نومبر 1949 کو کراچی میں پیدا ہوئے، فنکارانہ سفر کی شروعات سن 1964 میں پندرہ سال کی عمر میں اسٹیج ڈرامے سے کیں۔ 73ء میں ضیاء محی الدین شو میں پرفارمنس کے بعد ان پر ٹیلی وژن پر کردار نگاری کے لیے راہیں ہموار ہوئیں اور شعیب منصور اور انور مقصود کے 80ء کی دہائی میں مشہور ڈرامہ سیریز ''ففٹی ففٹی'' میں پرفارمنس کے بعد انہیں بے پناہ شہرت ملی۔ اس میں ماجد جہانگیر اور اسماعیل تارا کی مزاحیہ جوڑی نے لوگوں کو محظوظ کیا، اسماعیل تارا نے ٹی وی ڈراموں کے علاوہ فلموں میں بھی دھاک بٹھائی۔ سلور اسکرین پر بہترین اداکاری پر انہیں 5 مرتبہ بہترین مزاحیہ اداکار کے نگار ایوارڈ سے نوازا گیا، ان کے مشہور ڈراموں میں ففٹی ففٹی کے علاوہ ربڑ بینڈ، یہ زندگی ہے، ون وے ٹکٹ، دہلی کالونی، اسماعیل ٹائم اور متعدد اسٹیج ڈرامے شامل ہیں۔ اسماعیل تارا کافی عرصے سے گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے، وہ اسپتال میں زیر علاج تھے جہاں 25 نومبر 2022 کو 73 برس کی عمر میں خالق حقیقی سے جا ملے تھے۔

پشتو فلم ''رقیب'' (آج) سینماؤں کی زینت بنے گی

لاہور (این این آئی) نامور رائٹر و ڈائریکٹر سلیم مرادر کی پشتو فلم ''رقیب'' آج (جمعہ) کے روز سینماؤں کی زینت بنے گی۔ اس کے پروڈیوسر ایوب میر پوری اور نغمان سلیم ہیں۔ اس کی کاسٹ میں فیروزہ علی، ارباز خان، دیا جٹ، جہانگیر جانی، ام چوہدری اور آصف خان سمیت دیگر شامل ہیں۔ فلم کو ناز سینما پشاور، ل سوات سینما مینگورہ اور کراچی میں نمائش کے لئے پیش کیا جائے گا۔

اتنا پیسا کمائیں کہ پیسوں کی وجہ سے رشتے نہ ٹوٹیں، اداکار دانش نواز

لاہور (این این آئی) اداکار و ہدایت کار دانش نواز نے کہا ہے کہ ہر انسان کو اتنا پیسا لازمی کمانا چاہیے کہ پیسوں کی وجہ سے اس کے رشتے نہ ٹوٹیں اور اپنے نہ چھوٹیں۔ دانش نواز نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران انہوں نے بتایا کہ انہوں نے کامیڈی سے کیریئر کا آغاز کیا اور کافی وقت تک مزاحیہ کردار ہی ادا کرتے رہے جس سے لوگوں کو لگا کہ انہیں صرف کامیڈی آتی ہے۔ ان کے مطابق وہ لوگوں کے ذہنوں میں خود سے متعلق سوچ بدلنا چاہتے تھے اس لیے وہ ہدایت کاری کی جانب آئے اور انہوں نے وہاں بھی محنت سے نام کمایا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے شوبز کیریئر سے قبل ہی ان کے والد فرید نواز بلوچ انتقال کر گئے تھے اور یاسر نواز سے انہوں نے بہت کچھ سیکھا، ان کے ساتھ ہی انہوں نے 'نادانیاں' میں زندگی کا بہترین کردار بھی ادا کیا۔ ایک سوال کے جواب میں دانش نواز نے بتایا کہ انہیں اداکاری کے بعد ہدایت کاری میں آنے میں کوئی مشکلات پیش نہیں آئیں، وہ شوٹنگ شروع کرنے سے قبل سکرپٹ کو مکمل پڑھ اور سمجھ لیتے ہیں جس کے بعد وہ شوٹنگ کرتے ہیں جس سے اداکار بھی ان کے کام سے متاثر ہوتے ہیں۔

نیا اسٹیج ڈرامہ ''مجھے چاند چاہیے'' (آج) پیش کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) رائٹر و ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل کا نیا اسٹیج ڈرامہ ''مجھے چاند چاہیے'' آج (جمعہ) کے روز پرنس تھیٹر میں پیش کیا جائے گا۔ ڈرامے کی کاسٹ میں آفرین پری، منابل خان، گلفام، سنہری خان، رینا ملتانی، معصومہ ملک، ندیم چٹا، ثاقی خان، عظیم وکی اور سرفراز وکی سمیت دیگر شامل ہیں۔ ڈرامے کے پروڈیوسر سید محمد یوسف ہیں۔ رائٹر و ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل ملک نے کہا کہ ایسے دور میں جب لوگوں نے موبائل کی وجہ سے خود کو محدود کر لیا ہے انہیں اسٹیج تک لانا کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن میرا یقین ہے کہ جب آپ جاندار اسکرپٹ دیں گے اور فنکار اس پر دل و جان سے پرفارم کریں گے تو لوگ ضرور اسٹیج تک آتے ہیں۔

سچائی کی وجہ سے صوفیانہ کلام دلوں پر گہرا اثر چھوڑتا ہے' عارف لوہار

لاہور (این این آئی) نامور گلوکار عارف لوہار نے کہا ہے کہ صوفیانہ کلام دلوں پر گہرا اثر چھوڑتا ہے اور اس کی بنیادی وجہ اس کی سچائی ہے، صوفیانہ کلام میں خلق خدا کو فائدہ دینے اور رہنمائی کی بات کی جاتی ہے اور جو لوگ اس کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں وہ درست راستے پر گامزن ہو جاتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں عارف لوہار نے کہا کہ آپ بزرگان دین کی تعلیمات کو پڑھ لیں اس میں انہوں نے صرف دوسروں کی بہتری، بھلائی اور رہنمائی کی بات کی ہو گی، ان کی تعلیمات میں کہیں بھی اپنی ذات کے نفع کی بات نہیں ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ میرا یہ یقین ہے کہ سچائی کی وجہ سے صوفیانہ کلام سننے والوں کے دلوں پر دستک دے کر خود ہی راستے بنا لیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماں بولی زبان پنجابی کا فروغ میرا جنون ہے اور میری کوشش ہوتی ہے کہ پنجابی زبان کو زیادہ سے زیادہ پھیلاؤں اور اس میں بڑی حد تک کامیاب بھی رہا ہوں۔ نامور گلوکار عارف لوہار نے کہا ہے کہ صوفیانہ کلام دلوں پر گہرا اثر چھوڑتا ہے اور اس کی بنیادی وجہ اس کی سچائی ہے، صوفیانہ کلام میں خلق خدا کو فائدہ دینے اور رہنمائی کی بات کی جاتی ہے اور جو لوگ اس کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں وہ درست راستے پر گامزن ہو جاتے ہیں۔

اپنے احتساب کے ذریعے خود سے مقابلہ کرنے کی قائل ہوں' رباب چوہدری

ساتھی اداکاروں کی کامیابی پر خوشی، حسد جیسی موذی بیماری سے کوسوں دور ہوں' اداکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) اسٹیج اور فلم کی معروف رباب چوہدری نے کہا ہے کہ میرا کسی بھی ساتھی اداکارہ سے کوئی مقابلہ نہیں بلکہ میں اپنے احتساب کے ذریعے خود سے مقابلہ کرنے کی قائل ہوں، یہ حقیقت ہے شوبز میں حسد انتہا پر ہوتی ہے لیکن خدا کا شکر ہے کہ میں اس موذی بیماری سے کوسوں دور ہوں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میں اپنے ساتھی فنکاروں کی کامیابی پر خوش ہوتی ہوں اور انہیں کھلے دل سے داد دیتی ہوں۔ اگر آپ ایسا رویہ رکھتے ہیں تو آپ کو روحانی خوشی ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک جتنا بھی کام کیا ہے میں اس سے مطمئن ہوں، آج تک ایسا کوئی کام نہیں کیا جس پر لوگ انگلیاں اٹھا سکیں۔ رباب چوہدری نے کہا کہ ان دنوں اسٹیج ڈرامہ ''مینوں اپنا بنا لا'' تماثیل تھیٹر میں پیش کیا جا رہا ہے جس کے پروڈیوسر آصف علی راہی ہیں، مجھے جب بھی ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا ہے انہوں نے ہر دفعہ میری بڑی حوصلہ افزائی کی ہے۔

محبت اگر مل جائے تو برائیاں نظر آنے لگ جاتی ہیں، فائزہ گیلانی

لاہور (این این آئی) اداکارہ فائزہ گیلانی کا کہنا ہے کہ محبت اگر مل جائے تو اس میں برائیاں نظر آنے لگ جاتی ہیں۔ شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ فائزہ گیلانی نے گزشتہ روز نجی ٹی وی کے مزاحیہ پروگرام میں شرکت کی اور اس دوران محبت اور دیگر موضوعات پر اپنی رائے کا اظہار کیا۔ یکطرفہ محبت کے سوال پر فائزہ نے کہا کہ محبت اگر مل جائے تو کمزور ہو جاتی ہے محبوب کی برائیاں نظر آنے لگ جاتی ہیں، ہم میں سے مکمل تو کوئی بھی نہیں ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ ہم یکطرفہ محبت میں وہ سب کچھ نظر انداز کرتے ہیں جو محبوب کے ملنے کے بعد نظر آنے لگ جاتی ہیں۔ فائزہ گیلانی نے اپنے ماضی سے متعلق بتایا کہ میں جب میڈیا میں نئی تھی حفیظ طاہر بچوں کے ڈرامے کیا کرتے تھے ہم بچے تھے تو اداکاروں کی تعریف کیا کرتے تھے تو انہوں نے کہا تھا کہ اپنے آئیڈیل کے قریب مت جانا۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے اس وقت ان کی بات سن کر حیرت ہوئی تھی یہ کیا بات ہوئی لیکن اب احساس ہوتا ہے یہ بات ٹھیک ہے۔ حاضرین کے سوال کے جواب میں فائزہ نے کہا کہ عمران اشرف کے ساتھ کام کرنے کا مزہ آیا اور لڑکیوں میں مجھے عظمیٰ حسن اور مامیہ کے ساتھ کام کر کے اچھا لگا۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

دہشت گردوں، انتشار پسندوں کو ملکی ترقی ہضم نہیں ہورہی، معاشی ترقی اولین ایجنڈا ہونا چاہیے، شافع حسین

سیاسی استحکام کیلئے مسلم لیگ سندھ کی قیادت کا کردار قابل تحسین ہے، سندھ کے صوبائی صدر طارق حسن، صدر کراچی ڈویژن جمیل احمد خان کی ملاقات

لاہو (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ صوبہ پنجاب کے جنرل سیکرٹری، صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ معاشی ترقی اولین ایجنڈا ہونا چاہیے، دہشت گرول اور انتشار پسندوں کو ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی، ان کی شکست قریب ہے، پاک فوج اور قوم مل کر سیاسی، معاشی استحکام لائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ سندھ کے صوبائی صدر طارق حسن اور صدر کراچی ڈویژن جمیل احمد خان سے ملاقات کے دوران کیا، پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک بھی ملاقات میں موجود تھے، اس موقع صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے مہمانوں کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کیں، چوہدری شافع حسین نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے سیاسی استحکام نہایت ضروری ہے قوم انتشار، دھرنوں جلوسوں اور روڈ بندشوں کی متحمل نہیں ہوسکتی، چوہدری شافع حسین نے مسلم لیگ سندھ کی قیادت کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انکی سیاسی استحکام کے لیے کاوشوں اور پارٹی خدمات کو سراہا، انہوں نے پارٹی راہنماؤں کو اپنی وزارت کے عملی منصوبوں سے بھی آگاہ کیا جس پر پارٹی راہنماؤں نے کہا کہ بطور وزیر چوہدری شافع حسین کی منفرد کارکردگی پارٹی کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں، دریں اثناء ※ چوہدری شافع حسین نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک سے پارٹی امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی اور پارٹی کو ضلعی اور تحصیل سطح پر منظم کرنے کی ہدایات دیں، ملاقات میں پارٹی کی تنظیم نو کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی اور صوبائی تنظیم کا اجلاس جنوری میں بلانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شرقپور شریف: ہفتہ صحت کا انعقاد

بنیادی مقصد عوام الناس کو صحت کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا ہے، ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی

شرقپور شریف (نامہ نگار) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شرقپور شریف میں گورنمنٹ آف پنجاب کی ہدایت کے مطابق ہفتہ صحت کا انعقاد کیا گیا اس حوالے سے تین روزہ کیمپ لگایا گیا ہے جو 20 نومبر سے لے کر 22 نومبر تک جاری رہے۔ جس کا بنیادی مقصد عوام الناس کو صحت کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا اور اس کے ساتھ ساتھ مختلف امراض کے ٹیسٹ کرنا ہے تاکہ مریض کی بروقت تشخیص کرکے اس کا علاج کیا جاسکے۔ مزید براں ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی اور ڈاکٹر عظمیٰ نے جرنلسٹ پریس کلب کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مختلف امراض انسان کے اندر پنپ رہے ہوتے ہیں لیکن ٹیسٹ نہ کروانے کی وجہ سے وہ امراض جان لیوا ثابت ہو جاتے ہیں لہذا عوام الناس کو چاہیے کے پنجاب حکومت کی جانب سے لگائے جانے والے تین روزہ کیمپ میں تشریف لائیں اور اپنے ٹیسٹ کروا کر بروقت اپنا علاج کروائیں اور صحت مند زندگی گزاریں۔

گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ضروری ہے، خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پاکستان چیمبر آف ایگری کلچرل اینڈ لائیو سٹاک کے چیئرمین محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک میں غذائی استحکام کے لیے گندم کی زیادہ رقبہ پر بیجائی اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ضروری ہے زیادہ رقبہ پر گندم کی کاشت ملک میں خوشحالی کی ضامن ہے۔ جدید طریقہ کاشت و ٹیکنالوجی، متوازن کھادوں کا استعمال، بروقت بوائی، زرعی ماہرین کی سفارشات پر عمل درآمد سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں قابل قدر اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

سابق صدر ATI ڈاکٹر ظفر اقبال نوری کی کتاب کی تقریب رونمائی

یاد رہے کہ اس سے پہلے بھی ڈاکٹر ظفر اقبال نوری بے شمار کتب لکھ چکے ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سابق صدر ATI ڈاکٹر ظفر اقبال نوری کی کتاب رونمائی علامہ اقبال اور رد قادیانیت کی تقریب لاہور نظریہ پاکستان ٹرسٹ ایوان اقبال میں منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے رفقاء نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق ممتاز دانشور شاعر محقق قائد مصطفائی برادری سابقہ صدر ATI ڈاکٹر ظفر اقبال نوری کی کتاب علامہ اقبال اور رد قادیانیت کی تقریب رونمائی لاہور نظریہ پاکستان ٹرسٹ ایوان اقبال میں منعقد ہوئی اس سے پہلے بھی ڈاکٹر ظفر اقبال نوری بے شمار کتب لکھ چکے ہے۔ جس کو نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں مسلمان پسند کرتے ہیں اس وقت بھی ڈاکٹر ظفر اقبال نوری امریکہ میں دین اسلام کا پرچم بلند کر رہے ہیں اس سیمینار میں ملک بھر سے مصطفائی تحریک کے عہدے داران نے بھرپور شرکت کی ہال سیرت نوری صورت نوری ڈاکٹر ظفر اقبال نوری اور سیدی مرشدی یا نبی یا نبی کے نعروں سے گونجتا رہا تقریب میں خصوصی شرکت ننکانہ صاحب سے صدر مصطفائی تحریک صاحبزادہ سعید احمد انصاری چشتی جمیل احمد باجوہ جنرل سیکرٹری ننکانہ صاحب اور نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ میڈیا کو آرڈینیٹر مصطفائی تحریک ننکانہ صاحب نے اپنے رفقاء کے ساتھ شرکت کی آخر میں ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

یونیورسٹی وائس چانسلر کا پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سجاد مبین نے یونیورسٹی کے انفراسٹرکچر کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز کی فراہمی کے حوالے سے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب کا دورہ کیا، جہاں پہ انہوں نے ممبر انفراسٹرکچر پی اینڈ ڈی بورڈ، ڈاکٹر محمد عابد بودلہ، اور سروسز چیف پی اینڈ ڈی بورڈ، انجینئر محمد عمران سے ملاقات کی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اس ملاقات کا مقصد یونیورسٹی میں بنیادی انفراسٹرکچر کی ضروریات جیسا کہ باونڈری وال، سٹوڈنٹ ہوسٹل اور ڈسپنسری کی تعمیر کیلئے فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنانا تھا۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کی ترقیاتی ترجیحات کو حکومت پنجاب کی معالی پالیسیوں اور وسائل کی سطور پہ اسطور کرنا تھا۔ یونیورسٹی میں خوشگوار، سازگار اور محفوظ تعلیمی ماحول قائم کرنے کیلیے ان ترقیاتی منصوبوں کی اہمیت پہ بات کرتے ہوئے پروفیسر سجاد مبین نے بتایا کہ طلباء کو اعلی تعلیم اور اس سے منسلک تمام تر سہولیات فراہم کرکے ہی ہم مستقبل کی نسلوں کو ترقی کی راہ پہ گامزن کر سکتے ہیں۔

شیخوپورہ: خستہ حال بلڈنگز کرایہ پر دینے کا سلسلہ جاری

بیرونی دیواروں کی معمولی مرمت کرکے انکی خستہ حالی چھپادی جاتی ہے

کمرشل بلڈنگز کا جامع سروے یقینی بنایا جائے، شہری حلقوں کی ڈپٹی کمشنر سے اپیل

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع میں قائم بعض پرانی خستہ حال عمارتوں کو تاحال رہائش اور کاروباری استعمال میں لایا جارہا ہے جن کی بیرونی دیواروں کی معمولی مرمت کرکے انکی خستہ حالی چھپائی گئی ہے ان میں سے زیادہ تر عمارتوں کو کئی برس قبل ہی خطرناک قرار دے دیا گیا تھا مگر انکے مالکان طمع نفسانی کی تکمیل کی خاطر انہیں رہائشی وکاروباری استعمال میں لانے کیلئے کرایہ پر دے رہے ہیں، شہریوں کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی طرف سے رہائشی وکمرشل عمارتوں کی تعمیراتی حالت چیک کرنے کی خاطر کوئی اقدام نہ اٹھایا گیا ہے، جس سے نہ صرف خستہ حال بلڈنگز بھی کرایہ پر دی گئی ہیں بلکہ نقشوں سے ہٹ کر بھی تعمیرات کرلی گئی ہیں موثر پلاننگ کے بغیر تعمیر کی گئی ان بلڈنگز کے اوپری حصے کمروں کی صورت میں تعمیر کئے گئے ہیں جنہیں رہائش رکھنے یا دفتر بنانے سمیت مال سٹور کرنے کیلئے گوداموں کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے اور گراؤنڈ فلورز پر دکانیں تعمیر کی گئی ہیں جن سے حاصل ہونے والے کرایہ جات سے مالکان لاکھوں روپے ماہانہ کمارہے ہیں مگر بلڈنگز کی دیکھ بھال پر توجہ نہیں دی جارہی بعض عمارتوں کی مختلف دیواریں پھٹ چکی ہیں جنہیں معمولی مرمت کرکے کام چلایا جارہا ہے صورتحال اس قدر تشویشناک ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو نئی و پرانی بلڈنگز میں تمیز کئے بغیر سبھی کمرشل بلڈنگز کی تعمیراتی حوالے سے جانچ کرنا پڑے گی، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے فوری ٹیمیں تشکیل دینے اور کمرشل بلڈنگز کا جامع سروے یقینی بنانے کی اپیل کی ہے تاکہ ناقص تعمیرات وخطرناک بلڈنگز کا تعین کیا جاسکے اور انہیں استعمال کرنے والے کرایہ دار حضرات ممکنہ حادثات کی زد میں آنے سے بچ سکیں۔

ساہیوال آرٹس کونسل میں ہنرمند فنکاروں اور دستکاروں کی حوصلہ افزائی

فن کو مستقل طور پر ڈسپلے کرنے کے لیے بورڈ آف مینجمنٹ ساہیوال کا اجلاس

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل کی ہدایات پر ساہیوال آرٹس کونسل میں ہنرمند فنکاروں اور دستکاروں کی حوصلہ افزائی اور ان کے فن کو مستقل طور پر ڈسپلے کرنے کے لیے بورڈ آف مینجمنٹ ساہیوال کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت صدر رانا حماد افضل نے کی۔ اجلاس میں مختلف کرافٹس کو زیبائش و آرائش سے رکھنے کے لیے جگہ کا تعین بھی کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی ہدایات کی روشنی میں آئندہ مختلف نجی اداروں کے اشتراک سے ثقافتی تقریبات کے انعقاد بابت بھی لائحہ عمل بنایا گیا۔ ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض ہمدانی کی درخواست پر اجلاس میں آئندہ سال ساہیوال ادبی وثقافتی کانفرنس کے انعقاد کی تاریخوں کا جائزہ لیتے وقت فیصلہ کیا گیا کہ کانفرنس مختلف یونیورسٹیوں کے امتحانات کی تاریخوں کو مدنظر رکھ کر منعقد کی جائے تاکہ نسل نو کی شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس کے دوران آرٹس کونسل کے بجٹ اور انتظامی معاملات سے بھی بورڈ کو آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق سمیت دیگر بورڈ ممبران نے شرکت کی۔

ظفروال: رکشہ بانوں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی

حادثات اور ٹریفک جام جیسے مسائل بڑھ گئے نوٹس کا مطالبہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق شہر بھر کی شاہراہوں پر رکشہ مالکان اور ڈرائیوروں نے خود ساختہ سٹینڈ بنالیے جس کی وجہ سے حادثات اور ٹریفک جام کے مسائل بڑھ گئے ہیں۔ نارووال روڈ۔ شکر گڑھ روڈ۔ مین جنڈیالہ روڈ پر خود ساختہ اسٹینڈ بنا رکھے ہیں۔ جس کی وجہ سے عام شہریوں کو پیدل چلنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ رکشہ ڈرائیورز جہاں من چاہے اپنا رکشہ کھڑا کر کے سواریاں اتارتے اور بٹھاتے نظر آتے ہیں یہاں تک کے سڑک کنارے ایک ہی ٹائم میں دو سے تین رکشے کھڑے کر دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر گھنٹوں ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے بلکہ عام شہریوں کی رکشہ ڈرائیوروں سے توں تکرار بھی ہو جاتی ہے دوسری طرف حکومت پنجاب نے ٹریفک پولیس ملازمین کو موٹر سائیکل سواروں کے زبردستی لائسنس بنانے پر لگا دیا ہے ٹریفک ملازمین بجائے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے موٹر سائیکل سواروں کے لائسنس بناتے نظر آتے ہیں شہریوں نے آئی جی پنجاب۔ ڈی آئی جی ٹریفک پولیس۔ ڈی پی او نارووال سے نوٹس کا مطالبہ کیا۔

انشاءللہ باباجی خالد محمود مکی مدنی کیس کے مشن کو نیک نیتی سے جاری رکھیں گے، صاحبزادہ عثمان خالد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صاحبزادہ عثمان خالد چیف ایگزیکٹو خلق محمدی فاؤنڈیشن نے کہا کہ ہماری فاؤنڈیشن کے زیراہتمام چلنے والے لنگر خانے فری میڈیکل سنٹر فری ایمبولینس سروس انفرادی شادیاں پروگرام رازداری کے ساتھ اپنے علاقے کی مستحق بچیوں کی رخصتی سمیت دیگر امور کی سربراہی خود کر رہا ہوں انشاءللہ باباجی خالد محمود مکی مدنی کیس کے مشن کو نیک نیتی سے جاری وساری رکھیں گے صاحبزادہ عثمان خالد کے دروازے بلاتفریق ہر خاص وعام کیلیے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں پھر صاحبزادہ عثمان خالد نے اپنے ہاتھوں سے عوام میں لنگر تقسیم کیا۔

حافظ آباد میں پی ٹی آئی کے ضلعی قائد اور سابق ایم این اے چوہدری مہدی حسن بھٹی کی پریس کانفرنس کے دوران پولیس کی بھاری نفری کا دھاوا، صحافیوں سے لوگو کیمرے، موبائل چھین لئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں پی ٹی آئی کے ضلعی قائد اور سابق ایم این اے چوہدری مہدی حسن بھٹی کی پریس کانفرنس کے دوران پولیس کی بھاری نفری نے دھاوا بول کر وہاں پر موجود صحافیوں سے لوگو کیمرے اور موبائل فون چھین لئے اور بعدازاں پی ٹی آئی کے ضلعی راہنماؤں اور 8 صحافیوں سمیت 13 افراد کے مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا۔ مقدمہ میں چیئرمین پریس کلب امجد پرویز چٹھہ اور سیکرٹری حافظ عزیز الرحمن کو بھی نامزد کردیا گیا۔ جس پر ضلع بھر کے صحافیوں میں غم وغصہ کی لہر سرایت کرگئی۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز برج دارا میں پی ٹی آئی کے ضلعی قائد چوہدری مہدی حسن بھٹی نے اپنے ڈیرے پر پریس کانفرنس کا انعقاد کیا جہاں پر پریس کانفرنس کی کوریج کے لئے چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب امجد پرویز چٹھہ، سیکرٹری حافظ عزیز الرحمن دیگر صحافیوں احسان اللہ قادری، شہباز گل، اسرارشاہ، شیخ جاوید، شفقت وٹو اور اسد جاوید کے ہمراہ موجود تھے کہ اسی اثناء میں پولیس کی بھاری نفری نے ڈیرہ میں دھاوا بول کر صحافیوں سے لوگو کیمرے اور موبائل فون چھین لئے اور بعدازاں پی ٹی آئی کے ضلعی قائد چوہدری مہدی حسن بھٹی انکے بیٹے سابق ایم این اے شوکت علی بھٹی، ایم پی اے ضمیر الحسن بھٹی، سابق ضلع ناظم مبشر عباس بھٹی اور شفاقت بھٹی کو مختلف مقدمات میں اشتہاری قرار دیتے ہوئے انکو فرار کروانے میں مدد دینے کے الزام میں چیئرمین پریس کلب امجد پرویز چٹھہ سیکرٹری حافظ عزیز الرحمن، اور دیگر صحافیوں احسان قادری، شہباز گل، اسرارشاہ، شیخ جاوید، شفاقت وٹو اور جاوید اسد کے خلاف مختلف دفعات 506,353,324, 149,148,212,216,186 ت۔پ کے تحت جھوٹا اور من گھڑت مقدمہ درج کرلیا۔ جس پر ضلع بھر کی صحافی برادری میں غم وغصہ کی لہر سرایت کرگئی۔ صحافیوں نے اس جھوٹے اور بے بنیاد مقدمہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے فوری خارج کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

رورل ہیلتھ سنٹر مصطفی آباد میں تین روزہ ہیلتھ ویک جاری

شوگر ایچ بی، ہیپاٹائٹس بی سی، ایڈز اور ٹی بی کے ٹیسٹ اور علاج کیا جارہا ہے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) رورل ہیلتھ سنٹر مصطفی آباد میں تین روزہ ہیلتھ ویک جاری، تین روزہ ہیلتھ ویک میں شوگر ایچ بی، ہیپاٹائٹس بی سی، ایڈز اور ٹی بی کے ٹیسٹ اور علاج کیا جارہا ہے، تفصیلات کے مطابق انچارج ماڈل رورل ہیلتھ سنٹر مصطفی آباد ڈاکٹر سعد مقصود نے تین روزہ صحت کیمپ کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی مریم نواز کے پروگرام صحت مند پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر قصور کی زیرنگرانی ماڈل رورل ہیلتھ سنٹر مصطفی آباد میں تین روزہ ہیلتھ ویک کے تحت مریضوں کے چیک اپ کا سلسلہ جاری ہے، تین روزہ ہیلتھ ویک میں شوگر ایچ بی، ہیپاٹائٹس بی سی، ایڈز اور ٹی بی کے ٹیسٹ اور علاج کیا جا رہا ہے، تین روزہ صحت کیمپ میں طبی کاؤنٹرز پر مریضوں کی مکمل سکریننگ کی جارہی ہے، صحت کیمپ میں مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کے چیک اپ کے ساتھ مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں، صحت کیمپ میں حاملہ خواتین کے چیک اپ کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا ہے۔

مقامی انتظامیہ کے ساتھ تاجروں کا تعاون برقرار رہے گا، حافظ ضیاء الرحمن رانا

تاجروں کی بہتری اور انکو درپیش مسائل سمیت انتظامیہ سے بہتر تعلقات کو یقینی بنایا جائے گا

بھلوال (تحصیل رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بھلوال کے جنرل سیکرٹری حافظ ضیاء الرحمن رانا نے کہا ہے کہ تاجروں کی بہتری اور انکو درپیش مسائل سمیت انتظامیہ سے بہتر تعلقات کو یقینی بنایا جائے گا یہ بات انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر بھلوال محمد سلیمان اکبر سے وفد کے ہمراہ ملاقات کے بعد نمائندہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ کے ساتھ تاجروں کا تعاون برقرار رہے گا اور حکومتی احکامات کی روشنی میں تاجر اپنا بہتر کردار ادا کرینگے انہوں نے کہا کہ بھلوال شہر ہم سب کا شہر ہے اور تاجر برادری بھی اسی شہر کے شہری ہیں انکی بہتری کیلئے جو بھی اقدامات بروئے کار لائے جائینگے تمام تاجروں کو یکساں حقوق ملیں گے مرکزی انجمن تاجران بھلوال نہ صرف تاجروں بھائیوں کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریگی بلکہ اس شہر کو درپیش مسائل اور اس شہر کی تعمیر وترقی کیلئے بھی اپنا بہترین کردار ادا کرینگے انشاءاللہ جلد ہی بھلوال شہر حقیقی معنوں میں ترقی یافتہ شہروں میں شامل ہوگا اور اس میں ایک مضبوط اور متحد انجمن تاجران نظر آئیگی جو تعمیر وترقی کیلئے ہر لحاظ سے اپنا مثبت کردار ادا کریگی۔

عوام الناس سموگ کا باعث بننے والے عوامل کی نشاندہی کریں، ڈپٹی کمشنر

حکومت پنجاب ماحول کو سموگ سے پاک کرنے کے لئے سرگرم ہے، صفی اللہ گوندل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب ماحول کو سموگ سے پاک کرنے کے لئے سرگرم ہے اس ضمن میں تمام متعلقہ محکمے متحرک ہیں، عوام الناس سموگ کا باعث بننے والے عوامل کی نشاندہی کریں اور ماحول دوست ہونے کا ثبوت دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد سموگ پر عملدرآمد اور وائلیشن پر کی جانے والی کاروائیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنرز شازیہ رحمن، سعدیہ جمال، شمس الرحمن، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے، نمائندہ ٹریفک پولیس و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو کیے جانے والے اقدامات اور کاروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیزی سے جاری

ڈکیت گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار، 3 لاکھ روپے سے زائد کی نقدی برآمد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیزی سے جاری۔ تھانہ مانگٹانوالا پولیس کی کارروائی۔ ڈکیت گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار کرکے 3 لاکھ روپے سے زائد کی نقدی، 2 موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آصف عرف آصو ڈکیت گینگ کے ملزمان مانگٹانوالا کے علاقہ میں موٹر وے لنک روڈ اور گردو نواح میں راہگیروں سے اسلحہ کے زور پر واردات کر کے فرار ہو جاتے تھے۔ تھانہ مانگٹانوالا پولیس نے دوران تفتیش ملزمان سے رابری کی 9 وارداتوں کا سراغ لگا لیا ہے۔ ملزمان سے تفتیش کا عمل جاری ہے۔ مزید انکشافات متوقع ہیں۔ گرفتار ملزمان میں ڈکیت گینگ کا سرغنہ آصف عرف آصو، افنان اور عرفان شامل ہیں۔ ڈی پی او سید ندیم عباس کا کہنا ہے کہ ڈکیت گینگ کی گرفتاری پولیس ٹیم کی پروفیشنل قابلیت کا نتیجہ ہے۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو محفوظ بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔

حساس ادارے کی کارروائی منشیات سمگل کرنے والے دو ملزمان گرفتار

4 کلو کے قریب ہیروئن ڈرون و دیگر سامان برآمد، منشیات بھارت سمگل کی جانی تھی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرحدی دیہات میں حساس ادارے کی کارروائی منشیات سمگل کرنے والے دو ملزمان گرفتار 4 کلو کے قریب ہیروئن ڈرون و دیگر سامان سمیت برآمد منشیات سرحدی ملک بھارت کو اسمگل کی جانی تھی بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں جنڈیالہ کلساں کا رہائشی طارق محمود ولد رمضان ڈھائی کلو گرام ہیروئن اور ڈرون کیمرہ و دیگر سامان لے کر بی آر بی پل کراس کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ حساس ادارے کی ٹیم نے گرفتار کر لیا ملزم نے ڈرون کے ذریعے ہیروئن بھارت سمگل کرنا تھی جبکہ سرحدی گاؤں مقبول پور میانی کا رہائشی ولید ولد افضل تقریبا ڈیڑھ کلو گرام ہیروئن ہمسائیہ ملک بھارت کی سرحد کے قریب لے کر جا رہا تھا کہ گرفتار کر لیا گیا دونوں ملزمان نے ہیروئن بھارت سمگل کرنا تھی ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے تاکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث مگرمچھوں تک پہنچا جاسکے حساس ادارے کے مطابق ملزمان کو اینٹی نارکوٹکس کے حوالے کیا جائے گا۔

جیکب آباد سیپکو گرڈ انچارج نے شہر کی بجلی بند کردی

ساری رات بجلی بند ہونے سے شہر تاریکی میں ڈوبا رہا، اگلے دن صبح دس بجے بجلی بحال کی گئی

جیکب آباد (رپوٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد سیپکو گرڈ انچارج نے شہر کی بجلی بند کردی ساری رات بجلی بند ہونے سے شہر تاریکی میں ڈوبا رہا، اگلے دن صبح دس بجے بجلی بحال کی گئی رات کو بجلی بند کرنا معمول بن گیا، گرڈ انچارج ایل ایس کی ملی بھگت سے اعلانیہ کے ساتھ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافے کی شکایات تفصیلات کے مطابق جیکب آباد سیپکو کی جانب سے شہر میں بلاجواز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوگیا ہے جس کے باعث شہری سخت پریشان ہیں گزشتہ شب جیکب آباد کے سٹی ون ٹو ایکسپریس سمیت دیگر کی بجلی بند کردی گئی جس کے باعث شہری تاریکی میں ڈوبا رہا اگلے دن صبح 10 بجے بحال کی گئی بجلی کی بندش کا چوروں نے بھرپور فائدہ اٹھایا مختلف علاقوں میں گھروں سے قیمتی سامان چوری ہونے کی شکایات ہیں شہری زبیر علی، عارف، ستیش کمار، مسمات ملکاں، خیراں اور دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گرڈ انچارج اور ایل ایس کی ملی بھگت سے شہر میں اعلانیہ کے ساتھ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بھی کی جا رہی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ساری رات بجلی بند کرکے اگلے دن صبح کو بحال کی جاتی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں گرڈ اسٹیشن کا عملہ رشوت لیکر فیڈرس پر بلاجواز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کر رہا ہے انہوں نے وزیر پانی وبجلی اویس لغاری چیئرمین واپڈا، نیپرا اور دیگر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

اغوا کے تین مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون، چار سالہ بچہ اور نویں کلاس کا طالبعلم اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے تین مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون، چار سالہ بچہ اور نویں کلاس کا طالبعلم اغوا ڈسکہ کی خاتون ممتاز بیگم کی شادی شدہ بیٹی گھر سے بچوں کو ٹیوشن چھوڑنے کیلئے گئی تو واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی بیٹی کو نامعلوم ملزمان اغوا کرکے لے گئے ہیں ڈسکہ کی خاتون شہناز بی بی کا بیٹا جو کہ نویں کلاس کا طالبعلم ہے اس کو خاندانی پراپرٹی کے تنازعہ پر احسان اللہ، عبدالرحمن، عبدالرشید اور افتخار نے اغوا کرلیا تھانہ موترہ کے علاقہ سل کے جلیل کا چار سالہ بیٹا گھر سے باہر کھیلنے کیلئے گیا جس کو نامعلوم ملزمان اغوا کرکے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

صحافیوں کیخلاف پولیس کی بدتمیزی ہتک آمیز رویہ اور جھوٹا من گھڑت مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حافظ آباد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عمر خضر ہنجرا ایڈووکیٹ سیکرٹری بار رائے وقار ایڈووکیٹ اور چوہدری امان اللہ سندھو ایڈووکیٹ نے مقامی صحافیوں پر پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کے ادائیگی کے دوران پولیس کی بدتمیزی ہتک آمیز رویہ اور جھوٹا من گھڑت مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ مذمت کی ہے اور میڈیا ٹاک کرتے ہوئے کہا ہے کہ وکلاء برادری صحافیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ کیونکہ ہم آزادی اظہار رائے پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کو ایسے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے سے باز رہنا چاہیے تاکہ عوام کا پولیس میں امیج خراب نہ ہو۔

تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فونز چھین

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے موضع وڈالہ سندھواں کا ارسلان اپنی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس کو تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ساڑھے انیس ہزار روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

سیالکوٹ: پیٹرولنگ پولیس ساہوالہ کی جی ٹی روڈ پر موثر انداز میں چیکنگ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) روٹین چیکنگ کے دوران بلانمبری گاڑیوں، ممنوع نمبر پلیٹس و مشتبہ گاڑیوں کی چیکنگ کی جارہی ہے۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پیٹرولنگ پولیس مصروف عمل ہے۔ اس کے علاوہ سمبڑیال سیالکوٹ موٹر وے انٹرچینج کے سٹارٹنگ پوائنٹ جی ٹی روڈ پر پولیس اہلکاروں کیجانب سے موٹر سائیکل سواروں کو مفت لائسنسنگ بارے اور [illegible] دی جارہی ہے۔

ڈیفنس روڈ سیالکوٹ ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق

دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کی شہر میں آمدورفعت، انتظامیہ پر سوالیہ نشان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈیفنس روڈ سیالکوٹ ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق۔ دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کی شہر میں آمدورفعت، انتظامیہ پر سوالیہ نشان۔ سیالکوٹ کی ڈیفنس روڈ پر تیز رفتار ڈمپر نے دن دیہاڑے موٹر سائیکل سوار نوجوان کو کچل دیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ راہگیروں و شہریوں کیجانب سے کہا جارہا ہے کہ تیز رفتار ہیوی ڈمپرز و ٹریکٹر ٹرالیوں کی آمدورفعت ٹریفک پولیس سیالکوٹ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ واضع رہے کہ سیالکوٹ شہر کے طول وارض میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک ولوڈر کنٹینرز، ڈمپرز و ٹریکٹر ٹرالیاں سرعام لوڈنگ ان لوڈنگ کرتے ہوئے جہاں ٹریفک ریگولیشن مسائل پیدا کرتے ہیں وہیں آئے دن مہلک حادثات میں قیمتی جانوں کے ضیاع کا سبب بھی بنتے ہیں۔ ٹریفک پولیس سیالکوٹ اگر ان چلتی پھرتے اموات کا سبب بننے والے محرکات کا چالان بھی کرلے تو یہ سارا دن وہ چالان کی پرچی دکھا کر شہر کے وسطی و گنجان آبادیوں میں گھومتے پھرتے اموات کا سبب بنتے ہیں۔ جس جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

شرقپور: کم عمر رکشہ ڈرائیوروں کی وجہ سے شہریوں کی زندگی اجیرن

رکشہ ڈرائیوروں کی جانب سے اوورسپیڈنگ کے باعث روزانہ کئی حادثات رپورٹ ہونے لگے

شرقپور شریف (نامہ نگار) کم عمر رکشہ ڈرائیوروں کی وجہ سے شہریوں کی زندگی اجیرن، رکشہ ڈرائیوروں کی جانب سے اوورسپیڈنگ کے باعث روزانہ کئی حادثات رپورٹ ہو رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق ٹریفک حادثات کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے تفصیلات کے مطابق شرقپور شریف میں کم عمر، بغیر ڈرائیورنگ لائسنس رکشہ ڈرائیوروں کی بھرمار شہریوں کے لیے ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ یہ نوعمر ڈرائیور نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہیں بلکہ ان کی لاپرواہی اور اوور اسپیڈنگ کی وجہ سے روزانہ حادثات معمول بن چکے ہیں۔ شہر میں چنگچی رکشوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، جنہوں نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی ہے۔ ان رکشہ ڈرائیوروں کی جانب سے اونچی آواز میں ٹیپ چلانا اور فحش گانے بجانا عام بات ہو چکی ہے، جو نہ صرف عوامی سکون میں خلل ڈال رہا ہے بلکہ نوجوان نسل پر منفی اثرات بھی ڈال رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک قوانین کا نفاذ محض کاغذوں تک محدود ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے نہ تو ان کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کوئی سنجیدہ کارروائی کی جارہی ہے اور نہ ہی رکشوں کی اونچی آواز میں گانے بجانے پر کوئی پابندی عائد کی گئی ہے۔ شرقپور شریف کے عوام نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر اس مسئلے کا نوٹس لیا جائے۔ ٹریفک پولیس کو فعال کرکے غیر قانونی رکشوں اور کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، جبکہ چنگچی رکشوں کے لیے قوانین کو سختی سے نافذ کیا جائے۔ شہر کے باسی امید کرتے ہیں کہ حکام اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں گے۔

سوشل میڈیا پر افواج پاکستان کیخلاف منفی پراپیگنڈا کا دفاع کیا جائے، شہری

اضلاع کی سطح پر انتظامیہ پاک فوج ودیگر ادارے آگاہی مہم شروع کریں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا پر بعض افراد کی طرف سے افواج پاکستان ودیگر سکیورٹی فورسز کے خلاف جاری پراپیگنڈہ مہم سے متاثر ہونے والے افراد کو حقائق سے آگاہ کرنے اور تحفظ عامہ کے اداروں کی اہمیت اور قربانیاں اجاگر کرنے کی خاطر آگاہی مہم چلانے کی ضرورت پر شہری حلقوں کی طرف سے زور دیا جارہا ہے، شہریوں کے مطابق سوشل میڈیا پر گزشتہ کئی سالوں سے بعض سیاسی عاقبت نااندیش اور بعض ملک دشمن قوتوں کے آلہ کار سکیورٹی فورسز خصوصاً افواج پاکستان کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کر رہے ہیں، جس کے تحت نوجوانوں کو خصوصی طور پر ٹارگٹ کیا جاتا ہے اور انہیں یہ باور کروانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ فوج ملکی وسائل پر قابض ہے اور عوام کے سیاسی حقوق سلب کر رہی ہے جس کیلئے ماضی اور حال کی من گھڑت مثالیں دینے سمیت مختلف واقعات کو توڑ مروڑ کر بیان کیا جاتا ہے اور اعلیٰ فوجی قیادت کے بیانات کو اپنی مرضی کے معنی دیئے جاتے ہیں جبکہ اعلیٰ عسکری قیادت کے اثاثوں کو بھی بڑھا چڑھا کر بیان کرکے انہیں لوٹی گئی قومی دولت ظاہر کیا جاتا ہے تاکہ فوج اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھائے جاسکیں یہ سلسلہ شہداء پاک فوج کے لواحقین کیلئے بھی شدید اذیت کا باعث بنی ہوئی ہے جو سوشل میڈیا پر جاری طوفان بدتمیزی پر شدید تشویش اور مایوسی کا شکار ہیں ماضی میں افواج پاکستان کے کردار اور اہمیت کے حوالے سے قطعی دورائے نہیں تھی اور فوج کے چند افراد کی ذاتی حیثیت کی غلطیوں کو بطور ادارہ نہیں اچھالا جاتا تھا جس سے فوج کا ادارہ عوامی احترام کے حوالے سے مثالی تھا مگر سوشل میڈیا پر جاری پراپیگنڈہ کے باعث نوجوان نسل کی ذہنیت شدید متاثر ہورہی ہے جو سیاسی قیادت کی کوتاہیوں اور معاشرتی ناکامیوں کو بھی عسکری قوتوں پر ڈال رہے ہیں یہ رجحان ملک کو نظریاتی طور پر کمزور کرنے کا سبب بن رہا ہے۔ جس کیلئے باقاعدہ آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے، شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اضلاع کی سطح پر انتظامیہ افواج پاکستان ودیگر سکیورٹی فورسز کی اہمیت اور انکی جدوجہد وقربانیوں کو اجاگر کرنے کے حوالے سے تحریری پمفلٹس کی تقسیم یقینی بنانے سمیت سوشل میڈیا مہم چلائے اور اس سلسلہ میں سرکاری وغیر سرکاری تعلیمی اداروں میں لیکچرز کا بھی اہتمام کیا جائے۔

دو ملزمان کا نوجوان پر تشدد ہتھوڑی کے وار کرکے زخمی کردیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ملزمان کا نوجوان پر تشدد ہتھوڑی کے وار کرکے زخمی کردیا تھانہ صدر کے علاقہ دھاموکے کا الیاس کی ملکیتی جگہ پر ملزمان مدثر اور مبشر آگئے اور دروازے توڑنے لگے اس کے بھائی نے منع کیا تو ملزمان نے اس کے بھائی کو ہتھوڑی کے وار کرکے زخمی کردیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

مقامی صحافیوں پر جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما اور سابق چیئرمین زکوۃ وعشر کمیٹی محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نے پولیس کی جانب سے مقامی صحافیوں پر جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی اظہار کا گلہ گھونٹنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد ارشد کا کہنا تھا کہ صحافیوں کے ساتھ اس پولیس گردی کی جس قدر بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ پولیس صحافی برادری کو حراساں کرکے اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کے درپے ہے۔ جس کا آئی جی پولیس پنجاب اور دیگر حکومتی اداروں کو فوری نوٹس لینا چاہئے۔

جیکب آباد میں پی پی شہید بھٹو کا ضلع آرگنائزر پر حملے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جیکب آباد میں پی پی شہید بھٹو کا ضلع آرگنائزر پر حملے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں پی پی شہید بھٹو کی جانب سے ضلعی آرگنائزر بابل کوریجو اور سیاف کے رہنما شاہزیب کوریجو پر حملے کے خلاف ایک احتجاجی جلوس ندیم قریشی، نور محمد مگھجو اور دیگر کی قیادت میں نکالا گیا، کارکنان نے جلوس نکال کر شہر میں مارچ کیا اور حملہ آوروں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا، پریس کلب کے سامنے پہنچ کر مظاہرین نے دھرنا دیا اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بابل کوریجو اور شاہزیب کوریجو پر حملہ کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرکے انصاف فراہم کیا جائے بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ بڑھایا جائے گا۔

ڈسکہ: سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج تھانہ موترہ کے علاقہ بھوگڑھا کے وقاص کا ملزم عامر کیساتھ زمین کا تنازعہ تھا گزشتہ روز وہ اپنی زمین پر ہمراہ طیب موجود تھا کہ اسی دوران ملزم عامر مسلح آتشیں اسلحہ آگیا اور آتے ہی اس کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

اوکاڑہ: ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث آٹھ خطرناک ڈاکو گرفتار

لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ وغیرہ برآمد کرلیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کی بڑی کاروائی ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث آٹھ خطرناک ڈاکو کو گرفتار کرکے ان سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ وغیرہ برآمد کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر پانچ خطرناک ڈاکوؤں ثقلین، مدثر، اختر وسیم اور بہادر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 5 لاکھ 87 ہزار روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ وغیرہ برآمد کرلیا ہے۔ جبکہ تھانہ سٹی رینالہ خورد نے چھاپہ مار کر سفیان ڈکیت گینگ کے تین خطرناک ڈاکوؤں سفیان فراز اور علی رضا کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی چار عدد موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کرکے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے پولیس کی کارروائی کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

نارنگ منڈی: شہر اور گردونواح میں ڈاکو راج قائم چوروں نے بھی ات مچادی

کوٹلی میانی میں ساڑھے تین لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری، اہل علاقہ سراپا احتجاج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر اور گردونواح میں ڈاکو راج قائم چوروں نے بھی ات مچادی سیہول مسلم میں کھیتوں سے ساڑھے 4 لاکھ روپے مالیت کی موٹریں اور بجلی کی تار چوری کوٹلی میانی میں ساڑھے تین لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری شہر اور گردونواح سے 3 موٹر سائیکلیں اور 1 لوڈر رکشہ غائب اہل علاقہ سراپا احتجاج بن گئے پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان تفصیل کے مطابق نواحی گاؤں کوٹلی سیہول میں ذوالفقار اور عابد کے کھیتوں سے 3 لاکھ روپے مالیت کی دو موٹریں اور 1 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کی بجلی کی تار غائب ہوگئی کوٹلی میانی میں عارف کے اہلخانہ گھر پر موجود نہ تھے چوروں نے فائدہ اٹھا کر چور چھت پھلانگ کر داخل ہوئے اور ایئر کنڈیشنر اوون پنکھے ٹوکہ کی موٹر بجلی کی تاروں اور پمپ سمیت 3 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کا سامان چوری کرلیا کوٹ عبدالرحمان میں عباس کے گھر کے باہر کھڑا لوڈر رکشہ چوری ہوگیا رکشہ سٹینڈ کے قریب بھٹے وڈھ کے رہائشی عنایت اللہ کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی ریلوے اسٹیشن پر جام گل کے رہائشی غلام رسول اور جیون گورائیہ میں افضال کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکلیں غائب ہوگئیں نجی شادی ہال میں تقریب کے دوران مہمان کا قیمتی موبائل چوری ہوگیا نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے چوری اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر اہل علاقہ شدید پریشان ہیں انہوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

کریک ڈاؤن میں 100 سے زائد گاڑیوں کے چالان، 2 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مجرمان اشتہاریوں سمیت مختلف جرائم میں ملوث 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 9 اشتہاریوں، 2 عدالتی مفروران کو گرفتار کرلیا گیا۔ تھانہ صدر پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش عبدالرحمن کو گرفتار کرلیا۔ منشیات فروش کے قبضہ سے 1 کلو گرام سے زائد چرس برآمد ہوئی۔ ضلع بھر میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 100 سے زائد گاڑیوں کے چالان، 2 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ سموگ کا باعث بننے والی 2 گاڑیوں کو بند کرکے ڈرائیوروں پر مقدمات درج کئے گئے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3 سو سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے اور 3 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ کیا گیا۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 76 مشکوک افراد، 55 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

عاق نامہ/ اعلان لاتعلقی

میں اپنے سوتیلے بیٹے محمد شاہد ولد علی شیر ساکن باہری پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کو لڑائی جھگڑا، بدزبانی، نافرمانی و بری عادات ہونے کی وجہ سے منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ آج کے بعد میں اور میرے وارثان محمد شاہد ولد علی شیر کے کسی بھی قول و فعل کے ذمہ دار نہ ہونگے۔ جو شخص یا ادارہ اس سے لین دین کرے گا وہ اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: علی شیر ولد محمد افضل ساکن باہری پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

اعلان لاتعلقی

نعیم بابر ولد محمد شریف قوم کھوکھر ساکن گلی ڈاکٹر تنویر والی سماد حاتوالہ پاکپتن جو کہ میرا داماد ہے۔ جو کہ بدکردار ہے۔ جس سے میں ناخوش ہوں۔ اس وجہ سے میں اپنے داماد نعیم بابر سے اعلان لاتعلقی کرتا ہوں۔ آج کے بعد میں اور میرے وارثان اس کے کسی بھی قول و فعل کے ذمہ دار نہ ہونگے۔ جو شخص یا ادارہ اس سے لین دین کرے گا وہ اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرما لیں۔

المشتہر: علی شیر ولد محمد افضل ساکن باہری پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

بقیہ بقیہ جات 1

جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ڈی پی او کرم کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے باعث متعدد زخمیوں کی حالت نازک ہے جس سے اموات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو رضا کار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور امدادی کاموں کا آغاز کر دیا، جبکہ سکیورٹی حکام نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع کرم کے علاقے اوچت میں مسافر گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے فائرنگ سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، تمام تر ہمدردیاں جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق راولپنڈی اور اٹک میں رینجرز جمعہ 22 نومبر سے غیر معینہ مدت کے لئے تعینات ہوں گے۔ جہلم میں 22 سے 27 نومبر تک رینجرز تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ راولپنڈی، اٹک اور جہلم میں رینجرز کی تعیناتی کا فیصلہ ضلعی انتظامیہ کی سفارش پر کیا گیا، محکمہ داخلہ پنجاب نے رینجرز کی خدمات کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کو باضابطہ درخواست بھجوا دی۔

بقیہ بقیہ جات 3

اطلاعات کا کہنا تھا کہ توشہ خانہ 2 میں بانی پی ٹی آئی کی ضمانت ہوئی ہے، مقدمہ ابھی چل رہا ہے، مقدمے کیلئے بہت شواہد ہیں، ٹرائل کورٹ میں کیس آگے بڑھے گا تو ضمانت ختم بھی ہو سکتی ہے۔ مذاکرات کے سوال پر وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ مذاکرات ہوتے بھی تو پی ٹی آئی کے پرامن رہنے کی ضمانت کون دے گا؟ ان کا کہنا تھا کہ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ 9 مئی واقعات کے احکامات پی ٹی آئی قیادت نے ہی دیے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 4

اور 26 ویں ترمیم واپس لینے کے اقدام کیے جائیں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ حکومت اگر یہ اقدامات کرتی ہے تو پھر ہم سمجھیں گے کہ حکومت سنجیدہ ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ 50 بندوں کے لیے پورے پاکستان کے کنٹینرز اسلام آباد پہنچا دیے گئے ہیں۔ پی ٹی آئی کے 24 نومبر کے احتجاج اور اس کے خلاف حکومتی اقدامات پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بیرسٹر سیف نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ سے جعلی حکومت کی حواس باختگی صاف ظاہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف تو 50 بندے اکٹھے نہ کرنے کے دعوے اور دوسری جانب کارکنوں کی پکڑ دھکڑ سمجھ سے بالاتر ہے۔ 50 بندوں کے لیے پورے پاکستان کے کنٹینرز اسلام آباد پہنچا دیے گئے ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ پنجاب، سندھ اور کشمیر کی تمام فورسز بھی اسلام آباد میں تعینات کی جا رہی ہیں، ان تمام کوششوں کے باوجود پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ کر اپنے مطالبات منوائے گی۔ صوبائی مشیر کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت پر شدید خوف طاری ہے، اور ان کی کانپیں ٹانگ رہی ہیں۔ جعلی حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے اور فسطائیت کے ریکارڈ توڑ رہے ہیں۔ بغض عمران خان میں آئین اور قانون کو روندا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

آباد کی طرف مارچ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کے ساتھ مذاکرات کیلئے رابطہ ہوا ہے، پارٹی اپنا فیصلہ کرے گی کس طرح اور کس حد تک مذاکرات کرنا چاہیئں، سب سے اہم بات یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے علی امین گنڈاپور کو مذاکرات کی اجازت دی ہے، اب دیکھنا ہے حکومت کتنی سنجیدگی سے اس ایجنڈے کو آگے بڑھاتی ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں ملک میں بالکل استحکام آنا چاہیے، اس وقت لاء اینڈ آرڈر چیلنجز کا سامنا ہے، بشریٰ بی بی سے میری ملاقات ہوئی ہے، بشریٰ بی بی 8 مہینے جیل میں رہیں ان کے ساتھ ظلم ہوا ہے، بشریٰ بی بی عمران خان کی اہلیہ اور غیر سیاسی خاتون ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

یورپی ممالک کا دورہ کریں گے، اس دوران برطانیہ میں اہم شخصیات سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق دورہ برطانیہ میں گورنر آئی ٹی انیشیٹو سے متعلق اہم پیش رفت کا بھی امکان ہے۔ قبل ازیں معروف عالم دین مفتی محمد تقی عثمانی نے گورنر ہاؤس کراچی میں آئی ٹی سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گورنر کی باتیں سنیں جو انقلابی نوعیت کی تھیں، میں نے یہ کام خود دیکھنے کی خواہش کی اور آج یہاں آیا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 7

ایڈووکیٹ میاں داود کا کہنا تھا کہ میں نے بطور حوالہ سابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے اختیارات کے ناجائز استعمال کے تمام نوٹیفکیشنز ساتھ لگائے ہیں، اعلیٰ عدلیہ کے چیف جسٹس نے اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے عدلیہ کی ساکھ کو مجروح کر دی، جس پر جناب جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ چلیں اس مسئلے کو دیکھتے ہیں، درخواست گزار میاں داود ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ اب ہم اس مسئلے کو دیکھیں اور اگر ضرورت محسوس ہوئی تو اس مسئلے کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، میاں داود ایڈووکیٹ نے مفاد عامہ کے تحت سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کر رکھی تھی درخواست میں پانچ ہائیکورٹس کے رجسٹرارز، چاروں صوبوں اور وفاقی حکومت کو فریق بنایا گیا ہے ہائیکورٹس کے چیف جسٹس صاحبان صوابدیدی اختیارات کا غیر آئینی استعمال کرتے ہیں، میاں داود ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ ہائیکورٹس کے اکثر چیف جسٹس ریٹائرمنٹ سے قبل سرکاری خزانہ بادشاہوں کی طرح لٹاتے ہیں سابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ امیر بھٹی نے ریٹائرمنٹ سے ایک ماہ قبل اختیارات کے ناجائز استعمال بدترین مثالیں قائم کیں، میاں داود ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ سابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے بہترین کارکردگی کے نام پر سینکڑوں ملازمین کو غیر قانونی ایڈوانس انکریمنٹس دیئے، درخواست گزار کے مطابق سابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے افسروں اور اہلکاروں میں 6 جولائی 2021 سے دو ایڈوانس انکریمنٹس دیئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 8

عملدرآمد کرائیں گے، ہم نے اسلام آباد کے شہریوں کو تحفظ دینا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ڈیڈ لائن جب ہوگی جب ہم کوئی مذاکرات کریں گے، اگر یہ 24 نومبر کی دھمکی دیں گے تو کسی صورت مذاکرات نہیں ہوں گے، بانی پی ٹی آئی کو رہائی دینے کا اختیار میرے پاس نہیں عدالت کے پاس ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ کرم میں فائرنگ کے نتیجے میں 38 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے صوبے میں جس طرح مرضی احتجاج کریں، اسلام آباد نہیں، بیرسٹر گوہر، علی امین گنڈاپور نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی ہے، ان کی خواہش ہے کہ مذاکرات ہونے چاہئیں تو بات کریں۔

بقیہ بقیہ جات 9

کیبنٹ و الیکشن کمشنر کیس کی سماعت ہوئی، ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے ممبر خیبرپختونخوا کے ممبر نے کہا کہ عمران خان کی تو کل ضمانت ہو گئی تھی جس پر ان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ ان کی کسی اور کیس میں گرفتاری ڈال دی گئی ہے تاہم شواہد ریکارڈ کرنے کیلئے ملزم کی حاضری ضروری ہوتی ہے۔ الیکشن کمیشن کے ممبر سندھ نے کہا کہ حکام نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک سے حاضری کا بندوبست ہوجائے گا۔ جس پر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر عمران خان کی ویڈیو لنک سے حاضری یقینی بنائی جائے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ الیکشن کمیشن آئندہ سماعت پر شواہد و گواہوں کے بیان ریکارڈ کرے گا۔ بعد ازاں کیس کی سماعت 17 دسمبر تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 10

دینے کی درخواست عدم پیروی پر خارج کی۔ واضح رہے کہ درخواست گزار محمود اختر نقوی نے مراد علی شاہ کے خلاف درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہدایت لے کر آگاہ کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ کیا آڈیو لیک کمیشن لائیو ایشو ہے؟ کمیشن کے چیئرمین ریٹائرڈ ہو چکے ہیں، کمیشن کے ایک اور رکن سپریم کورٹ کے جج بن چکے ہیں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ مجھے حکومت سے ہدایات کے لیے مہلت دے دیں، معلوم کرنے دیں کہ کیا حکومت نیا کمیشن بنانا چاہتی ہے؟ آڈیو لیک کے معاملے پر قانونی نکتہ تو موجود ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ اگر نیا کمیشن بنتا ہے تو یہ مقدمہ تو غیر موثر ہو جائے گا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کمیشن کی تشکیل کا کابینہ کا فیصلہ آج بھی موجود ہے۔ جسٹس مندوخیل نے سوال کیا کہ کیا حکومت کمیشن کے لیے ججز کی نامزدگیاں چیف جسٹس کی مشاورت سے کرے گی؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ یہ ایک قانونی سوال ہے، قانون مشاورت کا پابند نہیں کرتا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ عدالت کی اتھارٹی کو انڈر مائن ہونے نہیں دیں گے، چیف جسٹس کمیشن کے لیے جج دینے سے انکار کر دیں تو پھر کیا ہوگا؟ آئینی عدالت نے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 12

کہ رازداری کے قوانین کے سبب حسن نواز کے کیس کی تفصیلات شیئر نہیں کر سکتے۔ برطانوی محکمہ ٹیکس ایچ ایم آر سی اور حسن نواز کے درمیان ٹیکس کے تنازع کی رقم 10 لاکھ پاؤنڈ سے کم ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس تنازع ہے، کسی جرم، دھوکا دہی یا منی لانڈرنگ کی تحقیقات نہیں ہو رہیں، یہ کسی جرم، دھوکا دہی کا معاملہ نہیں، سول کیس ہے۔ واضح رہے کہ حسن نواز اور ایچ ایم آر سی کے درمیان ایک کمپنی کے ٹیکس کا تنازع 2020 میں شروع ہوا۔ حسن نواز نے ایک غیر فعال کمپنی کا ٹیکس ادا کرنے سے انکار کیا تھا، حسن نواز اب بھی متعدد کمپنیوں کے ڈائریکٹر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 13

کے نعرے لگا کر پی ٹی آئی نے خود کو ٹی ٹی پی کا سیاسی ونگ ثابت کر دیا۔ انہوں نے پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کو کمزور مت سمجھیں، ہمیں جتھوں اور بلوائیوں کا علاج کرنا آتا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ ٹی ٹی پی کے سیاسی ونگ نے جہادی اسکواڈ بھی قائم کر دیا ہے، فتنہ پارٹی نے جہادی اسکواڈ کو مسلح کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہادی اسکواڈ اسلحے، شیلنگ، غلیلیں، کانچ، ربڑ کی گولیوں سے لیس ہوگا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ فیڈریشن کے خلاف ایک وزیر اعلیٰ کو مہرے کی طرح استعمال کر رہا ہے، فتنہ پارٹی کے 90 فیصد لوگ 24 نومبر کے احتجاج کے مخالف ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی کے آمرانہ اور تحقیر آمیز رویے سے ان کے ارکان اسمبلی میں پھوٹ پڑ چکی ہے، علیمہ خان، شیر افضل مروت نے بھی بشریٰ بی بی کی پارٹی پر قبضے کی مخالفت کی۔ صوبائی وزیر اطلاعات کا کہنا ہے کہ ان کے پنجاب کے ارکان اسمبلی سمجھدار ہیں جنہوں نے بشریٰ بی بی کی قیادت ماننے سے انکار کر دیا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل کا قیدی کے پی کے نوجوان کو فیڈریشن کے خلاف مسلسل اکسا رہا ہے، جن بچوں کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ ہونے چاہئیں ان کو غلیلیں دی جا رہی ہیں اور مسلح کیا جا رہا۔

بقیہ بقیہ جات 14

لیاقت روڈ پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں۔ لیاقت روڈ پر چرچ کے قریب سڑک کی سائیڈ پر ایک اور فوارہ چوک پارکنگ پلازہ کے سائیڈ پر دو کنٹینرز رکھے گئے ہیں۔ حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کا احتجاج روکنے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ مزید کنٹینرز کو شہر کی مرکزی شاہراہوں اور راستوں پر پہنچایا جا رہا ہے۔ ابھی کنٹینرز کو شاہراہوں کے سائیڈز پر رکھا جائے گا۔ راولپنڈی پولیس نے راولپنڈی کے 47 مقامات پر سیلنگ کا فیصلہ بھی کر رکھا ہے جبکہ شہر کینٹ اور گردونواح میں 34 مقامات پر پولیس پکٹس بھی قائم کی جائیں گی۔ مجموعی طور پر ساڑھے چار ہزار سے زائد نفری 24 نومبر کو امن وامان قائم رکھنے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دے گی۔ دوسری جانب سنٹرل جیل اڈیالہ اور اڈیالہ روڈ پر سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ اڈیالہ روڈ کو بھی مختلف مقامات سے سیل رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، راولپنڈی شہر و کینٹ کی اہم تنصیبات پر سکیورٹی سخت پولیس کمانڈوز تعینات کر دیئے گئے ہیں۔ پولیس کے سینئر آفیسر کے مطابق شہری سیکورٹی اور امن وامان کو قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن حد تک انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی 24 نومبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال کے بعد راولپنڈی میں 26 نومبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق شہر میں ہر قسم کے جلسے جلوس ریلیوں اور چار سے زائد افراد کے جمع ہونے پر پابندی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 15

کا کہنا ہے کہ نیلامی میں 300 ارب روپے کے پی آئی بیز فروخت کرنے کا ہدف تھا۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل حکومت پاکستان نے نیلامی میں 776 ارب کے ٹی بلز فروخت کیے تھے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق نیلامی میں 3 ماہ کے 317 ارب روپے مالیت کے ٹی بلز بیچے گئے تھے جن کی کٹ آف ییلڈ 20 بیسز پوائنٹس کم ہو کر 70.13 فیصد رہی تھی۔ نیلامی میں 6 ماہ کے 167 ارب روپے مالیت کے ٹی بلز بھی بیچے گئے، 6 ماہ کے بلز کی کٹ آف ییلڈ 49.13 فیصد پر برقرار رہی۔

بقیہ بقیہ جات 16

نے متنبہ کیا کہ وزارت نے کسی نجی کمپنی کو پرائیویٹ حج بکنگ کی اجازت نہیں دی لہٰذا مالی نقصان سے بچنے کیلئے اعلان سے قبل حج اخراجات لین دین سے پرہیز کریں۔

بقیہ بقیہ جات 17

ترجمان محکمہ صحت پنجاب کے حوالے سے کہا ہے کہ پنجاب میں مفت ایئر ایمبولینس سروس نہ صرف جاری ہے بلکہ ایئر ایمبولینس کے تمام اخراجات حکومت پنجاب برداشت کر رہی ہے۔ حکومت ایئر ایمبولینس سروس کو 540 ڈالر فی گھنٹہ کے حساب سے ادا کر رہی ہے جبکہ ایئر ایمبولینس کے لئے 3 چھوٹے جہاز اور 2 ہیلی کاپٹر استعمال کیے جا رہے ہیں اور ایئر میڈیکل ڈسپیچ کے معیار کو بین الاقوامی رہنما خطوط کی بنیاد پر معیاری بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ایئر ایمبولینس سروس صوبے کے دور دراز علاقوں سے تشویشناک حالت میں مبتلا مریضوں کو بڑے ہسپتالوں میں منتقل کرنے کے لیے شروع کی گئی ہے اور پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس اب تک 25 مریضوں کو کامیابی سے ہسپتالوں میں منتقل کر چکی ہے۔ ترجمان پنجاب حکومت نے کہا کہ بلا معاوضہ ایئر ایمبولینس جولائی سے آپریشنل ہو چکی ہے اور ایئر ایمبولینس پنجاب کے 3 مقامات پر پارک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کے قریب جہاز اور ہیلی کاپٹر لینڈ کرنے کے لیے لینڈنگ زون بنائے جائیں گے جبکہ ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو تربیت دی جائے گی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں حلیمہ زوجہ پرویز خان کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی سے ڈی ایچ کیو ہسپتال راولپنڈی منتقل کیا گیا جبکہ عبدالرزاق کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی سے راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی اور محمد بلال کو شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان سے لاہور جنرل ہسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 18

کی۔ جیل قوانین کی خلاف ورزی پر سزا کو میرٹ پر رکھنے کے لیے سپروائزر کے اختیارات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سپرنٹنڈنٹ جیل یا کوئی افسر ضابطے کے برخلاف کسی قیدی کو سزا نہیں دے سکے گا، سپرنٹنڈنٹ جیل انکوائری کے بعد قیدی کو سزا دینے کا اختیار رکھتا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جیل سپرنٹنڈنٹ قیدی کو سزا دینے کے لیے تحریری طور پر ڈی آئی جی جیل کو بتائے گا اور قیدی کو سزا دینے سے قبل مکمل انکوائری کی جائے گی۔ دوران انکوائری قیدی کو اپنی بے گناہی ثابت کرنے کا پورا موقع دیا جائے گا، انکوائری کی تمام کارروائی تحریری طور پر عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق ڈی آئی جی جیل کسی بھی قیدی کو دی گئی سزا کالعدم یا برقرار رکھ سکتا ہے، سپروائزر کسی بھی وقت کسی بھی قیدی کو دی گئی سزا کی جانچ کر سکتا ہے، قیدی کو حفاظت کے لیے علیحدہ رکھنا ہو تو اسے پنشمنٹ بلاک میں نہیں رکھا جا سکتا۔ پنشمنٹ بلاک میں رکھے جانے والا قیدی سزا میں معافی کے حق سے محروم ہوجائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 19

خود شریک ہوں اور نہ کسی قسم کی سہولت کاری کریں۔ نعیم میر نے کہا کہ ریاست ہر قسم کے متشدد احتجاج، فساد اور شر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اس احتجاج کی کسی سوشل میڈیا فورم پر تشہیر بھی نہ کریں، تاجر خود کو اور اپنی فیملیوں کو محفوظ رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

پنہور کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ کے روبرو اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی جس میں پاکستان بار کونسل کی جانب سے ڈاکٹر فاروق ایچ نائیک کا وکالت نامہ پیش کیا گیا۔ جسٹس صلاح الدین پنہور نے درخواستوں کی سماعت سے معذرت کرتے ہوئے درخواستوں کو مزید سماعت کیلئے چیف جسٹس کو بھیجنے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ چیف جسٹس درخواستوں کو مزید سماعت کیلئے کسی اور بینچ کو بھیجیں گے۔ بعد ازاں عدالت نے درخواستوں کی مزید سماعت 19 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 21

گاڑیاں چلانے کا ہدف ہے، سال 2040 تک الیکٹرک گاڑیوں کا مجموعی ہدف 90 فیصد مقرر کر دیا گیا ہے، ابتدائی پانچ برس میں 3 ارب روپے سرمایہ کاری پر مراعات دی جائیں گی۔ سرمایہ کاری کرنے والی کمپنیوں کو 50 سال رعایتی لیز پر اراضی دی جائے گی، مخصوص پارٹس درآمد کرنے پر ایک فیصد کسٹمز ڈیوٹی عائد کی جائے گی، ملک میں الیکٹرک گاڑیوں سے 2064 تک درآمدی بل میں 64 ارب ڈالر کی کمی آئے گی۔ وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا کہ غیر مقامی پارٹس پر 15 فیصد کسٹمز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز ہے۔ نئی پانچ سالہ الیکٹرک وہیکلز (ای وی) پالیسی 30-2025 کا مسودہ تمام شراکت داروں کی مشاورت سے تیار کر لیا گیا ہے۔ رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے الیکٹرک وہیکل متعارف کروانے کے لیے اعلیٰ سطحی اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دی تاکہ الیکٹرک وہیکل پالیسی حتمی کی جا سکے، کوشش ہے کمپنیوں کو زیادہ مراعات دیں تاکہ الیکٹرک وہیکلز کی پیداوار بڑھے آئندہ سال سے ملک میں فور وہیل الیکٹرک وہیکلز بننا شروع ہونگی۔

بقیہ بقیہ جات 22

کی اسکولز سے بہتر کرنا ہمارا عزم ہے۔ مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں پنجاب کے پبلک اسکول ری آرگنائزیشن پروگرام (پی ایس آر پی) میں شامل اسکولز میں 5 ہزار نئے کلاس رومز بنانے کی منظوری دی گئی، اسکولز کی تعمیر ومرمت کے لیے ریوالونگ فنڈز قائم کرنے کی تجویز پر اتفاق بھی کیا گیا۔ اجلاس میں طلبہ کی لرننگ کیپسٹی بڑھانے کے لیے اسکولز میں نئی ماڈرن لیبز قائم کرنے اور آؤٹ آف اسکول بچوں کے لیے فارمل لرننگ سینٹر بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے دوران پڑھائی کے فروغ کے لیے سرکاری اسکولز میں موبائل بس لائبریری پراجیکٹ پر غور کیا گیا اور جنوبی پنجاب کے 3 اضلاع میں جاری اسکول میل پروگرام پر رپورٹ پیش کی گئی۔ دوران اجلاس بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسکول میل پروگرام شروع ہونے کے بعد 38 ہزار سے زائد نئے طلبہ کی انرولمنٹ مکمل کی گئی، 3527 اسکولز میں دودھ کے 1 کروڑ 32 لاکھ سے زائد پیکٹ تقسیم کیے گئے، طلبہ کو دودھ پیک سے متعلق روزانہ ڈیش بورڈ پر رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ اسکول میل پروگرام کے اجرائی کے بعد بچوں کے کیلشیم ٹیسٹ بھی لیے جاتے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پبلک اسکول ری آرگنائزیشن پروگرام میں شامل اسکولز میں انرولمنٹ 34 فیصد بڑھی ہے۔ پی ایس آر پی فیز 1 میں شامل 5675 اسکولز میں 1 لاکھ 21 ہزار سے زائد نئے طلبہ آئے، ایجوکیشنل مانیٹرنگ یونٹ نے 60 فیصد نئے داخلوں کی تصدیق کر لی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پبلک اسکول ری آرگنائزیشن کے بعد اسکولز میں اساتذہ کی حاضری میں 164 فیصد اضافہ ہوا ہے، ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں پی ایس آر پی فیز 1 کے اساتذہ کے 7 ٹریننگ سیشن مکمل ہو گئے ہیں، اساتذہ اسمارٹ کلاس ٹیکنالوجی کے ذریعے دور دیہات کے بچوں کو پڑھائیں گے۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ سولر ٹیکنالوجی سے منسلک اسمارٹ بورڈ کے ذریعے بچوں کو پڑھایا جائے گا، آؤٹ آف اسکول چلڈرن کے 95 فیصد والدین بچوں کو پڑھانا چاہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بینچ نے نظر ثانی پر سماعت کی۔ وکیل صفائی حارث عظمت نے دلائل میں کہا کہ آرٹیکل 63 اے نظر ثانی فیصلے میں کہا گیا تین رکنی بینچ نے 17 رکنی بینچ کے فیصلے کو نظر انداز کیا، اب بھی کیس میں سوال موجود ہے، ہم پارلیمانی پارٹی کی ہدایات کے بجائے پارٹی ہیڈ کی ہدایات پر نظر ثانی چاہتے ہیں۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ ہم اٹارنی جنرل کو نوٹس کر رہے ہیں، جس پر اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے کہا کہ میں اس کیس میں وکیل رہ چکا ہوں۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ ٹھیک ہے ہم ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان کو نوٹس کر دیتے ہیں۔ وکیل صفائی حارث عظمت نے کہا کہ آئینی بینچ قرار دے پارلیمنٹ میں ووٹنگ کے لیے پارٹی ہیڈ کی ہدایات ہوں گی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ یہ اتنا آسان نہیں، سن کر فیصلہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 24

طبقوں کی طرف سے مختلف تبصرے جاری ہیں۔ مولانا طارق جمیل کے ایک بیان کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں ہمارے معاشرے میں عام مشترکہ خاندانی نظام کے خلاف بات کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس کائنات کا سب سے خوبصورت رشتہ میاں بیوی کا ہے جس کی اہمیت والدین اور اولاد سے بھی زیادہ ہے۔ مولانا طارق جمیل نے کہا کہ یہ اتنا خوبصورت رشتہ جوائنٹ فیملی سسٹم کی وجہ سے تباہ و برباد ہو گیا ہے۔ ان کے اس بیان پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل دیکھنے میں آیا ہے۔ کچھ صارفین مولانا طارق جمیل کی رائے سے اتفاق کرتے جبکہ کچھ صارفین اختلاف کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ایک صارف نے مولانا صاحب کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پاکستان میں مشترکہ خاندانی نظام پر پابندی کے لیے قانون سازی ہونی چاہیے۔ ایک اور صارف نے لکھا ہے کہ بالکل صحیح کہا، اسلام میں مشترکہ خاندان کا کوئی تصور نہیں ہے، ہم نے اس نظام کو ہندوستانی ثقافت سے اپنایا ہے۔ دوسری جانب ایک صارف نے مولانا طارق جمیل کی رائے سے اختلاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ والدین سے زیادہ اہم دنیا میں کوئی رشتہ نہیں ہے۔ ایک اور صارف نے لکھا ہے کہ ہر نظام کے اپنے کچھ فائدے اور کچھ نقصانات ہوتے ہیں اس طرح مشترکہ خاندانی نظام میں رہنا اس وقت تک نقصان دہ نہیں جب تک کہ خاندان کا ہر فرد اپنی حدود میں رہے اور اپنے خاندان میں شامل ہونے والے نئے ممبر کو ایک محفوظ جگہ فراہم کرے۔

بقیہ بقیہ جات 25

پکڑنا آسان نہیں ہوگا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل سیکیورٹی کے مسائل صرف پاکستان کے نہیں، پورے دنیا کے ہیں۔ سجاد مصطفیٰ کا کہنا ہے کہ وی پی این میں ڈیٹا کی ٹرانزیکشن سیکیور رہتی ہے، اگر ہم انٹرنیٹ ہی بند کر دیں گے تو مذاق بن جائیں گے۔ پاشا کے چیئرمین نے مزید کہا کہ انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی ہے، ایک کمپنی نے بتایا ہے کہ سلو انٹرنیٹ اسپیڈ کی وجہ سے ایک گھنٹے میں ایک ملین کا نقصان ہوا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بڑی کمپنیوں نے ملک سے باہر جانے کے لیے پلاننگ شروع کر دی ہے، آئی ٹی پروفیشنلز کو ساری دنیا ویلکم کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

توانائی کی نیٹ زیرو انرجی بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھ دیا، کالج روڈ گلبرگ پر واقع سات کنال رقبے پر محیط نو منزلہ عمارت کو دو سال میں مکمل کیا جائے گا۔ توانائی کی بچت اور ماحول دوست میٹیریل کے استعمال کے باعث سٹیٹ آف دی آرٹ عمارت سے گرین ہاؤس گیسز کا اخراج مجموعی طور پر 62 فیصد کم ہوگا۔ عمارت میں 15 ہزار گیلن تک بارشی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے۔ توانائی کے کم سے کم استعمال کیلئے ہیٹنگ، وینٹیلیشن اور ایئر کنڈیشنگ کا جدید سسٹم نصب کیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے عمارت کی تعمیر کے منصوبے کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی منصور اعظم، توانائی اور مواصلات و تعمیرات کے محکموں کے سیکرٹریز بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا۔ راولپنڈی پولیس نے تھانہ نیو ٹاؤن میں درج مقدمہ نمبر 2831 میں جسمانی ریمانڈ حاصل کرنے کی استدعا کی، سرکاری پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کرتے ہوئے دلائل دیئے۔ بانی پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم نے مخالفت میں دلائل دیئے، فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کا 5 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کو 5 روز کیلئے پولیس کی تحویل میں دینے کا حکم دیا، پولیس بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ہی تفتیش کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 28

سردار ایاز صادق کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے ٹکٹ پر رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے جبکہ بلاول بھٹو چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بھی ہیں۔ دائر درخواست میں کہا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین اور پاکستان پیپلز پارٹی دو الگ الگ سیاسی جماعتیں ہیں اور الیکشن ایکٹ 2017 کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، سپیکر قومی اسمبلی کو بلاول بھٹو کی اس خلاف ورزی پر یکم نومبر کو خط لکھا گیا تھا، بلاول بھٹو اس خلاف ورزی پر نا اہل ہو سکتے ہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت الیکشن ایکٹ 2017ء کی خلاف ورزی کرنے پر متعلقہ فریقین کے خلاف کارروائی کا حکم دے۔

بقیہ بقیہ جات 30

طرف حکومت سے رابطہ، کنفیوژن پیدا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج سیاسی جمہوری حق ہے، سیاسی بحران کا سیاسی حل ہی ہے۔ لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ ملی یکجہتی کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس آج اسلام آباد میں ہوگا۔ نائب امیر جماعت اسلامی نے یہ بھی کہا کہ سندھ بلدیاتی ضمنی انتخابات میں پیپلز پارٹی کی دھاندلی جمہوریت پر ڈاکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

پی ٹی آئی کے 24 نومبر کے احتجاج کے دوران سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزارت داخلہ نے چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو خط لکھ دیا، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو خط وزارت داخلہ کے سیکشن افسر کی جانب سے لکھا گیا ہے۔ وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو لکھے گئے مراسلہ میں کہا گیا ہے کہ یقینی بنایا جائے 24 نومبر کے احتجاج میں سرکاری مشینری استعمال نہ ہو، یقینی بنایا جائے احتجاج میں سرکاری مشینری، سرکاری ملازمین کی شمولیت یا پیسہ استعمال نہیں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 32

ہے کہ 24 نومبر کو احتجاج کے لیے ریسکیو کی گاڑیاں پی ٹی آئی قافلوں کے ساتھ جائیں گی، ضرورت پڑی تو پرائیویٹ گاڑیاں کرایہ پر لیں گے۔ واضح رہے کہ تحریک انصاف نے 24 نومبر کو فیصلہ کن احتجاج کے طور پر دارالحکومت اسلام آباد کی جانب مارچ کی کال دی ہے جب کہ پارٹی کی طرف سے 26 ویں ترمیم کی واپسی، گرفتار کارکنان کی رہائی اور انتخابی مینڈیٹ کی واپسی کے مطالبات کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہے کہ ہیڈ کوارٹرز سمیت تمام ریجنل دفاتر میں خصوصی ڈیسک بنائیں گے، حجاج کرام کو یہ سہولت دنیا بھر میں قائم پاسپورٹ دفاتر میں بھی ملے گی۔ ڈی جی پاسپورٹس نے کہا ہے کہ خصوصی کاؤنٹرز پر حجاج کرام کو ترجیحی بنیادوں پر ڈیل کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حجاج کرام کو پاسپورٹس کی ڈیلیوری 24 گھنٹوں میں یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 34

ہے، وہ پریکٹیکل بات کریں، شیر افضل کی بات پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، ہر ایک کا اپنا انداز ہوتا ہے لیکن باتیں ساری سیاسی ہوتی ہیں۔ 24 نومبر کے احتجاج سے متعلق انہوں نے کہا کہ ہماری حکمت عملی یہی ہے کہ اب ہم وہاں جائیں گے اور دھرنا دیں گے، مولانا فضل الرحمٰن کو اسلام آباد آنے دیا گیا، 70 فیصد لوگ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں، کیا یہ سب کو مار سکتے ہیں۔ شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ یہ ہمیں جتنا مار سکتے ہیں ماریں، ہم بندوق نہیں اٹھائیں گے، ہمیں صفر فیصد بھی یقین نہیں ہے کہ مذاکرات ہو جائیں گے، حکومت ڈنڈے کے زور پر چل رہی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ملک میں جمہوریت نہیں، ہم پورے ملک کے لیے جنگ لڑ رہے ہیں، اگر ہماری پرفارمنس نہ ہوتی تو خیبر پختونخوا میں مینڈیٹ نہ ملتا، کے پی کے عوام نے ہمیں ان حالات میں کامیاب کرایا جب ہمارے پاس انتخابی نشان تک نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج میں ہماری مرکزی لیڈر شپ موجود ہوگی، ہم آج بھی کہہ رہے ہیں کہ ہم پُرامن ہیں، مذاکرات ہونا ہوں گے تو ہو جائیں گے، نہیں ہونا ہوں گے تو نہیں ہوں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت صاحبان کی تکیہ پر کھڑی ہے، ان کے پلے تو کچھ ہے ہی نہیں، معیشت کو یہ ٹھیک نہیں کر سکے اور امن وامان کی صورتحال بھی خراب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پُرامن اور سیاسی لوگ ہیں، جائیں گے اور اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 35

سینکڑوں گولیاں برآمد، یاد رہے ہلاک ڈاکو اغواء برائے تاوان، پولیس پر حملوں، ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب خطرناک مجرم اشتہاری تھا۔ ہلاک ڈاکو بھونگ میں پولیس کانسٹیبل اکبر گوپانگ کی شہادت، شہید سب انسپکٹر رانا رمضان پر دوران ڈیوٹی حملے کا پولیس کو مطلوب مرکزی ملزم تھا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاعات پر رحیم یار خان پولیس نے سندھ کے موضع پکا چانڈیہ سے متصل سرحدی علاقے میں آپریشن کیا۔ ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے کارروائی کی تو مسلح ملزمان نے پولیس پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی میں خطرناک ڈاکو نادر کوش اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جبکہ ساتھی فصل کماد میں فرار ہو گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران پولیس کو دونوں مغویان آصف اور بلال کماد کے کھیت سے محبوس حالت میں ملے۔ ڈاکوؤں نے دونوں شہریوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر رکھا ہوا تھا۔ پولیس کی بھاری نفری نے تمام علاقے کا گھیراؤ و سرچ آپریشن کیا۔ کامیاب آپریشن میں ڈی ایس پی بھونگ کی نگرانی میں انچارج سی آئی اے صادق آباد، ایس ایچ او بھونگ، سمیت پولیس کی بھاری نفری نے حصہ لیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی کامیاب کارروائی پر ڈی پی او رضوان عمر گوندل اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں عوام کی جان ومال کی حفاظت کریمنلز کی سرکوبی کے لیے ٹارگٹڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔ مغویوں کی بحفاظت بازیابی اور کامیاب آپریشن پر شہریوں کی بڑی تعداد نے پولیس کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ انجمن شہریاں، سول سوسائٹی کی کثیر تعداد نے آئی جی پنجاب، ڈی پی او رحیم یار خان اور پولیس ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 36

مانیٹرنگ کا جائزہ لیا اور اولڈ ہال میں متبرکات و نوادرات مقدسہ کی زیارت بھی کی۔ کمشنر لاہور نے والڈ سٹی اتھارٹی کو ہدایت دی ہے کہ جاری بحالی کے کاموں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کیا جائے۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور پنجاب سید طاہر رضا بخاری، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور ڈاکٹر فیصل کامران بھی ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر لاہور و دیگر انتظامی افسران نے متبرکات مقدسہ کی زیارت بھی کی۔ بعد ازاں کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ڈی سی لاہور کے ہمراہ سوئیکارنو بازار مغل پورہ کا بھی دورہ کیا۔ اور سوئیکارنو بازار کی تزئین و آرائش کیلئے ابتدائی پلاننگ کی آن سائٹ بریفنگ لی۔ سوئیکارنو بازار کے دکانداروں سے بھی فیڈ بیک لیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

اور دیگر نے شرکت کی۔ آگاہی سیمینار میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے ایم بی بی ایس اور نرسنگ کے طلباء طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی جبکہ سٹیج سیکرٹری ڈاکٹر حنا لطیف تھیں۔ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے عطائیت کے تدارک بارے روشنی ڈالی اور اپنے ذاتی تجربات پر شرکاء سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ہیلتھ کیئر کمیشن کی پنجاب بھر میں خدمات کو سراہا اور عطائیت کے خاتمے کے لئے بطور ڈاکٹر سب کو اپنا کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔ چیئرمین پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز نے عطائیت کے خاتمے اور اس کے تدارک پر سیر حاصل گفتگو کی اپنے لیکچر میں انہوں نے شرکاء کو عطائیت بارے آگاہی، عطائی ڈاکٹرز کے کام کرنے کا طریقہ، عطائیت سے پیدا ہونے والے مسائل اور ان کا حل بارے تفصیلی لیکچر دیا انہوں نے پنجاب بھر میں کمیشن کی کارروائیوں، رجسٹریشن کے اعداد وشمار بارے شرکاء کو آگاہ کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عطائیت کے بڑھتے رجحانات کو روکنے کے لئے عوامی آگاہی کے ساتھ عوام کو مستند ڈاکٹر تک رسائی کو آسان بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

سی کی موجودہ کوششوں پر روشنی ڈالنا تھا، خاص طور پر اقلیتی حقوق کے فروغ، سماجی شمولیت، اور پائیدار ترقی کے حوالے سے۔ وفد نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو پنجاب حکومت کی طویل المدتی حکمت عملیوں کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے تاکہ اقلیتی اور پسماندہ کمیونٹیوں کی حمایت کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ ملاقات کے دوران ایک اہم تجویز میثاق سینٹر کی اپ گریڈیشن کے لیے پائلٹ پروجیکٹ شروع کرنے کی تھی، جو اقلیتی کمیونٹی کو بااختیار بنانے کے لیے ایک کمیونٹی ہیڈ اقدام ہے۔ وفد نے تجویز دی کہ اس سینٹر کو اقلیتی تعلیم، ہنر مندی کی ترقی اور سماجی خدمات کے حوالے سے ایک ماڈل کے طور پر تیار کیا جائے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے یو این او ڈی سی کے وفد کی کوششوں اور اقلیتی کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ایسی شراکت داریوں کا مقصد اقلیتی کمیونٹی کے حقوق اور مواقع کو مستحکم کرنا ہے۔ رمیش اروڑہ نے مزید کہا کہ میثاق سینٹر کے پائلٹ پروجیکٹ کو پنجاب کے کسی بھی ضلع سے شروع کیا جائے، تاکہ اسے علاقے کے دیگر حصوں میں پھیلایا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے امید ظاہر کی کہ یو این او ڈی سی کا پنجاب حکومت کے ساتھ شراکت داری کا یہ عمل انسانی حقوق، سماجی انصاف، اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اہم ثابت ہوگا۔ ملاقات میں اقلیتی کمیونٹی کی سماجی، تعلیمی، اور اقتصادی ترقی کے لیے مزید مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ایسی شراکت داریوں کو مستحکم کرنا ضروری ہے تاکہ ایک شمولیتی ماحول قائم کیا جا سکے اور تمام شہریوں کو مساوی مواقع فراہم کیے جا سکیں، چاہے ان کا پس منظر کچھ بھی ہو۔

بقیہ بقیہ جات 39

کارروائی کی منصوبہ بندی کے لیے منعقدہ ورکشاپ کی میزبانی کی۔ ورکشاپ کا مقصد موجودہ ڈیجیٹل دور میں خاندانی منصوبہ بندی، ماں اور بچے کی صحت، اور آبادی کے بے ہنگم کنٹرول پر سماجی رویوں میں تبدیلی لانے کے لیے جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال پر روشنی ڈالنا اور فروغ دینا ہے۔ ورکشاپ کا مقصد ایس بی سی کے طریقہ کار کو ادارہ جاتی بنانا اور خاص طور پر پوسٹ پارٹم فیملی پلاننگ اور اسقاط حمل کے بعد کی فیملی پلاننگ پر خصوصی توجہ دینا ہے۔ ورکشاپ میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے کے علاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر پاپولیشن ویلفیئر افضل، پاتھ فائنڈر کے پروگرامر ڈاکٹر ظاہر گل کے علاوہ دیگر شرکاء بھی موجود تھے، جو پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے استعمال کو تیز کرنے کے لیے ایس بی سی کے لیے پائیدار اور موثر راستے بنانے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے کہا کہ سماجی رویوں میں مثبت تبدیلی ہی ہمیں آبادی کے طے کردہ اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ انہوں نے اس ضمن میں اپنی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور سماجی رویوں میں مثبت تبدیلی کے لیے مزید اقدامات کا ارادہ ظاہر کیا۔ ثمن رائے نے محکمانہ کارکردگی پر روشنی ڈالی اور مستقبل میں کمیونیکیشن کے ذریعے مثبت تبدیلی لانے کے کئی دیگر اقدامات سے روشناس کروایا۔

بقیہ بقیہ جات 40

قیوم اور راجہ خرم کے ضمانتی مچلکے منسوخ کر دیئے۔ عدالت نے عدم حاضری پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کر دی، عدالت کی بار بار طلبی کے باوجود علی امین گنڈاپور پیش نہیں ہو رہے تھے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور، فیصل جاوید، راجہ خرم اور واثق قیوم کیخلاف اسلام آباد کے تھانہ آئی نائن میں دہشتگردی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

صاحب تو یہ نہیں کہہ رہے کہ اس کا موبائل یا سم کسی نے لی ہے؟ ملزم کے اکاؤنٹ میں کتنے پیسے آئے؟ وکیل صفائی نے کہا کہ ملزم کے اکاؤنٹ میں پیسے نہیں آئے، ملزم نے صارف کی معلومات فراہم کیں، رقم خاتون کے اکاؤنٹ میں منتقل کی گئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ شکایت کنندہ کے مطابق بینک صارفین کی تفصیلات انشورنس کمپنی کو فراہم کرتا ہے۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ بینک سے انفارمیشن لیک ہونا کس دفعہ کے تحت آتا ہے؟ انفارمیشن لیک کرنا فراڈ میں تو نہیں آتا۔

بقیہ بقیہ جات 42

136 مجرمان گرفتار کئے گئے، مجرمان کے قبضہ سے 06 ارب 44 کروڑ روپے سے زائد پراپرٹیز (مال مسروقہ) برآمد کیا گیا۔ مال مسروقہ میں 1729 گاڑیاں، 17038 موٹر سائیکلیں، 2356 تولے سونا، 10594 موبائل فونز، 5697 مال مویشی برآمد کر کے مالکان کے حوالے کئے گئے جبکہ مختلف وارداتوں میں مطلوب مجرمان سے 06 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد کیش برآمد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی دارالحکومت میں 3388 گینگز کا خاتمہ کیا گیا اور 7794 ملزمان گرفتار کئے گئے۔ مجرمان کے قبضے سے 02 ارب 27 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد پراپرٹیز (مال مسروقہ) برآمد کیا گیا۔ لاہور میں 943 گاڑیاں، 5641 موٹر سائیکلیں، 5414 موبائل فون، کریمنل گینگز سے 207 تولے سونا اور 125 مال مویشی برآمد کئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خطرناک گینگز کی سرکوبی میں بہترین کارکردگی پر پولیس ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منظم جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے اور ڈکیتی، قتل، اغواء سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث پیشہ ور مجرمان کو قانون کی گرفت میں لایا جائے

بقیہ بقیہ جات 43

۔ امریکی لڑکی SARA MARIE نے اسلام قبول کیا اور دونوں جوڑے نے نکاح کر کے نئی زندگی کا سفر شروع کیا۔ نوجوان شاہد حسین شاہ کے مطابق ان کا اس لڑکی سے تین سال سے پب جی کے ذریعے دوستی رہی اور یہ دوستی ہمسفر میں بدل گئی

بقیہ بقیہ جات 44

بی سے عوام دہشتگردی اور ڈاکوؤں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں، پورا ملک نو گو ایریا بن چکا ہے، دہشتگردوں سے عوام غیر محفوظ اور ملک میں جنگل کا قانون نافذ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے اربوں روپے امن وامان کے نام پر خرچ ہونے کے باوجود حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی سوالیہ نشان ہے۔ پاک فوج کے شہید ہونے والے جوانوں کے لواحقین سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 45

چیئرمین پیپلز پارٹی نے واضح کیا ہے کہ متنازعہ منصوبے شروع کرنے کے بجائے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے۔ شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین پی پی پی نے تجویز دی ہے کہ صوبوں کے زرعی منصوبوں کو وفاقی حکومت سنے اور اس کا متفقہ حل نکالے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت دریائے سندھ سے مزید نہریں نکالنے والے اپنے منصوبے پر نظر ثانی کرے، طاقت کے ذریعے اپنی رائے مسلط کرنے سے سیاسی عدم استحکام پیدا ہوگا اور ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ سندھ میں اسمارٹ ایریگیشن کے مختلف منصوبے بنائے ہیں، وفاقی حکومت انہیں سبوتاژ نہ کرے، سندھ اور بلوچستان کے تحفظات پر غور نہ کیا گیا تو منصوبہ متنازع ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی پی کو پنجاب اور خیبرپختونخوا میں انتظامی معاملات کے حوالے سے شکایات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت سیاسی عدم استحکام سے گریز کرے، ملک اس وقت عدم استحکام کا متحمل نہیں ہے، یکطرفہ فیصلے کسی بھی صورت ملک کے مفاد میں نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم فوری طور پر سی سی آئی کا اجلاس بلائیں، وزیراعلیٰ سندھ کے مطالبہ کے باوجود سی سی آئی کا اجلاس 9 ماہ سے طلب نہیں کیا گیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ غیر مقبول فیصلے کرنے سے وفاقی حکومت اجتناب کرے، صوبوں میں اتفاق رائے پیدا کیا جائے، کوئی بھی ایسا فیصلہ قبول نہیں کیا جائے گا جو سندھ اور بلوچستان کے کسانوں اور انکی زراعت کے نقصان کا باعث ہو۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی پی پی نے زرعی معیشت کو مضبوط بنانے کی بات کی، چیئرمین بلاول بھٹو نے فلڈ ایریگیشن کے بجائے اسمارٹ ایریگیشن پر زور دیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ جو پانی موجود ہے اسے موثر طریقے سے استعمال کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 46

زائد طلبہ نے اپلائی کیا۔ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں سے تقریباً 59 ہزار درخواستیں موصول ہوئیں۔ جبکہ اپلائی کرنے والوں میں 60 فیصد تعداد طالبات کی ہے۔ اس موقع پر وزیر تعلیم نے کہا کہ انڈر گریجویٹ نوجوانوں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے تاریخ کی سب سے بڑی سکالرشپ سکیم لائے ہیں جس میں ہر یونیورسٹی سے نوجوانوں نے درخواست دی۔ انہوں نے اجلاس کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ درخواستوں کی سکروٹنی ہر صورت میرٹ کی بنیاد پر کی جائے اور کسی طالبعلم سے زیادتی نہ ہونے دی جائے۔ اس ضمن میں رانا سکندر حیات نے تمام عمل کی خود مانیٹرنگ کا عندیہ دیتے ہوئے مزید کہا کہ سکالرشپ سکیم کی لانچنگ کیلئے ہر یونیورسٹی میں تقریب کا انعقاد کیا جائے اور اس ضمن میں شیڈول مرتب کر کے پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شمالی، جنوبی، وسطی پنجاب کی بڑی یونیورسٹیوں میں لانچنگ تقاریب کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کو بھی مدعو کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ سکالرشپ سکیم کم آمدن والے گھرانوں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کا شاندار اقدام ہے جس سے ہر سال 30 ہزار انڈر گریجویٹ طلباء مستفید ہوں گے۔ واضح رہے وزیر اعلیٰ ہونہار سکالرشپ سکیم میں پنجاب و وفاق کی 65 یونیورسٹیوں، 359 کالجز اور 12 میڈیکل کالجز کے طلباء نے اپلائی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 47

جائیں گے، باقی اضلاع کے کارکنان مختلف روٹس سے اسلام آباد کی طرف مارچ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کے ساتھ مذاکرات کیلئے رابطہ ہوا ہے اور اہم بات یہ ہے کہ عمران خان نے علی امین کو مذاکرات کی اجازت دی ہے، اب دیکھنا ہے کہ حکومت کتنی سنجیدگی سے اس ایجنڈے کو آگے بڑھاتی ہے۔ اسد قیصر کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی غیر سیاسی خاتون ہیں جو حکم اور ہدایات ملتی ہے وہ صرف اور صرف بانی پی ٹی آئی سے ملتی ہے، آپ ہمیں دیوار سے لگائیں گے تو احتجاج کے علاوہ ہمارے پاس کونسا راستہ ہے۔ سابق اسپیکر نے مزید کہا کہ ہم سمجھتے ہیں ملک میں استحکام آنا چاہیے، اس وقت لا اینڈ آرڈر چیلنجز کا سامنا ہے۔ واضح رہے کہ تحریک انصاف نے 24 نومبر کو فیصلہ کن احتجاج کے طور پر دارالحکومت اسلام آباد کی جانب مارچ کی کال دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

سردار سلیم حیدر خان نے کہا پیپلز پارٹی نے پنجاب اسمبلی میں کسان پر زرعی انکم ٹیکس بل پیش کرنے کے دوران واک آؤٹ کیا، کسانوں کا کوئی پرسان حال نہیں، گندم کا 3900 روپے ریٹ کا اعلان ہوا تو گندم 2000 میں بھی لینے کے لئے تیار نہیں تھے۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ زرعی دوائیاں اور بیج انتہائی مہنگے ہیں، کسان پہلے ہی مہنگائی سے پریشان ہے، ہماری قیادت آصف علی زرداری، بلاول بھٹو زرداری کسانوں کا درد رکھتے ہیں، پیپلز پارٹی کسی صورت کسانوں کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کسانوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائے گی، حکومت کسانوں کے خلاف ایسے بل لا کر احتجاج اور دھرنوں کو دعوت دے رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

حکومت کے خاتمے کے بعد نگران وزیر اعظم کی ذمہ داری نبھائی وہ 1960 میں گھانا حکومت کے معاشی مشیر اور 1974 سے 1977 تک انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ بھی رہے معین قریشی 1981 سے 1987 تک عالمی بینک کے سینئر وائس پریزیڈنٹ آف فنانس بھی رہے وہ 23 نومبر 2016 کو 86 سال کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 50

انصاف نے 24 نومبر کے احتجاج کے لیے خصوصی اسکواڈ تیار کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس اسکواڈ میں پی ٹی آئی یوتھ ونگ کے 9 ہزار کارکنان شامل ہوں گے، صوبائی وزیر مینا خان اور معاون خصوصی سہیل آفریدی اس اسکواڈ کی قیادت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے پی ٹی آئی پشاور کے اجلاس میں اسکواڈ کو جہادی قرار دیا تھا۔ اس اسکواڈ سے متعلق ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ خصوصی اسکواڈ مرکزی قافلے کے آگے ہوگا اور اس اسکواڈ کو شیلنگ سے بچاؤ کا سامان بھی دے دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پیداواریت، معیار اور جدت ایک اہم جز ہے، پاکستان کی معیشت میں بے پناہ مواقع موجود ہیں، پائیدار ترقی اور علاقائی و عالمی سطح پر مسابقت کے حصول کیلئے کئی چیلنجز سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیمینار کا مقصد پیداواریت، معیار، اور جدت کے ذریعے پاکستان کی مسابقتی صلاحیت کو بہتر بنانا تھا، ان تینوں عناصر کو اگر صحیح انداز میں بروئے کار لایا جائے تو یہ نہ صرف کاروباری اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ قومی معیشت کو بھی ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ سیکرٹری نے کہا کہ پیداواریت کا مطلب صرف سخت محنت نہیں بلکہ اسمارٹ ورک ہے، ہمیں اپنے عمل کو بہتر بنانا، غیر ضروری ضیاع کو ختم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھانا ہوگا، معیشت کی ترقی و استحکام کیلئے مصنوعات اور خدمات کو اعلیٰ ترین معیار پر لے کر جایا جائے گا، معیار نہ صرف اعتماد کو مضبوط کرتا ہے بلکہ کاروباری اداروں کی ساکھ کو بھی مستحکم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدت تبدیلی کو قبول کرنے، نئے خیالات اپنانے اور ایسے حل تخلیق کرنے کا نام ہے جو مستقبل کی ضروریات کو پورا کرے، ہمیں اپنے اصلاحاتی ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان کی مسابقتی صلاحیت کو عالمی معیار کے مطابق بنایا جا سکے، یہ سیمینار حکومت کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ پیداواریت، معیار، اور جدت کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کو ترقی، کامیابی، اور خوشحالی کی نئی بلندیوں تک پہنچایا جائے، پاکستان کے روشن مستقبل اور مستحکم معیشت کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

65.26 ارب ڈالر تک پہنچ گئی جو گزشتہ برس کے مقابلے میں 3 فیصد زیادہ ہے۔ اس دوران چینی کمپنیوں کے بیرون ملک معاہدہ شدہ منصوبوں کی کاروباری مالیت 38.124 ارب ڈالر رہی جو 2 فیصد اضافہ ہے جبکہ نئے دستخط شدہ معاہدوں کی مالیت 3.15 فیصد بڑھ کر 65.177 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق خاص طور پر بی آر آئی کے شریک ممالک میں چینی کمپنیوں کے تحت ہونے والے معاہدہ منصوبوں کی کاروباری مالیت 82.100 ارب ڈالر رہی جو گزشتہ برس کی نسبت 8.0 فیصد زائد ہے جبکہ ان ممالک میں چینی کمپنیوں کے نئے دستخط شدہ معاہدوں کی مالیت 64.148 ارب ڈالر تک پہنچ گئی جو 7.15 فیصد اضافہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کرے تاکہ پوری قوم کو فائدہ ہو۔ یہ بات انہوں نے کراچی میں کورٹ رپورٹرز ایسوسی ایشن کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کی، سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن سے کورٹ رپورٹرز ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے کراچی میں ملاقات کی۔ وفد میں لیاقت علی رانا، امین انور، اصغر عمر، اعظم زہرانی، ساجد اعوان، شاہد حسین، ظفر سومرو اور دیگر شامل تھے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے حکومت سندھ نے متعدد اقدامات کئے ہیں، عدالتی نظام میں شفافیت اور احتساب کو برقرار رکھنے میں کورٹ رپورٹرز کا کردار اہم ہوتا ہے۔ انہوں نے وفد کو بتایا کہ پرانی بسوں کے لیے فٹنس سرٹیفکیٹ جاری کیے جا رہے ہیں لیکن کراچی میں صرف دو انسپکٹرز ذمہ دار ہیں جو تمام گاڑیوں کو کور کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ہر محکمے کا ایک مخصوص کردار ہوتا ہے اور اگر ہر محکمہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرے تو بہت سے مسائل سے نجات مل سکتی ہے، ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے میں دیگر یوٹیلیٹیز کے ساتھ K-4 واٹر پروجیکٹ کی پائپ لائن بھی شامل ہے جس کی وجہ سے کچھ تاخیر ہوئی، متعدد چیلنجز کے باوجود بی آر ٹی منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، نگران حکومت کے دوران بی آر ٹی پر کام روک دیا گیا تھا جس کی وجہ سے کام میں تاخیر اور عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 54

برازیل چین کے ساتھ تزویراتی شراکت قائم کرنے والا پہلا جبکہ جامع تزویراتی شراکت داری قائم کرنے والا پہلا لاطینی امریکی ملک بھی ہے۔ چینی صدر نے کہا کہ چین اور برازیل نے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) اور برازیل کی ترقیاتی حکمت عملی کے درمیان ہم آہنگی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ چین نئے دور میں تعلقات کو مسلسل بہتر بنانے کے لئے برازیل کے ساتھ کام کرنے کو تیار ہے جو ※※ سنہری شراکت دار ※※ بنیں، ایک دوسرے کی کامیابی میں مددگار ہوں، انسانیت کی خاطر مشترکہ مستقبل کے حامل معاشرے کے قیام اور منصفانہ دنیا و پائیدار کرہ ارض کے لئے کام کریں۔ چینی صدر نے دونوں ملکوں پر زور دیا کہ وہ خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت جیسے بنیادی مفادات سے متعلق امور پر ایک دوسرے کی بھرپور حمایت کریں، باہمی اعتماد کے تزویراتی شراکت دار بنیں اور عالمی جنوب کے ممالک کے لئے یکجہتی، تعاون، باہمی فائدے اور مشترکہ ترقی کی ایک اچھی مثال قائم کریں۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ چین موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن کے فریقین کی 30 ویں کانفرنس کی میزبانی کے لئے برازیل کی حمایت کرنے کو تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

داری کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ اس حوالے سے دونوں اداروں کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے گئے ہیں۔ مفاہمت کی یادداشت کے مطابق برازیل کو کمرشل خدمات کی فراہمی باضابطہ طور پر 2026 میں شروع ہوگی۔ یہ تعاون چینی کمپنی کے بیرون ملک کاروبار کا باضابطہ آغاز ہے۔ سپیس سیل زمین کے قریبی مدار میں مکمل فریکوئنسی بینڈز اور کثیر سطح اور کثیر مدار کے ڈیزائن کے حامل سیاروں کا جھرمٹ ہے۔ اس کے کمرشل نیٹ ورک کی تعمیر باضابطہ طور پر 6 اگست 2024 کو شروع کی گئی تھی۔ اس وقت خلا میں اس جھرمٹ کے 36 فعال سیارے موجود ہیں۔ ان سیاروں نے متعلقہ سروس ٹیسٹ مکمل کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ براڈ بینڈ مواصلاتی خدمات فراہم کرنے کے قابل ہیں۔ سپیس سیل 2025 میں اپنی عالمگیر سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کا آغاز کرے گا جو مواصلات، نئی توانائی، جدید شہروں، جدید زراعت، آفات میں ہنگامی امداد اور زبوں حالی کا شکار معیشت میں معاونت کرے گی۔ اس وقت مدار میں چین کے ایک ہزار 59 سیارے موجود ہیں جن میں سے 492 کمرشل سیارے ہیں۔ اس سال جون کے اختتام تک 546 کمرشل خلائی کمپنیاں رجسٹر ہو چکی ہیں جو چین میں موثر کام کر رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

عالمی ترقیاتی اقدامات، ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) ٹیکنالوجی کے نظم ونسق جیسے موضوعات پر 24 ذیلی فورمز شامل ہیں۔ افتتاحی تقریب کے دوران انٹرنیٹ کے منظر نامے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے افراد اور کاروباری اداروں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ایک ممتاز کنٹری بیوشن ایوارڈ پیش کیا گیا۔ ڈبلیو آئی سی کے لائحہ عمل کے تحت سربراہ اجلاس میں مصنوعی ذہانت پر ایک خصوصی کمیٹی کا قیام، تھنک ٹینک تعاون کے پروگرام کا آغاز اور ایک بین الاقوامی ڈیجیٹل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بھی قائم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 57

مواد موجود ہے۔ لیفنی نے بتایا کہ 95.155 میٹر لمبائی اور 7.23 میٹر چوڑائی کے حامل 20 ہزار ٹن وزنی آئس کلاس کثیر المقاصد جہاز یونگ شینگ کا ڈیڈ ویٹ 19 ہزار ٹن ہے۔ چین کی 41 ویں انٹارکٹک مہم کی ٹیم یکم نومبر کو روانہ ہوئی تھی جبکہ توقع ہے کہ یہ مشن تقریباً 7 ماہ جاری رہے گا۔ اس مہم میں 3 بحری جہاز استعمال ہوں گے جن میں تحقیقی آئس بریکرز شوئے لونگ اور شوئے لونگ 2، یا سنوڈریگن اور سنوڈریگن 2 کے ساتھ ساتھ مال بردار جہاز یونگ شینگ بھی شامل ہیں۔ آمدہ مہینوں میں محققین چھن لنگ اسٹیشن کے لئے معاون بنیادی سہولیات کی تعمیر کریں گے۔ وہ انٹارکٹک ماحولیاتی نظام پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا جائزہ لیں گے اور بین الاقوامی تحقیق اور لاجسٹک میں تعاون کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 58

پاسپورٹ کی ڈیلیوری 24 گھنٹوں میں یقینی بنائی جائے گی۔ ملک کے 15 نامزد بینکوں میں حج درخواستوں کی وصولی کا آغاز ہو چکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ٹیلی ویژن انٹرویو میں مزید کہا کہ جنگ کو روکے بغیر قیدیوں کا تبادلہ نہیں ہوگا، کیونکہ یہ ایک دوسرے سے جڑی ہوئی مساوات ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جارحیت رک جائے اور کسی بھی قیدی کے تبادلے کے لیے اسے پہلے جنگ کو روکنا چاہیے۔ الحیہ جنہوں نے مصری اور قطری ثالثوں کے ساتھ بات چیت میں تحریک کی مذاکراتی ٹیم کی قیادت کی اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کو جنگ بندی مذاکرات میں پیش رفت نہ ہونے کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ الحیہ نے کہا کہ اس مسئلے کو آگے بڑھانے کے لیے کچھ ممالک اور ثالثوں کے ساتھ رابطے جاری ہیں۔ ہم تیار ہیں اور ان کوششوں کو جاری رکھنے کے لیے لچک کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقت ثابت کرتی ہے کہ رکاوٹ ڈالنے والا نیتن یاہو ہے۔ یہ حقیقت قریب اور دور کے ہر شخص کو معلوم ہے۔ ایک اور تناظر میں الحیہ نے کہا کہ اسرائیلی حکام محصور غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کے داخلے کو محدود کرنے کے لیے ہر ممکن طریقے سے کام کر رہے ہیں اور روزانہ صرف 100 ٹرکوں کو پٹی میں داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

دیا۔ شی جن پھنگ نے اپنے برازیلی ہم منصب لوئیز اناسیو لولا ڈا سلوا کے ساتھ ملاقات کے دوران تنازعہ فلسطین کے دو ریاستی حل کو عملی جامہ پہنانے اور مسئلہ فلسطین کے جامع، منصفانہ اور دیرپا حل کے لیے مسلسل کوششیں کرنے پر زور دیا۔ چینی صدر نے یوکرین میں جنگ کا خاتمہ کرنے والے سیاسی حل کے لیے کام کرنے کی خاطر مزید آوازوں کو متحرک کرنے پر بھی زور دیا۔ بیجنگ اور برازیلیا نے یوکرین میں امن کے لیے مشترکہ روڈ میپ پیش کیا جس کی ماسکو نے حمایت کی لیکن کیف نے اسے مسترد کر دیا۔ صدر شی نے کہا کہ وہ یوکرین میں سیاسی حل کی راہ ہموار کرنے کے لیے امن کے لیے پرعزم مزید آوازیں دیکھنا چاہتے ہیں۔

پولیس کا کچے میں ٹارگٹڈ آپریشن 02 ماہ سے مغوی دو شہری بازیاب خطرناک ڈاکو ہلاک

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی کامیاب کارروائی پر ڈی پی او رضوان عمر گوندل اور پولیس ٹیم کو شاباش، ترجمان پنجاب پولیس

بازیاب مغویان آصف اور بلال کو 24-09-26 کو ہنی ٹریپ کے ذریعے صادق آباد سے اغوا کیا گیا تھا۔

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر رحیم یار خان پولیس کا کچے میں ٹارگٹڈ آپریشن، تقریباً 02 ماہ سے مغوی دو شہریوں کو بازیاب کروالیا گیا جبکہ سنگین وارداتوں میں مطلوب خطرناک ڈاکو کو نادر کوش کیفر کردار کو پہنچا دیا گیا، بازیاب مغویان آصف اور بلال کو 24-09-26 کو ہنی ٹریپ کے ذریعے صادق آباد سے اغوا کیا گیا تھا۔ پولیس نے سرچ آپریشن کے دوران دونوں مغویان کو حفاظتی تحویل میں لے لیا جبکہ ہلاک ڈاکو کی شناخت نادر کوش کے نام سے ہوئی، ہلاک ڈاکو کے قبضہ سے کلاشنکوف،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

پنجاب پولیس رحیم یار خان کا کچے میں کامیاب ٹارگٹڈ آپریشن 02 مغوی شہریوں کو بازیاب کروالیا

کمشنر لاہور زید بن مقصود کا بادشاہی مسجد، مزار اقبال کا خصوصی دورہ

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے نوادرات و متبرکات مقدسہ کیلئے تیار کردہ نئے ہال، شاہی مسجد کے مختلف سیکشنز اور مزار اقبال کی بحالی کے حوالے سے دورہ کیا۔

کمشنر لاہور نے والڈ سٹی اتھارٹی کو جاری بحالی کے کاموں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے سوئیکارنو بازار مغل پورہ کا دورہ کیا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے بادشاہی مسجد، مزار اقبال کا خصوصی دورہ کیا۔ انہوں نے نوادرات مقدسہ کیلئے تیار کردہ نئے ہال، شاہی مسجد کے مختلف سیکشنز اور مزار اقبال کی بحالی کی کاموں کا جائزہ لیا۔ چیئرمین پاکستان رویت ہلال کمیٹی و امام بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد نے تعمیراتی پیشرفت بارے کمشنر لاہور کو آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بادشاہی مسجد کے کئی دیگر حصوں اور مزار اقبال پر بحالی ورکنگ کو ماہرین کی مشاورت سے سرانجام دیا جارہا ہے۔ کمشنر لاہور نے نوادرات مقدسات و تبرکات کے نئے ہال کی سکیورٹی و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

کمشنر لاہور زید بن مقصود بادشاہی مسجد میں نوادرات و متبرکات مقدسہ کے لئے نئے ہال اور مزار اقبال پر جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان ہر سال سٹرس کی برآمد سے قریباً 185 ملین ڈالرز زرمبادلہ کماتا ہے، سید عاشق حسین کرمانی

مکوآنہ (این این آئی) وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ پاکستان ہر سال سٹرس کی برآمد سے قریباً 185 ملین ڈالرز زرمبادلہ کماتا ہے جس میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ حکومت پنجاب صوبہ میں سٹرس (ترشاوہ) پھلوں کی بحالی اور پیداوار میں اضافے کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کسان پیکج کے تحت سٹرس کی بحالی کیلئے 2.1 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے جس کے تحت ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سٹرس ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور ضلع لیہ میں سٹرس ریسرچ سینٹر کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔

پنجاب: اسموگ کی صورتحال میں بہتری کے باوجود لاہور ملک کا آلودہ ترین شہر

فیصل آباد 285 ایئر انڈیکس کے ساتھ دوسرے اور روجھان 264 کے ساتھ آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اسموگ کی صورتحال میں بہتری آنے کے باوجود لاہور ملک کے ا?لودہ ترین شہروں میں سرفہرست ہے۔ لاہور میں ایئر پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 366 ریکارڈ کی گئی جس کے بعد لاہور آج بھی ملک کا آلودہ ترین شہر ہے۔ اس کے علاوہ فیصل آباد 285 ایئر انڈیکس کے ساتھ دوسرے اور روجھان 264 کے ساتھ آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر رہا۔ ادھر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں بھارتی دارالحکومت نئی دہلی کا پہلا نمبر ہے۔

گداگر کے اکاؤنٹ سے 10 لاکھ روپے کا فراڈ' سابق برانچ منیجر کی درخواست ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے حیدرآباد میں گداگر کے اکاؤنٹ سے 10 لاکھ روپے کے فراڈ کے کیس میں نجی بینک کے سابق برانچ منیجر کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ حیدرآباد میں گداگر کے اکاؤنٹ سے 10 لاکھ روپے کے فراڈ کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے سابق برانچ منیجر کو 2 لاکھ روپے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ ایک گداگر کا اکاؤنٹ ہے، اس کو بھی نہیں چھوڑا، گداگر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

تھانہ آئی 9 میں درج مقدمہ میں علی امین گنڈا پور کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع

علی امین گنڈا پور، فیصل جاوید، راجہ خرم اور واثق قیوم کیخلاف دہشتگردی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے تھانہ آئی نائن میں درج مقدمہ میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کردی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف تھانہ آئی نائن میں درج مقدمہ کی سماعت ہوئی، اے ٹی سی کے جج طاہر محمود سپرا نے مقدمہ پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکلاء صفائی کی جانب سے ملزم فیصل جاوید اور واثق قیوم کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی، عدالت نے درخواست مسترد کرتے ہوئے فیصل جاوید، واثق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

سنت کے مطابق شادیوں کا انعقاد انتہائی ضروری ہے' پروفیسر اسحاق میو

شادی اخراجات میں کمی لانے کیلئے والدین کو بچوں کو اسلامی تعلیمات کے مطابق تربیت دینی چاہیے

لاہور (این این آئی) انجمن اتحاد ترقی میوات پاکستان کے چیئرمین پروفیسر اسحاق میو نے کہا کہ سنت کے مطابق شادیوں کا انعقاد انتہائی ضروری ہے، شادی اخراجات میں کمی لانے کیلئے والدین کو بچوں کو اسلامی تعلیمات کیمطابق تربیت دینی چاہیے، اسلامی تعلیمات میں شادی کا مقصد خاندان کا قیام اور معاشرتی استحکام ہے، نہ کہ اسراف اور نمود و نمائش۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راؤ سرفراز خان میو کے بیٹے کی شادی کی تقریب میں مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

پنجاب پولیس صوبہ بھر میں خطرناک مجرمان کی سرکوبی کیلئے مصروف عمل

رواں سال کے دوران جرائم کی سنگین وارداتوں میں ملوث 6065 گینگز کا خاتمہ

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر قیادت لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع سے سنگین جرائم کے خاتمے کا مشن تکمیل کی جانب گامزن ہے اور پنجاب پولیس صوبہ بھر میں خطرناک مجرمان کی سرکوبی کیلئے مصروف عمل ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال کے دوران جرائم کی سنگین وارداتوں میں ملوث 6065 گینگز کا خاتمہ کیا گیا۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں کریمنل گینگز کے 15 ہزار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر صوبہ بھر میں پنجاب پولیس خطرناک مجرمان کی سرکوبی کے لئے مصروف عمل

الیکشن کمیشن نے (ن) لیگ کے منحرف رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کو ڈی سیٹ کردیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کے منحرف رکن عادل خان بازئی کی نااہلی کیلئے ارسال کردہ ریفرنس پر فیصلہ سناتے ہوئے انہیں ڈی سیٹ کردیا، قومی اسمبلی میں این اے 262 کوئٹہ ون کی نشست کو خالی قرار دے دیا گیا ہے۔ عادل بازئی نے 8 فروری کو منعقدہ انتخابات میں آزاد حیثیت میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کی تھی، عادل بازئی نے بجٹ سیشن کے دوران پارٹی ہدایت کی خلاف ورزی کی تھی۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے عادل خان بازئی کی نااہلی کا ریفرنس اسپیکر ایاز صادق کو بھجوایا تھا

لاہور ہائیکورٹ نے نعیم پنجوتہ کے خلاف مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے پر درخواست نمٹادی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے رہنما نعیم پنجوتہ کے خلاف مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے پر درخواست نمٹادی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد وحید خان نے نعیم پنجوتہ ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی جس میں مقدمات کی تفصیلات فراہم نہ کرنے کے اقدام کو چیلنج کیا گیا تھا۔ عدالت میں اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب فرخ لودھی نے آئی جی پولیس کی طرف سے رپورٹ پیش کی۔ سرکاری وکیل کے مطابق درخواست گزار کے خلاف پنجاب میں تین مقدمات ہیں۔

امریکی لڑکی چترال کے نوجوان سے شادی کے لیے مروئی بالا پہنچ گئی

لوئر چترال کے گاؤں مروئی بالا کے نوجوان نے اریزونا امریکہ کی لڑکی سے شادی کر لی،

چترال (این این آئی) امریکی لڑکی چترال کے نوجوان سے شادی کے لیے مروئی بالا پہنچ گئی، لڑکی نے اسلام قبول کی اور دونوں جوڑے کا اسلامی طریقہ سے نکاح ہوا ،،، گاؤں میں خوشی کا سماں!! لوئر چترال کے گاؤں مروئی بالا کے نوجوان نے اریزونا امریکہ کی لڑکی سے شادی کر لی۔ لڑکی اپنی والدہ کے ساتھ مروئی بالا پہنچ گئی۔ نوجوان کے دوست اور رشتے داروں نے اس جوڑے کا پرجوش استقبال کیا اور بارات کی شکل میں گاؤں پہنچا دئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

امن کے قیام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں' جے یو آئی

پورا ملک نو گو ایریا بن چکا، دہشتگردوں سے عوام غیر محفوظ اور ملک میں جنگل کا قانون نافذ ہے، بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امن کے قیام کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے، حکومت کی بے حسی اور بے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

پیپلز پارٹی کسی صورت کسانوں کو اکیلا نہیں چھوڑے گی' گورنر پنجاب

حکومت کسانوں کے خلاف ایسے بل لاکر احتجاج اور دھرنوں کو دعوت دے رہی ہے

سلیم حیدر خان سے پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سید علی حیدر گیلانی، ممبر قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی کی ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کسانوں کے حق میں آواز اٹھائی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں پنجاب اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سید علی حیدر گیلانی اور ممبر قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

گنڈاپور سے مذاکرات کیلئے رابطہ ہوا ہے، اسد قیصر نے تصدیق کردی

اہم بات یہ ہے کہ عمران خان نے علی امین کو مذاکرات کی اجازت دی ہے: سابق اسپیکر قومی اسمبلی

حکمت عملی تبدیل، پشاور، مردان، چارسدہ اور نوشہرہ کے کارکنان صوابی سے اسلام آباد جائیں گے، صوابی میں گفتگو

صوابی (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے علی امین گنڈاپور کے ساتھ مذاکرات کے لیے رابطے کی تصدیق کردی۔ صوابی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ 24 نومبر کے احتجاج کیلئے ہم نے حکمت عملی تبدیل کی ہوئی ہے، پشاور، مردان، چارسدہ اور نوشہرہ کے کارکنان صوابی سے اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

وزیر تعلیم کی زیر صدارت ہونہار سکالرشپ سکیم کی لانچنگ بارے جائزہ اجلاس

سکالرشپ سکیم کم آمدن گھرانوں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کا شاندار اقدام ہے۔ وزیر تعلیم

درخواستوں کی سکروٹنی میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، کسی طالبعلم سے زیادتی نہیں ہوگی۔ رانا سکندر حیات

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب انڈر گریجویٹ ہونہار سکالرشپ سکیم کی لانچنگ کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے سکالرشپ سکیم میں پیش رفت اور لانچنگ کی تیاریوں پر بریفنگ لی۔ وزیر تعلیم کو بتایا گیا کہ ہونہار سکالرشپ سکیم میں مجموعی طور پر 68 ہزار سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

دریائے سندھ کنال معاملہ، بلاول بھٹو نے وفاقی حکومت کو اہم تجویز دی ہے، شازیہ مری

وفاقی حکومت دریائے سندھ سے مزید نہریں نکالنے والے اپنے منصوبے پر نظر ثانی کرے، پی پی رہنما

طاقت کے ذریعے اپنی رائے مسلط کرنے سے سیاسی عدم استحکام پیدا ہوگا اور ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان پیپلز پارٹی شازیہ مری نے کہا ہے کہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دریائے سندھ سے چھ نئی کنال نکالنے کی تجویز پر وفاقی حکومت کو اہم تجویز دی ہے۔ اپنے بیان میں پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ پانی کے معاملے پر سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کے جائز تحفظات کو سنا جائے۔ انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے زیر انتظام عطائیت کے تدارک بارے آگاہی سیمینار کے موقع پر حافظ میاں محمد نعمان ڈاکٹر ثاقب عزیز کو یونیورسٹی کی جانب سے یادگاری شیلڈ دیتے ہوئے اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز، پروفیسر سید اصغر نقی، پروفیسر محمد عمران اور پروفیسر فیصل مسعود بھی ان کے ہمراہ

سابق نگران وزیر اعظم پاکستان معین قریشی کی آٹھویں برسی 23 نومبر کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) سابق نگران وزیر اعظم پاکستان معین قریشی کی آٹھویں برسی 23 نومبر کو منائی جائے گی، وہ 18 جولائی 1993 سے 19 اکتوبر 1993 تک پاکستان کے نگران وزیر اعظم بنے تھے انہوں نے 1993 میں نواز شریف کی پہلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

پی ٹی آئی احتجاج' 23 نومبر سے انٹرنیٹ اور موبائل فون جزوی معطل کرنے کا فیصلہ

انٹرنیٹ اور موبائل سروس اسلام آباد، کے پی اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں معطل کی جاسکتی ہے' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کے پیش نظر 23 نومبر سے انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس جزوی معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انٹرنیٹ اور موبائل سروس اسلام آباد، کے پی اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں معطل کی جاسکتی ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے 22 نومبر سے موبائل انٹرنیٹ سروس پر فائر وال ایکٹو کردی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائر وال ایکٹو ہونے سے انٹرنیٹ سروس سلو جبکہ سوشل میڈیا ایپز پر ویڈیوز، آڈیو ڈاؤن لوڈ نہیں ہو سکے گی۔ صورت حال دیکھتے ہوئے کسی بھی وقت مخصوص مقامات پر انٹرنیٹ اور موبائل سروس معطل کی جاسکتی ہے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

اسلام آباد، خیبر پختونخوا، پنجاب میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل کرنے پر غور نہیں کیا جارہا، پی ٹی اے کی وضاحت

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کی جانب سے 24 نومبر کو اسلام آباد میں ممکنہ احتجاج کے معاملے پر پی ٹی اے نے وضاحت کی ہے کہ اسلام آباد، خیبر پختونخوا اور پنجاب میں فی الحال موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ معطل کرنے سے متعلق غور نہیں کیا جارہا ہے۔

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا یو این او ڈی سی پاکستان کے نمائندہ وفد کے ساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

عطائیت کے خاتمے کیلئے بطور ڈاکٹر سب کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے' پروفیسر محمود ایاز

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام عطائیت اور اس کے تدارک کے موضوع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سیمینار کے مہمان خصوصی چیئرمین پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز جبکہ مہمان خاص کوآرڈینیٹر میو ہسپتال حافظ میاں محمد نعمان تھے

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام عطائیت اور اس کے تدارک کے موضوع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی چیئرمین پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز جبکہ مہمان خاص کوآرڈینیٹر میو ہسپتال حافظ میاں محمد نعمان تھے۔ اس موقع پر پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر سید اصغر نقی، رجسٹرار پروفیسر محمد عمران، چیف آپریٹنگ آفیسر پروفیسر فیصل مسعود، پروفیسر ابرار اشرف، پروفیسر زارہ عشرت، پروفیسر انیلا اصغر بٹ، پروفیسر مہر النسا، پروفیسر علی مدہی ہاشمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی یو این او ڈی سی پاکستان کے نمائندہ وفد سے ملاقات

ملاقات میں یو این او ڈی سی کے جاری منصوبوں پر تبادلہ خیال اور صوبائی اقلیتی محکمہ کے ساتھ تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر زور دیا گیا

ملاقات کا مقصد پنجاب میں یو این او ڈی سی کی موجودہ کوششوں پر روشنی ڈالنا تھا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور علی بہادر قاضی کے ہمراہ اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (یو این او ڈی سی) کے نمائندہ سید ارسلان ملک سے ایک اہم ملاقات کی جبکہ ملاقات میں فاطمہ رضا اور یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شاہد رحمت بھی شامل تھے۔ ملاقات میں یو این او ڈی سی کے جاری منصوبوں پر تبادلہ خیال اور صوبائی اقلیتی محکمہ کے ساتھ تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر زور دیا گیا۔ ملاقات کا مقصد پنجاب میں یو این او ڈی سی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

یو ای ٹی سینڈیکیٹ کے اجلاس سے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی کا احتجاج روکنے کی تیاریاں، اسلام آباد میں 8 ہزار اضافی پولیس اہلکار طلب

اسلام آباد انتظامیہ نے پی ٹی آئی کے احتجاج کو روکنے کی تیاریاں مکمل کرلیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کی بھاری نفری کی موجودگی میں ڈی چوک کو سیل کرنے کا عمل جاری ہے اور ملک بھر سے 8 ہزار اضافی پولیس اہلکار طلب کرلیے گئے ہیں۔ پنجاب میں 10 ہزار سے زائد اہلکار اسٹینڈ بائی پر ہیں جب کہ مری میں 7 دن کے لیے دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت ہر قسم کیا جتماع، ریلیوں اور جلوسوں پر پابندی عائد ہے۔ دوسری جانب قائداعظم یونیورسٹی 22 سے 25 نومبر تک بند رہے گی۔

راستے بند کرنے یا کنٹینر لگانے سے عوام کے سمندر کو نہیں روکا جاسکتا، حلیم عادل شیخ

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 24 نومبر کپتان کی فائنل کال پر بھرپور احتجاج ہوگا، حکومت اوچھے ہتھکنڈوں سے عوام کو ڈرا نہیں سکتی، راستے بند کرنے یا کنٹینر لگانے سے عوام کے سمندر کو نہیں روکا جاسکتا، پورے پاکستان سے عوام 24 نومبر کو اسلام آباد پہنچے گی۔ا

مانسہرہ، حوالات میں ٹک ٹاک بنانے پر 2 افراد گرفتار

غفلت برتنے پر ایس ایچ او کو شوکاز بھی جاری' 3 کانسٹیبلز معطل کردیے گئے

مانسہرہ (این این آئی) مانسہرہ میں حوالات میں ٹک ٹاک بنانے پر 2 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ لساں نواب کے حوالات میں ٹک ٹاک بنانے والے 2 ملزمان پر مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ڈی پی او کے مطابق غفلت برتنے پر ایس ایچ او کو شوکاز بھی جاری کیا گیا ہے جبکہ 3 کانسٹیبلز معطل کردیے گئے ہیں۔

حجاج کرام کو 24 گھنٹے میں پاسپورٹ کی فراہمی کا فیصلہ، خصوصی ڈیسک قائم کرنے کا اعلان

ہیڈ کوارٹرز سمیت تمام ریجنل دفاتر میں خصوصی ڈیسک قائم کیے جائیں گے، بیرون ممالک بھی سہولت میسر ہوگی

لاہور (این این آئی) حجاج کرام کو 24 گھنٹے میں پاسپورٹ کی فراہمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حجاج کرام کی آسانی دینے کیلئے خصوصی ڈیسک قائم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے، ہیڈ کوارٹرز سمیت تمام ریجنل دفاتر میں خصوصی ڈیسک قائم کیے جائیں گے۔ ڈی جی پاسپورٹ مصطفی جمال قاضی کے مطابق حجاج کرام کو یہ سہولت دنیا بھر میں قائم پاسپورٹ دفاتر میں بھی میسر آئے گی، خصوصی کاؤنٹرز پر حجاج کرام کو ترجیحی بنیادوں پر ڈیل کیا جائے گا۔ حجاج کرام کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن 25 نومبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن 25 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد خواتین پر گھریلو تشدد، جسمانی تشدد اور ان کے مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس دن کے حوالے سے خواتین حقوق کیلئے سرگرم سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔

ملکی معیشت کی بحالی کے لیے اسمگلنگ کے خلاف اقدامات جاری

ملک بھر سے 35134.51 میٹرک ٹن چینی جبکہ 4389840 سگریٹ کے سٹاکس برآمد

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ملکی معیشت کی بحالی کے لیے اسمگلنگ کے خلاف اقدامات جاری ہیں۔ گزشتہ ہفتے حکومتی اداروں کا ملک بھر سے 887 سگریٹ کے سٹاکس، 364 کپڑے کے تھان اور 0.266 ملین لیٹر ایرانی تیل برآمد کیا ہے، یکم ستمبر 2023 سے اب تک ملک بھر سے 13471.5 میٹرک ٹن کھاد اور 3789.64 میٹرک ٹن آٹا برآمد کیا گیا۔

لاہور، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا دوروزہ سکریننگ کیمپ کا افتتاح کرنے کے بعد جائزہ لے رہے ہیں

چینی صدر کی برازیلین ہم منصب کے دیئے گئے استقبالیہ میں شرکت

برازیلیا (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے برازیل کے اپنے ہم منصب لوئس انا سیو ڈی سلوا کی جانب سے دیئے گئے بڑے استقبالیے میں شرکت کی۔ شی جن پھنگ ریو ڈی جنیرو میں جی 20 کے 19 ویں سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد سرکاری دورے پر برازیلیا پہنچے۔

ELECTIVE MEETING
At FATA Chamber of Commerce,
Organised by

پشاور، سابق گورنر حاجی غلام علی کے پی کے لیکروس ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

اسرائیلی فوج نے بمباری کرکے سات مزید فلسطینی قتل کردیئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی پر بمباری کا سلسلہ بدھ کیروز بھی جاری رکھتے ہوئے مزید سات فلسطینیوں کو قتل کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں کہا گیا کہ غزہ میں قائم فلسطینی وزارت صحت کے مطابق یہ بمباری جنوبی غزہ کے علاقے میں کی گئی۔ اسرائیل کی فوج نے جنوبی غزہ کے پناہ گزین کیمپ المواصی کو نشانہ بنایا۔ یہ کیمپ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس کے مغربی حصے میں واقع ہے۔

پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پیداواریت، معیار اور جدت ایک اہم جز ہے، اویس منظور سمرا

ہمیں اپنے عمل کو بہتر بنانا، غیر ضروری ضیاع کو ختم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھانا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری منصوبہ بندی اویس منظور سمرا نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پیداواریت، معیار اور جدت ایک اہم جز ہے، ہمیں اپنے عمل کو بہتر بنانا، غیر ضروری ضیاع کو ختم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھانا ہوگا۔ جمعرات کو یہاں پیداواریت، معیار اور جدت 2024 سمٹ کی تقریب سے خطاب کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

چین میں جنوری تا اکتوبر غیر ملکی سرمایہ کاری میں مستحکم اضافہ

گزشتہ برس کی نسبت 10.6 فیصد بڑھ کر 115.83 ارب امریکی ڈالرز تک پہنچ گئی

بیجنگ (شنہوا) چین کی غیر مالیاتی بیرونی براہ راست سرمایہ کاری رواں سال کے ابتدائی 10 ماہ کے دوران گزشتہ برس کی نسبت 10.6 فیصد بڑھ کر 115.83 ارب امریکی ڈالرز تک پہنچ گئی۔ وزارت تجارت نے جمعرات کو بتایا کہ چینی کمپنیوں کی غیر مالیاتی بیرونی سرمایہ کاری بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) میں شریک ممالک میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

چین اور برازیل کے صدور کا ملاقات میں تعلقات کو فروغ دینے کا فیصلہ

برازیلیا (شنہوا) چین اور برازیل نے منصفانہ دنیا اور پائیدار کرہ ارض کی خاطر مشترکہ مستقبل کے حامل معاشرے کے قیام کے لئے باہمی تعلقات کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ چینی صدر شی جن پھنگ اور ان کے برازیل کے ہم منصب لوئس انا سیو لولا ڈی سلوا کے درمیان ملاقات کے دوران کیا گیا۔ ریو ڈی جنیرو میں جی 20 کے 19 ویں سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد شی جن پھنگ برازیل کے سرکاری دورے پر برازیلیا پہنچے۔ چینی صدر شی جن پھنگ نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

کراچی، شرجیل انعام میمن سے کورٹ رپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے حکومت سندھ نے متعدد اقدامات کیے ہیں، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حیدرآباد سکھر موٹروے صرف سندھ حکومت کا معاملہ نہیں بلکہ پورے ملک کا معاملہ ہے، موٹروے ملکی معیشت کے لیے ضروری ہے کیونکہ یہ ملک بھر میں کاروبار کو سہارا دیتی ہے، وفاقی حکومت حیدرآباد سکھر موٹروے منصوبے کو ترجیح دے اور جلد از جلد کام شروع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

یمن میں جاری خانہ جنگی کی وجہ سے 2.4 ملین بچے تعلیم سے محروم

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ سے منسلک بین الاقوامی ادارہ برائے مہاجرین نے کہا ہے کہ یمن میں دس سال سے جاری تنازعے کی وجہ سے 24 لاکھ بچے سکول چھوڑ چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے عالمی یوم اطفال کے موقع پر اپنی رپورٹ میں جو کہ ہر سال 20 نومبر کو منایا جاتا ہے کے موقعے پر مزید کہا کہ یمن میں بڑھتے ہوئے تنازعے کی وجہ سے 24 لاکھ سے زائد بچے متاثر ہوئے ہیں۔

جنگ کے خاتمے تک قیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ نہیں ہوگا، حماس

اس مسئلے کو آگے بڑھانے کے لیے کچھ ممالک اور ثالثوں کے ساتھ رابطے جاری ہیں، خلیل الحیہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) حماس کے سیاسی بیورو کے رکن خلیل الحیہ نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی میں جنگ کے خاتمے تک اسرائیل کے ساتھ قیدیوں کے تبادلے کا کوئی معاہدہ نہیں ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59*

چین کے کمرشل سیٹلائٹس کا جھرمٹ برازیل کو انٹرنیٹ کی خدمات فراہم کرے گا

اس حوالے سے دونوں اداروں کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے گئے ہیں

شنگھائی (شنہوا) چین کے کمرشل سیٹلائٹس کا جھرمٹ سپیس سیل برازیل کو سیٹلائٹ مواصلاتی خدمات اور ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ تک رسائی فراہم کرے گا۔ یہ خدمات سیٹلائٹس کے جھرمٹ کی موجد شنگھائی سپیس سیل ٹیکنالوجیز کمپنی لمیٹڈ اور برازیل کی ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی ٹیلی براس کے درمیان شراکت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

چین میں عالمی انٹرنیٹ کانفرنس 2024 کے ووژین سربراہ اجلاس کا افتتاح

ھنک ٹیک تعاون کے پروگرام کا آغاز اور ایک بین الاقوامی ڈیجیٹل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بھی قائم کیا جائے گا

ہانگ ژو (شنہوا) عالمی انٹرنیٹ کانفرنس (ڈبلیو آئی سی) 2024 کے ووژین سربراہ اجلاس کا چین کے مشرقی صوبہ ژے جیانگ کے قدیمی قصبے ووژین میں آغاز ہوگیا۔ 2024 کی کانفرنس کا موضوع ''عوام پر مرکوز اور مصنوعی ذہانت کے لئے اچھے ڈیجیٹل مستقبل کو گلے لگانا۔ سائبر سپیس میں مشترکہ مستقبل کے حامل معاشرے کی تعمیر'' ہے، جس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

چین کے صدر کا غزہ میں جنگ بندی اور یوکرین کے مسئلے کے سیاسی حل پر زور

یوکرین میں سیاسی حل کی راہ ہموار کرنے کے لیے امن کے لیے پرعزم مزید آوازیں دیکھنا چاہیں گے، صدر شی

بیجنگ (این این آئی) چین کے صدر شی جن پنگ نے ایک بار پھر غزہ میں فوری جنگ بندی اور یوکرین کے مسئلے کو سیاسی بات چیت کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا ہے۔ چین کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے بتایا کہ برازیل کے دارالحکومت کے دورے کے دوران چینی صدر شی جن پنگ نے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی پر زور دیا۔ صدر شی نے غزہ میں تنازعہ کی توسیع پر تشویش کا اظہار کیا اور جلد سے جلد جنگ بندی اور جنگ کے خاتمے پر زور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

چین-تھائی لینڈ تعلقات کی گولڈن جوبلی اگلے سال منانے کا اعلان

چین-تھائی لینڈ تعلقات کی 50 ویں سالگرہ دونوں ملکوں کے درمیان تعاون میں مزید اضافے کا زبردست موقع ہے

بینکاک (شنہوا) تھائی لینڈ کے وزیر خارجہ مارس سنگیام پونگسا نے کہا ہے کہ چین-تھائی لینڈ تعلقات کی 50 ویں سالگرہ دونوں ملکوں کے درمیان تعاون میں مزید اضافے کا زبردست موقع ہے اور اگلے سال ''چین-تھائی لینڈ تعلقات کی گولڈن جوبلی'' منائی جائے گی۔ چین اور تھائی لینڈ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ کے آفیشل لوگو کے اجرا کی تقریب بینکاک میں منعقد ہوئی جس میں دونوں ملکوں کے مجاز

لاہور، سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، کمشنر، ڈپٹی کمشنر، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور و دیگر کا گروپ فوٹو

چین کی 41 ویں انٹارکٹک مہم کے لئے مال بردار بحری جہاز روانہ

گوانگ ژو (شنہوا) چین کی 41 ویں انٹارکٹک مہم کے لئے ایک مال بردار بحری جہاز یونگ شینگ مشرقی صوبے جیانگسو سے روانہ ہوگیا ہے، جہاز پر انٹارکٹیکا میں چین کے چھن لنگ اسٹیشن کے لئے سامان لدا ہوا ہے۔ جہاز کی آپریٹر کوسکو شپنگ اسپیشلائزڈ کیریئرز کمپنی لمیٹڈ کے مطابق جہاز پر انٹارکٹیکا میں چھن لنگ اسٹیشن کی معاون بنیادی سہولیات کے لئے تقریباً 16 ہزار مکعب میٹر تعمیراتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

محکمہ بہبود آبادی کے افسران کی صلاحیت کو نکھارنے اور شراکتی منصوبہ بندی بارے ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ میں ڈی جی پاپولیشن ویلفیئر کے علاوہ بہبود آبادی اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ و پاتھ فائنڈر کے نمائندوں کی شرکت

لاہور (این این آئی) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کا قدم با قدم پروجیکٹ کے تحت پاتھ فائنڈر انٹرنیشنل کے تعاون سے، پنجاب کی جامع سماجی اور طرز عمل کی تبدیلی ایس بی سی کی حکمت عملی کو فعال کرنے کے لیے صلاحیت کی مضبوطی اور شراکتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے مقامی ہوٹل میں پاتھ فائنڈر کے اشتراک سے ٹریننگ ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کررہی ہیں۔